روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

APRIL 2017

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

جلد نمبر 7

شمارہ نمبر 12

Rs.80

قرآنی وظائف نمبر

** جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج
** قرآن کی روحانی وبرقی تاثیر
** ایک سو چودہ سورتوں کے وظائف
** عاملین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف
** مفتیان وعلمائے کرام کے تجویز کردہ وظائف
** اولیاء اللہ و بزرگانِ دین کے تجویز کردہ وظائف
** حفاظت، ادائیگی قرض، ترقی کاروبار، فراخئی رزق، محبت
تسخیر، حل المشکلات، شادی و نکاح، ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے قرآنی وظائف

ایک اہم اور ضروری اعلان

روحانی درسگاہ کے سابق ناظم مولانا حافظ محمد عرفان (لاہور) کو ان کی گستاخی، دھوکہ دہی، ادارے کے علمی مواد کی چوری، ادارے میں مالی غبن و مالی بے ضابطگی، اصولوں کی خلاف ورزی، ادارے میں ناظم کے عہدے پر رہتے ہوئے انتظامیہ کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اپنا کاروبار کرنے یعنی اپنے نام کے جھوٹے اجازت نامے اور کاپیاں جاری کرنے اور آگے سکھانے کی اجازت نہ ہونے کے باوجود آگے سکھانے اور ان کی فیس اپنے پاس رکھنے (جس کی شرعاً کوئی گنجائش نہیں)، ادارے کے ساتھیوں کو آپس میں بدگمان کرنے، ادارے کے شاگردوں کو روحانی نقصان پہنچانے اور دیگر بعض سنگین اور ناقابلِ معافی غلطیوں کی وجہ سے میں اپنی شاگردی سے خارج کر رہا ہوں۔ ان کو اب میرا شاگرد ہرگز نہ سمجھا جائے۔ میں نے جتنے بھی عمل ان کو سکھائے، وہ سب میرے طرف سے ختم ہیں۔ میں نے ان کو عام عملیات کے علاوہ 2 خاص عمل کروائے تھے (سورۂ مزمل باموکل اور سورۂ جن)۔ یہ دو خاص عمل بھی میں ختم کر رہا ہوں۔ اب میرے سکھائے گئے کسی بھی عمل کا فیض ان کے ساتھ نہیں ہے۔ جو غیبی طاقتیں اور قوتیں جو ان کو بطور ناظم روحانی درسگاہ دی تھیں، وہ ساری واپس لے لی گئی ہیں۔ ہمارے سلسلے کے بزرگ جنات نے جتنے عمل محمد عرفان کو کرائے، وہ سب بھی واپس لے لیے گئے ہیں۔ نیز کبھی بھی میں نے اگر ان کو کسی عمل کو آگے سکھانے کی تحریری اجازت دی تھی تو وہ بھی میں ختم کر رہا ہوں۔

میں یہ فیصلہ بہت مجبوری میں کر رہا ہوں۔ میرا مزاج ایسا نہیں لیکن ثبوت اور گواہوں کے بعد میرے پاس کسی قسم کی گنجائش نہیں رہی۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ ایک عالم، ختم نبوت کا کام کرنے والا اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن دامت برکاتہم العالیہ جیسے بزرگ کا مرید ہو کر ایسی حرکتیں کرے گا۔ میں خود بھی ان تمام لوگوں سے شرمندہ ہوں، جن کو محمد عرفان کی وجہ سے نقصان ہوا اور وہ میرے کہنے پر ہی ان کے پاس گئے تھے۔ ساتھ ہی محمد عرفان کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ جل جلالہ اُس کو ہدایت عطا فرمائیں اور کم از کم اس بات کی لاج رکھنے کی توفیق دیں کہ وہ ایک ''**عالم**'' ہے۔

خالد مقبول حفظہ اللہ
۳ ربیع الثانی ۱۴۳۸ھ

روحانی درسگاہ سے رابطہ کرنے والوں سے گذارش

روحانی درسگاہ سے تمام فیض پانے والوں اور عملیات سیکھنے والوں سے گذارش ہے کہ انہوں نے جن جن اعمال کی اجازت درسگاہ سے حاصل کی ہے، اگر ان پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے دستخط نہیں، اگر کسی عمل کی کاپی حافظ محمد عرفان یا درسگاہ سے لی ہے اور اس کاپی پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا نام اور ادارے کا نام نہیں تو وہ لوگ ان اعمال یا کاپیوں کو ادارے کو ارسال فرمائیں اور اصل عمل/کاپی معہ دستخط حاصل کریں۔ سابق ناظم درسگاہ نے اپنے عہدے پر رہتے ہوئے لوگوں سے فیس وصول کر کے اپنے نام کی کاپیاں جاری کیں۔ جو پہلے سے شاگرد تھے، ان سے اصل کاپیاں لے کر اپنی کاپیاں دیں۔ ایسے لوگ خصوصاً فوری طور پر ادارے سے رابطہ فرمائیں تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔

نوٹ: مولانا عرفان کے متعلق مزید تفصیلات مارچ 2017 کے شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔ (انتظامیہ دارالعمل چشتیہ، لاہور) 0343-7772772

اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی طبی نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 رجب المرجب ۱۴۳۸ھ ..... اپریل 2017ء شمارہ 12

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبرشپ عام ڈاک	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک
80 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یوبی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437772772 ..... یو بی ایل اومنی 03437772772
JazzCash 03028401977 ..... یو پیسہ 33343082867

4. **بینک ڈپازٹ:** میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کرکے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اپریل ۲۰۱۷ سنہ

رجب ۱۴۳۸ سنہ ھ

حمد باری تعالیٰ

تو رحیم ہے، تو کریم ہے، تو جمیل ہے، تو جمال ہے
میں مرا مرا، میں ذرا ذرا، مری زیست مجھ کو وبال ہے

تو دوام ہے، تو مدام ہے، تو سکون ہے، تو خرام ہے
تیری حد نہ کوئی حساب ہے، نہ تو نقص ہے نہ زوال ہے

یہ جو ابر ہے یہ کرم ترا، یہ زمین تیری کنیز ہے
یہ جو حُسن ہے ترا عکس ہے، یہ جمال تیرا کمال ہے

مری فکر نوکِ سناں مجھے، ہے عذاب میری یہ جاں مجھے
مجھے اپنے عفو میں ڈھانپ لے، مری ذات مجھ کو وبال ہے

مجھے اعتبارِ حیات دے، مجھے خوف سے تو نجات دے
ہوئے حوصلے مرے پست ہیں، میرا انگ انگ نڈھال ہے

نہ حرام کی ہے تمیز کچھ، نہ حلال کا ہے شعور کچھ
تجھے دل میں اپنا دکھاؤں کیا؟ تیرے سامنے میرا حال ہے

مجھے اور کون بچا سکے، مجھے آسرا ہے فقط ترا
ہیں گناہ نام ونسب مرا، یہ جو آگ ہے میری آل ہے

تو اَحد بھی ہے، تو صمد بھی ہے، تو ازل بھی ہے، تو ابد بھی ہے
نہ تو کوئی ترا شریک ہے، نہ جہاں میں تیری مثال ہے

مجھے گرمیوں کا ہو خوف کیا؟ مجھے برفباری کا ڈر نہیں
کہ مرے بدن پہ تنی ہوئی، تری رحمتوں کی وہ شال ہے

مجھے ساری دنیا ہی چھوڑ دے، مجھے اس کا کوئی بھی غم نہیں
ترے ساتھ میرے اے مہرباں، مرا رابطہ جو بحال ہے

مری جان پر ہے بنی ہوئی، مجھے غم سے مولا نجات دے
تری کبریائی کی خیر ہو، مری زندگی کا سوال ہے

(انتخاب: مستید رضا نقوی)

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں

جہاں روضۂ پاکِ خیر الورٰی ہے
وہ جنت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں
یہ قسمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

محمدؐ کی عظمت کو کیا پوچھتے ہو
کہ وہ صاحب کعبہ قوسین ٹھہرے
بشر کی سرِ عرش مہماں نوازی
یہ عظمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

جو عاصی کو کملی میں اپنی چھپالے
جو دشمن کو بھی زخم کھا کر دعا دے
اسے اور کیا نام دے گا زمانہ
وہ رحمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

قیامت کا اک دن معین ہے لیکن
ہمارے لیے ہر نفس ہے قیامت
مدینے سے ہم جانثاروں کی دوری
قیامت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

تم اقبالؔ یہ نعت کہہ تو رہے ہو
مگر یہ بھی سوچا کہ کیا کر رہے ہو
کہاں تم کہاں مدحِ ممدوحِ یزداں
یہ جراءت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

(انتخاب: منور)

تیرہویں خاص نمبر کی اشاعت

مولانا علی آفاق (مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات)

قارئین کرام! آج الحمد للہ خزینۂ روحانیات کا تیرھواں خاص نمبر ''قرآنی وظائف نمبر'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس کا شائع ہونا اور پچھلے سات سال سے مسلسل لاکھوں لوگوں تک فیض رسانی کا اہم کام، اللہ کے خاص فضل و احسان سے ممکن ہو سکا ہے۔ ورنہ میگزین تو ہزاروں ہیں مگر جو قبولیت عنداللہ اور عندالناس اس رسالہ کو ملی ہے، اس پر صرف شکر کے کلمات ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ آج کے فساد بھرے دور میں جادو، جنات، نظر بد، معاشی دکھ، پریشانیوں، بوڑھے والدین کے ہاتھوں اولاد کی پریشانی اور جوان اولاد کے ہاتھوں بوڑھے والدین کی، لاچار معذور ماں باپ جس طرح در بدر ہو رہے ہیں اور ان کی کہانیاں، آپ بیتیاں روز سننے کو ملتی ہیں اور جس طرح الحمد للہ ادارے سے وابستہ ہر فرد اور کارکن لوگوں کے دکھوں اور غموں میں صرف زبانی خرچ میں شریک ہونے کی بجائے خدا کی طرف سے عطاء کردہ غم میں ڈوب کر امداد کرنے کا جذبہ لے کر غموں کو غلط کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس کی برکت سے آج الحمد للہ ہمارا اور آپ کا یہ پیارا میگزین ترقی کی منازل ماشاء اللہ طے کر رہا ہے۔ ادارے کے اس جذبے سے سرشاری میں بزرگوں کی دعائیں اور خصوصاً سیدی مرشدی حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی تربیت کو خاص دخل ہے۔ حضرت کی خاص کرامت یہ ہے کہ جو ادارے کے اصول و ضوابط کی پاسداری نہ کر سکے یا نہ کرنا چاہے وہ خود ہی بددل ہو کر یا پھر کسی وجہ سے ادارے کو خیر باد کہہ دیتا ہے۔ بہر حال آمدم برسر مطلب کہ ہمارا تیرھواں خاص نمبر ''قرآنی وظائف'' ہے۔ ہمارا شروع سے اصول رہا ہے کہ تشخیص، تجویز اور پھر مریض دھیان سے علاج کرے تو ان شاء اللہ شفاء اور کامیابی قدم چومتی ہے۔ مگر ہمارے علاج کے ساتھ ساتھ اس بات کی بہت ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ کوئی بھی میگزین یا ادارہ قرآنی وظائف اور علاج بالقرآن کو مستند طریقے سے پیش کرے۔ اِدھر اُدھر کے وظائف اور غیر مستند وظائف تو آپ کو ہر جگہ مل جائیں گے۔ مگر مستند افراد کے بتائے ہوئے مجرب قرآنی وظائف کیلئے ایک بہترین اور عمدہ ذخیرہ آج آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت اس مرتبہ پھر خزینۂ روحانیات کو حاصل ہو رہی ہے۔ قرآن پاک پڑھنا، عمل کرنا، سیکھنا، سکھانا، پینا، پلانا الغرض ہر طریقہ سے شفاء کا موجب ہے۔ ان قرآنی وظائف کو پڑھنا اور اتنے دن پڑھنا، اتنی تعداد میں پڑھنا، عموماً کتب ان دو چیزوں سے خالی ہوتی ہیں۔ ہم نے پہلی مرتبہ ہر وظیفہ کے ساتھ تعداد اور خصوصی ایام کی قید لگا کر قارئین کرام کیلئے آسانی مہیا کر دی ہے۔ اس خاص تعداد اور ایام کو ذکر کرنے میں سالہا سال کا تجربہ شامل ہے۔ لہٰذا اب تمام سائلین اور قارئین اپنی ضرورت، حاجت، مشکل، پریشانی کے خاتمے اور سکھ عافیت، برکت، شفاء...... الغرض دنیا میں پائے جانے والے تمام مسائل کا حل قرآنی وظائف سے براہِ راست حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ عاملین اور ادارے سے وابستہ تمام شاگرد حضرات وظائف بتانے میں اس خاص نمبر ''قرآنی وظائف نمبر'' کی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

قرآنی وظائف نمبر کے لیے ہمیں کافی مضامین موصول ہوئے۔ ان تمام مضامین بھیجنے والوں کے ہم خاص طور پر مشکور ہیں۔ ایک معاملہ جو کہ شاید ہم صحیح طرح سمجھا نہیں پائے کہ قرآنی وظائف نمبر میں صرف قرآنی آیت یا سورت کا عمل دیا جائے گا۔ نیز وظیفہ سے مراد ہمیشہ پڑھ کر دعا کرنے والا عمل ہوتا ہے۔ جب کہ مضامین میں کثرت سے غیر قرآنی اور قرآنی علاج پر مشتمل مواد تھا، جس کو مجبوری کی وجہ سے ہم اس نمبر میں شائع نہ کر سکے کیونکہ وہ ''وظائف'' کی قسم میں نہیں آتے ہیں۔ ان سب لکھاریوں سے ہم معذرت خواہ ہیں۔ البتہ ان کے مضامین مئی 2017 اور آئندہ کے شماروں میں لگا دیے جائیں گے۔

آخر میں ہم تمام مصنفین، لکھاری بزرگوں، قارئین کرام کی مشاورت اور تعاون پر شکر گزار ہیں، خصوصاً اپنے تمام محبین اور خیر خواہوں کے لئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ اور دعاؤں کو ثمر آور فرمائیں اور دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائیں۔ آمین

وظیفہ کیا ہوتا ہے؟

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

وظیفہ کیا ہوتا ہے؟

وظیفے سے مراد صرف پڑھنے والا عمل ہوتا ہے۔ جس عمل کو پڑھ کر دعا مانگی جائے، وہی "وظیفہ" کہلاتا ہے۔ وظیفہ کوئی بھی کلام ہوسکتا ہے۔ قرآن، حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، قصیدے، دعائیں اور مختلف زبانوں کے منتر وغیرہ۔ بہت سے لوگ اس میں غلطی کرتے ہیں کہ عمل پڑھ کر دم کرنے کو بھی وظیفہ کہتے ہیں۔ چلہ کشی یا کسی عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کو بھی وظیفہ کہتے ہیں۔

قرآنی وظیفے سے کیا مراد ہے؟

قرآنی وظیفے سے مراد پڑھنے کے لیے وہ کلام جو قرآنی آیات یا سورت پر مشتمل ہو۔ اگر کوئی ایسا پڑھنے کا عمل ہے، جس میں قرآنی کلام کے ساتھ ساتھ غیر قرآن بھی شامل ہے تو وہ قرآنی وظیفہ نہیں کہلائے گا۔ غیر قرآن میں کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، قصیدے، دعائیں اور مختلف زبانوں کے منتر وغیرہ...... یہ سب غیر قرآن کہلاتا ہے۔ قرآنی وظائف میں بعض لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ قرآنی کلام کے ساتھ اسماء الحسنیٰ یا کوئی دعا شامل کر دی مگر اس کو قرآنی وظیفہ ہی کہتے ہیں۔ اگر قرآنی کلام کے ساتھ نورانی اعمال جیسے کہ حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، دعائیں وغیرہ پڑھی جائیں تو اس کو نورانی وظیفہ تو کہا جاسکتا ہے، قرآنی نہیں۔

"قرآنی وظائف" نمبر کے لیے ہمیں بہت سی تحریریں موصول ہوئیں۔ تقریباً ہر تحریر میں یہ معاملہ دیکھا گیا کہ اس میں قرآنی وظائف کے ساتھ ساتھ نورانی وظائف شامل تھے۔ اس وجہ سے مکمل تحریریں ہم نہیں شائع کر سکے۔ صرف ان تحاریر میں سے قرآنی وظائف کو خاص نمبر میں شائع کیا گیا ہے۔ باقی اعمال آئندہ شماروں میں شائع کیے جائیں گے۔

وظیفہ اور ذکر میں فرق

وظیفے میں ایک اور اہم اور ضروری بات ہے کہ اس میں پڑھنے والے کی کوئی دنیاوی غرض ہوتی ہے۔ اگر صرف رضائے الٰہی، اپنی آخرت، ایصالِ ثواب یا پیر و مرشد کے بتائے ہوئے اذکار کوئی پڑھے تو اس کو وظیفہ نہیں، "ذکر" کہیں گے۔ ذکر اور وظیفہ...... دونوں میں صرف نیت کا فرق ہے۔ دونوں کو پڑھا جاتا ہے۔ دونوں کو دم نہیں کیا جاتا۔ دونوں کو پڑھ کر دعا کی جاتی ہے۔

وظیفہ اور ذکر...... کس کو بتایا جائے؟

ذکر و اذکار ایک انسان کا ذاتی معاملہ ہے۔ اگر کوئی انسان کسی سلسلے میں بیعت ہے تو اپنے پیر و مرشد کے بتائے ہوئے اذکار کرے۔ اگر کوئی انسان بیعت نہیں ہے تو وہ کسی بھی بزرگ یا مفتی/ عالم سے پوچھ کر کچھ نہ کچھ اپنے لیے ذکر تجویز کروالے۔ جہاں تک مسنون اذکار کا تعلق ہے، وہ ہر انسان اپنی مرضی سے کرسکتا ہے۔ سالک تب بھی اپنے شیخ کو بتائے ضرور کیونکہ بتانے میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔

وظیفہ چونکہ کسی دنیاوی غرض کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس لیے اگر آپ کسی روحانی معالج کے پاس کسی مسئلے کے لیے جائیں تو اس کو یہ ضرور بتائیں کہ فلاں مسئلے کے لیے آپ نے کون کون سے وظائف پڑھے ہیں اور معمول میں کون کون سے وظائف ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وظیفے کی مثال دوائی کی ہے۔ آپ جب کسی طبیب یا ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں تو اس کو بتاتے ہیں کہ فلاں دوائی استعمال کر رہا ہوں۔ اس کا فائدہ مریض ہی کی ذات کو ہوتا ہے۔ اگر مریض نے جو جو ادویات لی ہیں، وہ ڈاکٹر کو بتا دی جائیں تو ڈاکٹر کو مریض کے کیس میں آسانی ہوتی ہے، اسی طرح روحانی معالج کو بھی آسانی ہوتی ہے۔ جہاں تک ذکر کا تعلق ہے، وہ روحانی معالج کو بتانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس میں عموماً اکثریت غلطی کرتی ہے۔ امید ہے کہ اس مضمون کے پڑھنے کے بعد آئندہ قارئین غلطی کے مرتکب نہیں ہوں گے۔

استاذ العالمین ولی کامل حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ

کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

فراخیٔ رزق

ہر نماز کے بعد سورۂ واقعہ پانچ (۵) مرتبہ پڑھا کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درودِ ابراہیمی۔

ہر مقصد کے لیے خاص قرآنی وظیفہ

قرآن مجید کی کل سات منزلیں ہیں۔ ہر روز ایک منزل پڑھنا، تنہائی میں، اس دوران کسی سے گفتگو نہ کرے، پوری منزل کرے، پھر دعا کرے۔ ان شاء اللہ، جس مقصد کے لیے پڑھیں گے، کامیابی ہوگی۔ مگر اپنے مقصد کا دل میں تصور رکھیں۔ مثلاً شادی، محبت، مقدمہ، حاجت، مشکل، اولاد کے لیے، ہر بیماری کے لیے۔ مجرب ہے۔

ہر مقصد کے لیے

عشاء کی نماز پڑھ کر، بغیر کسی سے کلام کیے، باوضو قرآن مجید سامنے رکھ کر شروع سے اخیر تک ہر سطر پر اپنی انگلی رکھتا جائے اور ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھتا رہے۔ حتیٰ کہ پورا ختم کردے۔ بعدہٗ دعا مانگے۔ یہ عمل صرف جمعرات کو کرنا ہے اور جس مقصد کے لیے کرنا ہو تو صرف تین مہینہ کرے۔ ہر مہینہ میں ایک بار، پھر دوسرے مہینے میں ایک بار، پھر تیسرے مہینے میں ایک بار۔ ان شاء اللہ، ضرور مقصد پورا ہوگا۔ مجرب ہے۔

ہر مطلب کے لئے

شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو حاجت ہو تو بعد نمازِ مغرب، فرض و سنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر، جہاں اس نے نماز پڑھی ہے، سورۃ فاتحہ چالیس (۴۰) بار بمع وصل میم کے پڑھے اور اس طرح دعا کرے کہ ''اے اللہ! تیرا علم کافی ہے، اس امر سے کہ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے میرا سوال پورا فرما۔ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما''۔ حق تعالیٰ ضرور حاجت پوری فرمادیں گے۔ اس عمل کا بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔ ہر بار نافع پایا ہے۔

محبت

سورۂ یوسف ہر روز پندرہ (۱۵) مرتبہ پورے رمضان شریف میں اعتکاف میں بیٹھ کر پڑھتا رہے۔

محبت

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ (بنی اسرآئیل:۱۰۵)

چالیس (۴۰) ایام میں سوا لاکھ مرتبہ پورا کرے۔

حب

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۞ (طٰہٰ:۳۹)

کو ہر روز مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ، اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کریں۔ چالیس (۴۰) یوم تک کرتا رہے۔ ان شاء اللہ محبت ہوگی۔ ناجائز جگہ پر نہ کرے ورنہ نقصان ہوگا۔

برائے ہلاکت دشمن

بعد از نمازِ عشاء، پاک جگہ پر، سات (۷) یوم تک مندرجہ ذیل آیت بارہ سو (۱۲۰۰) بار بلاناغہ، دشمن کا تصور کر کے پڑھیں۔ ان شاء اللہ سات (۷) یوم تک دشمن ہلاک ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (الانفال:۱۷)

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

ترقی وافزائش رزق

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ یہ آیت پڑھے گا:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق: ۲-۳)

اور آسمان کی طرف پڑھ کر پھونک دے تو حق تعالیٰ اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا۔ اوّل درازی عمر، دوم مال و دولت کی کثرت اور سوم جنت میں بے حساب داخل ہوگا"۔

*.......... *.......... *.......... *.......... *

امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

واپسی غائب...... بیمار صحت یاب

اگر کوئی شخص غائب ہو اور آپ کی خواہش ہو کہ صحیح سلامت واپس آ جائے یا بیمار صحت یاب ہو جائے تو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھنا چاہیے۔

*.......... *.......... *.......... *.......... *

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاءؒ

دشمن بال نہ بیکا کر سکیں گے

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے سورۂ مزمل کی تفسیر میں لکھا ہے کہ جو شخص اس سورت کا ورد رکھتا ہو، اسے خواہ لاکھ دشمن، حاسد، جادوگر، ظالم اور بدخواہ تکلیف پہنچانا چاہیں، اس کا بال بیکا نہیں کر سکتے۔ سب مغلوب ہو جائیں گے۔

*.......... *.......... *.......... *.......... *

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

خاص مہم پیش ہو

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسٓ شریف پڑھیں اور ہر مُبِین پر پہنچ کر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

*.......... *.......... *.......... *.......... *

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی قدس سرہٗ

تنگ دستی سے چھٹکارے کا علاج، رزق میں اضافہ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی کا باب تنگ ہو گیا اور وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے میسر آوے تو لازمی ہے کہ صبح و شام تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ لکھا ہے کہ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ سات پشت خلق کی محتاج نہ ہوگی اور اللہ کی مدد شاملِ حال رہے گی۔ خلوص دل کے ساتھ پڑھیں۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۳۶

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾

(جاثیہ: ۳۶-۳۷)

....................*..........*

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ

برائے ادائے قرض

اَلَمْ نَشْرَح پوری سورت اکہتر (۷۱) مرتبہ بوقتِ مقررہ پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

....................*..........*

حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی قدس سرہٗ

مقدمہ وغیرہ کی پریشانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران: ۱۷۳)

بعد نمازِ عشاء پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔

....................*..........*

مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز

ہر قسم کی حاجات اور کشائش رزق

جو لوگ پریشانی میں مبتلا ہوتے تھے، ان کو اکثر آپ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران: ۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ نمازِ عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھنے کے لیے تعلیم فرماتے تھے۔ اور اگر اس وقت نہ ہو سکے تو جس وقت بھی ممکن ہو سکے اور ایک دفعہ نہ ہو سکے تو متفرق اوقات میں اس کو پورا کر کے دعا مانگ لیا کریں اور اگر پانچ سو مرتبہ نہ ہو سکے تو سو (۱۰۰) مرتبہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ اور اگر سائل بہت ہی زیادہ پریشانی میں مبتلا ہوتا تو تعداد اٹھا دیتے اور یوں فرمایا کرتے تھے کہ ''چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو اس کو جتنا ہو سکے، پڑھتے رہو''۔ سینکڑوں لوگوں نے اس پر عمل کیا اور کامیاب ہوئے۔

....................*..........*

حکیم الامت مجددِ ملت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

اگر کوئی شخص میت کو بری حالت میں دیکھے

اگر ایک شخص مرد ہو یا عورت، کسی میت یا مرے ہوئے آدمی کو خواب میں دیکھے کہ وہ خراب حالت میں ہے، خراب کپڑے، پریشان، تکلیف میں مبتلا ہے یا اپنے کسی دکھ تکلیف کا اظہار کر رہا ہے تو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا کہ اس کے وارثوں کو مت خبر کرو کیونکہ ان کو رنج ہوگا۔ بلکہ تم خود یٰسین شریف (پوری سورت) اور سورۂ ملک (پوری سورت) پڑھ کر اس کو ثواب پہنچا دو اور ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس مردے پر رحم فرمائے گا اور عذاب ختم کر دے گا۔

ثواب پہنچانے کے لیے اس طرح کہے:

''اے اللہ تعالیٰ! میں نے جو قرآن کی سورتیں پڑھی ہیں، ان کو قبول فرما اور حضورِ اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے ان کا ثواب فلاں بن فلانۃ (یہاں مردے کا اور اس کی والدہ کا نام لے) کو پہنچا دے اور اس کی مغفرت اور بخشش کا ذریعہ بنا دے۔ آمین''

گم شدہ چیز کی تلاش کے لیے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ (البقرۃ: ۱۵۶)

اگر یہ آیت پڑھ کر گم ہوئی چیز تلاش کی جائے تو ان شاء اللہ ضرور مل جائے گی ورنہ غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔

چور اور بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ

رُسُلِهٖ ۗ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۗ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ (البقرۃ:۲۸۵-۲۸۶)

کوشخص یہ آیتیں شب کو پڑھ کر سورہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ چوراور ہر شے سے محفوظ رہے گا۔

علم میں ترقی

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ (طٰہٰ:۲۵-۲۸)

ترقی علم اور کشادگی ذہن کے لیے ہر روز نمازِ صبح کے بعد اکیس (۲۱) بار پڑھا کرے۔ مجرب ہے۔

........................*............*

حضرت مولانا حافظ شاہ عبد القادر صاحب رائے پوری نور اللہ مرقدہٗ

دشمن سے حفاظت کے لیے عمل

بعد نمازِ عشاء اول وآخر درود شریف ایک تسبیح، پانچ تسبیح ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (آل عمران:۱۷۳)''، پھر سجدے میں سر رکھ کر ''رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ (القمر:۱۰)'' ایک تسبیح پڑھ کر عاجزی سے دعا کرے۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت رہے گی اور عزت وآبرو حاصل ہوگی۔ عمل کا اخفاء زیادہ نفع مند ہوگا۔

برائے خلاصی از قرض

پوری سورۂ نصر چالیس (۴۰) مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنا بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

دشمن یا بادشاہ کا خوف

یعنی جب کسی بادشاہ حاکم وغیرہ سے تکلیف پہنچی یا کسی ظلم کا اندیشہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ سے بطریق حضرت شیخ عبد القادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے، بعد نمازِ تہجد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ (الانبیاء:۸۷)'' پڑھے اور اول وآخر اس آیت پڑھنے کے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ طہارتِ مکان و جسم، حفظِ مکان وزمان شرط ہے۔

........................*............*

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی ؒ

دشمنوں سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ دشمنوں سے پڑ جائے یا کسی سے بلاوجہ دشمنی پیدا ہو جائے یا کوئی حسد کی وجہ سے دشمن بن جائے یا احسانات کو بھلا کر دشمنی کرنے لگے تو اس کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ بلاناغہ اول وآخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح دشمن کی شرارت، اس کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔

........................*............*

عملیات قطب عالم سید محمد حقی نازلی ؒ

حصولِ مقصد، مصیبت سے نجات، منصب پر واپسی

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

(الانبیآء:۸۷)

اگر کوئی شخص اپنا مطلب ومقصد حاصل کرنے سے عاجز ہو یا کسی

مصیبت میں مبتلا ہو اور اس سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو تو اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔

تمام نیک مقاصد پورے ہوں

جو شخص سات سو اٹھاسی (۷۸۸) مرتبہ تسمیہ مداومت کے ساتھ نیت خالص سے پڑھتا رہے گا، اس کے تمام نیک مقاصد بحکمِ الٰہی بر آئیں گے۔

................*........*

مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دیگر برائے کشائش رزق

سورۃ ''اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ'' پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف، پھر نمازِ ظہر کے بعد بائیس (۲۲) مرتبہ یہ سورت اور بائیس (۲۲) ہی مرتبہ درود شریف، پھر عصر کے بعد تئیس (۲۳) مرتبہ یہ سورت اور تئیس (۲۳) ہی مرتبہ درود شریف، پھر مغرب کے بعد چوبیس (۲۴) مرتبہ اور عشاء کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ یہی معمول پورا کریں۔

وسعتِ رزق کے لیے

صبح کی نماز کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ یہ آیت پڑھے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ:۱۹)

برائے تحصیل علم و امتحان طلبہ

بعد نمازِ صبح سو (۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ پابندی سے پڑھا کریں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ (الانبیاء:۸۷)

برائے دفعِ آسیب از مکان

تین روز تک سورۂ بقرہ پوری ختم کی جائے۔ ان شاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

................*........*

حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ

علم میں برکت اور زیادتی کے لیے

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے علم میں برکت، اس کے علم کا فیض دور دور تک پھیلے اور اس کے علم سے لوگ نفع اٹھائیں اور اس کے علم سے استفادہ کرنے کے لیے لوگ اس کی طرف جوق در جوق آئیں اور اس کا انتہائی احترام کریں اور اس کے علم میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے۔ اس میں نقص پیدا نہ ہو کہ دماغ کمزور ہو گیا، حافظہ بیکار ہو گیا یا علمی کاموں سے دور ہو گیا۔ ان تمام برائیوں سے محفوظ رہنے کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے:

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ (البقرۃ:۳۲)

اس کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے

رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ:۱۱۴)

................*........*

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

رزق کی کشادگی......نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ (لقمٰن:۲۶)

رزق کی کشادگی اور کاروبار کی ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے اس آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

امتحان میں آسان پرچوں کے لیے

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ

وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ (الانفال:۶۲)

امتحان میں آسان پرچوں کے لیے، فتح اور کامیابی کے لیے جانے سے پہلے سات (۷) مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔

................*........*

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ

لاعلاج مرض کے لیے

رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾ (الانبیاء:۸۳)

اگر آپ ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جو نہ سمجھ میں آنے والی ہے اور لاعلاج ہے تو مریض بذاتِ خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

جب ظالم کا ظلم انتہاء کو پہنچ جائے

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ (القمر:۱۰)

کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہاء تک پہنچ چکا ہو تو مذکورہ آیت روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔

................*........*

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ

برائے حصولِ جمیع مقاصد و حل مشکلات دینی و دنیاوی

ذکرِ طریق کیفیت ختم حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ۔ برائے حصولِ جمیع مقاصد وحل مشکلات دینی و دنیاوی مجرب ہے۔ اول و آخر درود شریف سو مرتبہ درمیان میں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (ال عمران:۱۷۳)

صرف پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہئے۔ حتیٰ کہ مقصد حاصل ہو جائے اور مشکلات حل ہو جائیں۔ اس ختم کا ثواب بروح پرفتوح حضرت ممدوح رحمہ اللہ کو بخش کر اپنی حاجات کے لئے بواسطہ جناب ایشاں بارگاہ الٰہی جل شانہ سے استدعا کرے۔ ان شاء اللہ مطالب سرانجام پائیں گے۔

بعض بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کے ختم شریف

۱۔ ختم حضرت خواجہ محمد سعید قریشی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ﴿٣﴾ (الطلاق:۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۲۔ ختم حضرت خواجہ محمد فضل علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ (الحدید:۲۱)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۳۔ ختم حضرت خواجہ دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ (الانبیاء:۸۹)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۴۔ ختم حضرت خواجہ محمد معصوم فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ (الانبیاء:۸۷)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۗ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ (الانبیاء:۸۸) پڑھے۔

۵۔ ختم حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (ال عمران:۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾ (الانفال:۴۰) پڑھے۔

نوٹ یہ تمام ختم ہر قسم کی حاجات کو پورا ہونے اور مشکلات اور مصائب کو ختم کرنے کے لیے اکسیر ہیں۔ (خ)

................*........*

الشیخ مولانا سید عبدالوہاب شاہ بخاریؒ

سورۃ الواقعہ اور رزق

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسولِ پاک ﷺ سے سنا کہ جو شخص ہر رات کو سورۃ الواقعہ پڑھے، اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا (غربت کی نوبت نہ آئے گی)۔ چنانچہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی لڑکیوں کو کہہ دیا ہے کہ وہ ہر رات پڑھا کریں۔

(مشکوٰۃ ص ۱۸۹، ابن سنی ص ۲۳۰)

وسعت رزق کے لیے سورۂ فاتحہ اور اخلاص کا عمل

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جو اپنے گھر داخل ہوتے وقت سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھے گا، اس سے تنگدستی دور ہو جائے گی اور فراوانی خوشحالی آجائے گی۔ یہاں تک کہ اپنے پڑوسیوں پر بھی بہائے گا''۔ (الدرالمنثور ۶/۶۷)

دنیا اور آخرت کے امور کی کفالت

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو صبح یا شام ان دعاؤں کو سات مرتبہ پڑھ لے گا، اللہ پاک اس کے دنیا اور آخرت کے اہم امور میں کافی یعنی نگہبان ہو جائے گا۔ (ابوداؤد)

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱۲۹ (التوبہ: ۱۲۹)

''کافی ہے ہمیں اللہ، نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، اس پر بھروسہ کرتا ہوں، وہ بزرگ ترین عرش کا مالک ہے''۔ (ابن سنی ۶۷، ابوداؤد ۵۸۱)

........................*............*

شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غور غشتویؒ

پورا مہینہ بلاؤں سے حفاظت

ارشاد فرمایا کہ ''ہم نے بعض شروح بخاری میں دیکھا ہے کہ اگر اس سورۃ ملک کو کوئی نیا چاند دیکھتے وقت پڑھ لے تو وہ پورا مہینہ تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا''۔

........................*............*

پیر طریقت قاری عبدالغفور صاحب مدظلہ

حج کی سعادت حاصل کرنے کا وظیفہ

اگر کسی کو حج کرنے کا شوق ہو لیکن اس کے لیے کوئی وسیلہ نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ کثرت کے ساتھ درج ذیل آیت کا ورد کیا کرے:

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝۲۷ (الفتح: ۲۷)

جھوٹے مقدمے اور تہمت سے نجات کا وظیفہ

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو تو وہ درج ذیل آیت اُٹھتے بیٹھتے ہر وقت کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے: وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲

(یونس: ۸۲)

........................*............*

ان وظائف سے فائدہ کیسے اٹھائیں؟

اولیائے کرام اور بزرگانِ دین کے وظائف سے حقیقی فائدہ اٹھانے کے لیے ایک خاص نکتہ ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔ جس بھی بزرگ کا تجویز کردہ وظیفہ پڑھیں، ان کو لازمی کچھ نہ کچھ ایصالِ ثواب ضرور کریں اور اللہ تعالیٰ سے ان کے وسیلے سے دعا کریں گے تو یہ مزید سونے پر سہاگہ والی بات ہو گی۔ (خ)

چھپے چھپائے تعویذات

روحانی دکان میں مختلف قسم کے چھپے ہوئے تعویذات دستیاب ہیں جو روحانی علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ آج کل وقت کی شدید کمی کے باعث زیادہ تعویذات لکھنا ممکن نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر، چھپے ہوئے تعویذات سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے عاملین چھپے ہوئے تعویذات پر اپنا عمل پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تاکہ ان میں بھی تاثیر بڑھ جائے۔

روحانی درسگاہ کے اعمال کی کاپیوں کے تعویذات

٭ سات سلام اور چہل کاف ٭ امنت باللہ کا خاص ٭ ہانڈی کی کاپی ٭ حُب کی خاص بیاض ٭ منزل ٭ عمل شفائے امراض ٭ حصار قرآنی کبیر

قرآنی تعویذات

٭ اللہ اکسیر قرآنی ٭ آیت الکرسی ٭ آیت قطب ٭ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭ چاروں قل ٭ سلام قولا من رب رحیم ٭ سورۃ احزاب ٭ سورۃ بقرہ ٭ سورۃ جن ٭ سورۃ طٰہ ٭ سورۃ مریم ٭ سورۃ مزمل ٭ سورۃ یٰسین ٭ سورۃ یوسف ٭ لاعلاج امراض ٭ معوذتین ٭ منزل

نورانی تعویذات

٭ اسماء الحسنیٰ ٭ اصحاب کہف ٭ بچوں کی ہر آفت سے حفاظت ٭ برائے سخت امراض ٭ تعویذ حضرت درخواستی ٭ دعائے حزب البحر ٭ دعائے حزب النصر ٭ حفاظت خاص ٭ سفر میں حفاظت ٭ درود ابراہیمی ٭ درود تنجینا ٭ دعائے استعاذہ ٭ رقیہ نظر و حسد ٭ سورۃ فاتحہ + یاحی حین ٭ شجرہ چشتیہ ٭ شجرہ قادریہ ٭ لاحول ولاقوۃ

٭ مختلف قسم کے چراغ میں جلانے والے فلیتے اور جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات بھی دستیاب ہیں۔

مفتیان اور علمائے کرام کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ

برائے حفاظت از مار کژدم وغیرہ جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾

(الصّٰفّٰت:۷۹)

گیارہ بار صبح وشام اول وآخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے لیکن اعتقاد کامل کا ہونا از حد ضروری ہے۔

........................*............*

شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ باباجی مدظلہٗ

ہر قسم کی پریشانی اور مشکلات کے حل کے لیے

جو لوگ کسی عام پریشانی کا ذکر کرتے یا خاص پریشانی مثلاً کاروباری بندش کی شکایت کرتے تو ایسے لوگوں کو اکثر آپ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران:۱۷۳)'' بعد دُرُسل تعلیم فرماتے۔

انٹرویو اور امتحانی پرچوں میں کامیابی کے لیے

انٹرویو اور پرچہ سے پہلے

اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ﴿۴۴﴾ (المؤمن:۴۴) اکیس (۲۱) مرتبہ اور حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران:۱۷۳) ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

........................*............*

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالسلام بستویؒ

جنت کے داہنی جانب سے داخل ہو

سورۂ اخلاص جو سوتے وقت دائیں کروٹ پر لیٹے لیٹے سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے داہنی جانب سے جنت میں داخل کرے گا۔ (الترمذی:۲۹۰۰، ثواب القرآن، قیام اللیل:۲۶)

نیند نہ آنے کا علاج

اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو اس آیت وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿۹﴾ (النبا:۹) کو بار بار پڑھے۔ اللہ کے حکم سے نیند آجائے گی۔

........................*............*

مولانا سید ظہور احمد شاہ جہانپوریؒ

حاجت فوری یا جلد پوری ہو

جو شخص روزانہ سورۂ فاتحہ کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بطور مداومت کے پڑھتا رہے اور بروقت کسی اپنی حاجت کا اپنے دل میں خیال باندھ کر سورۂ الحمد شریف کو اسی قدر یعنی تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاءاللہ، وہ حاجت اسی وقت یا جلد پوری ہوگی۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

حاجت پوری ہو

نصف شب کو ایسی جگہ خلوت میں، جہاں آدمی کی آواز نہ سنائی دے، اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ایک سو ستر (۱۷۰) بار آیۃ الکرسی پڑھا کرے۔ حاجت روائی ہوگی۔

........................*............*

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فرید رحمۃ اللہ علیہ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

ساحروں کی مجلس میں سحر جادو سے بچنے کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران:۱۷۳)

گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

اولاد کے فرمانبردار ہونے کے لئے

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ (ال عمران:۱۴)

روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھنا ہے۔

برائے دفع سحر وجادو

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (طٰہٰ:۶۹)

گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

جب گھر میں جنات چوری یا تنگ کرتے ہوں

سورۃ البقرہ اول اور آخری رکوع روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھنا ہے۔

بھائیوں کے درمیان رضا کارانہ طور پر جدائی کے لئے

سورۃ والتین انیس (۱۹) مرتبہ پڑھنا۔

ہائی بلڈ پریشر کے مریض کے لئے وظیفہ

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (ال عمران:۱۳۴)

روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھنا ہے۔

فراخی رزق اور دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ القریش اول وآخر تین مرتبہ درود شریف، صبح وشام دس (۱۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر فرصت ہو تو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

برائے امراض چشم

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (ق:۲۲)

سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا کرے۔

گم شدہ اور چوری شدہ چیز کے لئے

''سورۃ النصر، ''سورۃ الضحیٰ'' گیارہ (۱۱) یا اکیس (۲۱) یا اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔

ساس مہربان ہونے کے لئے

''سورۃ الانشراح'' انیس (۱۹) مرتبہ پڑھنا ہے۔

مفقود الخبر کے لئے

''سورۃ النصر'' نماز عشاء کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا۔

زبان کی لکنت کے لئے

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ (طٰہٰ:۲۵-۲۸)

نماز عشاء کے بعد نو (۹) مرتبہ پڑھنا ہے۔

مستجاب الدعوات بننے کے لئے

سورۃ الضحیٰ نماز عشاء کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

یرقان سے نجات کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران:۱۷۳)

روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھنا۔

حضرت مولانا حماد اللہ درخواستی مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

محبت رسول اللہ ﷺ پیدا کرنے و قربِ رسول ﷺ حاصل کرنے کیلئے

صبح وشام سات سات بار یہ دو سورتیں پڑھیں۔ایک سورۃ کوثر ،دوسری سورۃ والضحیٰ۔اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

حُبِّ جاہ وحُبِّ مال کا علاج

اگر انسان یہ چاہے کہ مجھے دین کا شوق ہو اور عزت وشہرت وذاتی وجاہت کا خیال ختم ہو اور مال کی محبت بھی ختم ہو تو اس کے لئے صبح وشام تین مرتبہ سورۃ تکاثر پڑھیں۔اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔

زیارت والدین کے لئے

اگر کسی کے والدین فوت ہوگئے ہیں اور وہ ان کو خواب میں زیارت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو رات کو سوتے وقت سات (۷) مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر ان کو ایصال ثواب کرے۔ان شاء اللہ خواب میں زیارت ہوگی۔

تہجّد کے لئے بیدار ہونے کا عمل

لَا یُجَلِّیۡهَا لِوَقۡتِهَاۤ اِلَّا هُوَ (الاعراف:۱۸۷)

سونے کے وقت تین (۳) بار پڑھیں۔

فتوحات کے دروازے کھلنے کے لیے

سورۃ والضحیٰ روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔فتوحات کے دروازے کھلیں گے۔

فتوحاتِ غیبی کے لیے

سورۃ یٰسین پڑھیں اور سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ کی آیت پچاس (۵۰) مرتبہ پڑھیں۔

قضائے حاجات کے لیے

(۱) بعد نماز فجر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ۔ اس سے بھی مقصد پورا ہوگا۔

(۲) سورۃ یٰسٓ اس ترکیب سے پڑھیں کہ اس میں سات مبین ہیں تو ہر لفظ مبین سے از سرِ نو شروع کرے۔اس طرح سورۃ کو ختم کرے۔پھر سر ننگا کر کے سجدہ میں جا کر اپنی ضرورت کا نہایت عاجزی وانکساری سے سوال کرے۔مطلب کے حاصل ہونے تک ایسا کرے۔

(۳) سورہ النصر اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔اس ترکیب سے بعد نمازِ فجر نو (۹) مرتبہ اور باقی چار نمازوں کے بعد آٹھ (۸) مرتبہ پڑھیں اور اس پر دوام کریں۔یا بعد نمازِ فجر پندرہ (۱۵) مرتبہ، بعد نماز ظہر دس (۱۰) مرتبہ اور بعد عصر سات (۷) مرتبہ اور بعد مغرب پانچ (۵) مرتبہ اور بعد عشاء تین (۳) مرتبہ پڑھیں۔

(۴) قرآن مجید کو کھولے اور ہر سورت کی پہلی آیت کو بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے ساتھ پڑھے۔اس طرح آخر تک کرے۔پھر دعا کرے۔

(۵) قرآن مجید کی سات منزلیں ہیں۔ روزانہ ایک منزل علیحدگی میں پڑھے اور کسی سے درمیان میں کلام نہ کرے۔بعد منزل پڑھنے کے دعا کرے۔یہ عمل سات دن کا ہوگا۔

(۶) قرآن مجید کی سات منزلیں ہیں۔ روزانہ ایک منزل علیحدگی میں پڑھے اور کسی سے درمیان میں کلام نہ کرے۔بعد منزل پڑھنے کے دعا کرے۔یہ عمل سات دن کا ہوگا۔

(۷) حَسۡبِیَ اللّٰهُ ۖ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ۝۱۲۹ (التوبہ:۱۲۹) کی ایک تسبیح (۱۰۰) صبح کو پڑھے۔

حضرتِ مولانا احمد علی پنجگوریؒ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

تنگدستی دور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح سورۂ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) ۲۱ مرتبہ

بعد نماز ظہر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۲ مرتبہ

بعد نماز عصر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۳ مرتبہ

بعد نماز مغرب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۴ مرتبہ

بعد نماز عشاء ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۵ مرتبہ

اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مداومت پر ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

تنگدستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۂ مزمل گیارہ (۱۱) مرتبہ، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچا کریں تو پچیس (۲۵) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تنگدستی رفع ہو جائے گی۔ یہ عمل دائمی ہونا چاہیے۔

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۗ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ (یوسف: ۷۶)

تسکین قلب اور نیند کے لئے

بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا (آل عمران: ۱۵۴)

کو ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے۔ اگرچہ چور گھر میں داخل بھی ہو جائے گا تو مالی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ (بنی اسرائیل: ۱۱۰)

ظاہری و باطنی فتوحات کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ آٹھ سو (۸۰۰) بار ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری و باطنی فتوحات اس کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبد القادر جیلانیؒ نے غنیۃ الطالبین میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔ بعض کا قول اس کے اسم اعظم کے متعلق بھی ہے۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے۔ (۱) بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد اللہ کے لام سے ملادو (اس طرح رحیمل حمد)۔ (۲) یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ اس طرح کے اتوار سے صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر (۷۰) مرتبہ۔

پیر کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۔۔۔ ۶۰ مرتبہ

منگل کے روز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۵۰ مرتبہ

بدھ کے روز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۰ مرتبہ

جمعرات کے روز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۰ مرتبہ

جمعہ کے روز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰ مرتبہ

ہفتہ کے روز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰ مرتبہ

اول اور آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

حضرت مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

حل مشکلات کے لیے مجرب عمل

دو رکعت نماز نفل پڑھے، جو سورت چاہے پڑھے، سجدہ میں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ (الانبیاء:۸۷)

چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے اور بعد سلام کے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

جملہ مشکلات کے حل کے لیے

سورۂ یونس دو مرتبہ باوضو پڑھے۔ ان شاء اللہ جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

ہر مشکل کے حل کے لیے

ہر مشکل گھڑی میں سورۂ ھود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔

دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے

سورۂ ھود کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے روزانہ سورۂ یوسف ایک بار تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

کسی شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنے کے لیے

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ (الانفال:۶۳)

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا تو محبت پیدا کرنے کے لیے یہ آیت گیارہ (۱۱) بار روزانہ پڑھے۔

نا اتفاقی دور کرنے (محبت) کے لیے

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ (الانفال:۶۳)

جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو محبت پیدا کرنے کے لیے یہ آیت گیارہ (۱۱) بار روزانہ پڑھے۔

ہر جائز مراد کے لیے

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّىْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿٩﴾ (الانفال:۹)

مسلمان پر واجب ہے کہ تمام اُمور پر اللہ پر توکل کرے، اس کے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کرے۔ ہر جائز مراد کے لیے چودہ (۱۴) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

مقدمہ (جھوٹے) سے خلاصی کے لیے

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ (یونس:۸۲)

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو، وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔

مقدمہ (جھوٹے) سے خلاصی کے لیے

وَقُلْ جَاۗءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾ (بنی اسرائیل:۸۱)

تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھے، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

جھوٹی گواہی اور حاکم کے غلط فیصلے کو روکنا

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰی عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝ وَرَبُّكَ يَعۡلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوۡرُهُمۡ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ ۝ وَهُوَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡحَمۡدُ فِی الۡاُوۡلٰی وَالۡاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الۡحُكۡمُ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝

(القصص: ۶۸-۷۰)

اگر کسی کی جھوٹی گواہی یا حاکم کے غلط فیصلے اور ظلم سے اندیشہ ہو تو پیشی، مقدمے کے وقت یہ آیتیں سات مرتبہ پڑھے اور تین بار یہ کہے

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤی اَمۡرِهٖ (یوسف: ۲۱)

ان شاء اللہ تعالیٰ سب شروں سے محفوظ رہے گا۔

اولاد زندہ نہ رہتی ہو

وَنَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗ مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ ۝ (الصّٰفّٰت: ۷۶)

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام گیارہ (۱۱) بار پڑھے۔

سخت مصیبت سے نجات کے لیے

وَنَجَّيۡنٰهُ وَاَهۡلَهٗ مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ ۝ (الصّٰفّٰت: ۷۶)

اگر کوئی شخص کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام گیارہ (۱۱) بار پڑھے۔

ہر جائز مراد کے حصول اور مشکل سے نجات کے لیے

يَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۝ بِنَصۡرِ اللّٰهِ ؕ يَنۡصُرُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ۝ (الروم: ۴-۵)

ہر جائز مراد کے لیے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے ان آیات کو ایک سو تیرہ (۱۱۳) بار پڑھیں۔

حصولِ مکان کے لیے

وَلَقَدۡ مَكَّنّٰكُمۡ فِی الۡاَرۡضِ وَجَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ۝ (الاعراف: ۱۰)

اگر کسی کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ایک سو اکاون (۱۵۱) بار روزانہ پڑھے۔ جب تک کامیابی نہ ہو، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

رزق کے ذریعے اور کشادگی رزق کے لیے

وَلَقَدۡ مَكَّنّٰكُمۡ فِی الۡاَرۡضِ وَجَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ۝ (الاعراف: ۱۰)

اگر کسی کے پاس روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگ ہو یا مسافر ہو اور اس کے پاس کوئی سامان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ایک سو اکاون (۱۵۱) بار روزانہ پڑھے۔ جب تک کامیابی نہ ہو، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ترقی رزق اور مشکل کام آسانی سے کرنے کے لیے

رزق کی ترقی اور برکت کے لیے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۂ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ، تین دن تک پڑھیں۔ اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

جو کسی بلا یا مصیبت میں مبتلا ہو

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ ۝ (آل عمران: ۱۷۳)

جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو، اس آیت کو پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔

(گھروں میں) نااتفاقی اور دشمنی دور کرنے کے لیے

وَنَزَعۡنَا مَا فِیۡ صُدُوۡرِهِمۡ مِّنۡ غِلٍّ اِخۡوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيۡنَ ۝ (الحجر: ۴۷)

جس گھر میں یا خاندان میں نااتفاقی ہو یا کسی سے دشمنی ہو، ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر اُس کا تصور کر کے آسمان پر پھونک دے، جب تک کامیابی نہ ہو۔

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفیؒ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

مرتب: عمر اشرفی سمنانی

آیتِ قطب کے چند خواص

آیت قطب سورۂ آلِ عمران کی آیت ۱۵۴ کو کہتے ہیں۔ آیت یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾

جائز حاجت پوری ہو

جو شخص نمازِ فجر سے نمازِ اشراق تک ہر روز چالیس (۴۰) مرتبہ یہ آیت پڑھتا ہے، وہ جو کچھ جائز حاجت کیلئے اللہ سے دعا مانگے گا، ضرور پوری ہوگی۔

دشمن سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے

جو کوئی اپنے بدخواہ دشمن سے عاجز آ گیا ہو، چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ سات (۷) روز تک ہر روز چار (۴) مرتبہ آیتِ قطب بہ نیت خرابیٔ دشمن پڑھ کر دشمن کے گھر پر دم کرے۔ ان شاء اللہ، دشمن کو اپنی پڑ جائے گی۔

مخالف کو اپنا تابعدار کرنے کیلئے

جو کوئی کسی مخالف کو مطیع کرنا چاہے تو روز بارہ (۱۲) مرتبہ اس نیت سے پڑھے، ان شاء اللہ وہ مطیع ہو جائے گا۔

تنگدستی دور کرنے کیلئے

جو تنگدستی سے پریشان ہو، وہ سات روز تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ صبح یا شام پڑھے، پھر سجدہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔

....................*..........*..........*

جن کا بالوں پر عاشق ہو جانا

بزرگوں نے کہا ہے کہ بال کھول کر کسی درخت کے سائے میں نہ بیٹھا جائے یا چھت پر کھڑے ہو کر بال کھول کر نہ لہرائے جائیں ورنہ اجنا کی گزرگاہ ہو تو وہ چمٹ جاتے ہیں۔ ویسے بھی قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو خاص حکم دیا ہے کہ ''چھپاؤ اپنے بالوں کو''۔

اگر کسی عورت کے ایسا ہو کہ بالوں کو سنوارتے وقت، کوئی چیز بالوں سے کھیلے اور بڑی مشکل سے بالوں کو سنوارنے دے تو اس عورت کو چاہئے کہ تین (۳) روز برابر بال سنوارنے سے قبل سورۂ جن پڑھا کرے، پھر بال سنواریں۔ ان شاء اللہ، اس چیز سے نجات مل جائے گی۔

....................*..........*..........*

بیٹا اور بیٹی کی شادی ہو جائے

پڑھے لکھے اور خوب صورت بچوں کی شادی نہ ہو، مال و دولت ہو، کاروبار بھی ہو، جائیداد بھی ہو لیکن پھر بھی رشتہ طے نہ ہو تو یہ عمل کریں:

لڑکی خود بعد نمازِ عشاء تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ یہ آیتِ کریمہ پڑھے اور دعا کیا کرے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿سُوْرَۃُ یٰسٓ: ۳۶﴾

اور بیٹے کے لیے اس کی والدہ پڑھیں اور اس کے بعد دعا کریں۔ ان شاء اللہ، جلد رشتے ہو جائیں گے۔

....................*..........*..........*

سورۂ واقعہ کے رزق میں برکت کے خاص وظائف

مولانا محمد فیض احمد اویسی رضوی ؒ

(۱)......ابوعبدہ فضائل قرآن میں اور حارث بن اسامہ وابویعلی اپنی مشیخیت میں اور ابن مردویہ اپنی تفسیر میں اور بیہقی شعب الایمان میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ ''جس نے ہر شب واقعہ تلاوت کی، اس کو فاقہ کبھی نہ ہوگا''۔

(۲)......ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ''سورۃ واقعہ سورۂ غنا یعنی دولتمندی کی سورۃ ہے۔ اس کو خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ''۔

فائدہ:...... یاد رہ کہ اس سورۃ میں دربارِ حصول غناء، تونگری اور دفع فقرہ فاقہ کا عجیب وغریب اثر ہے اور اس کی تلاوت کے معین طریقے جو بزرگان دین سے منقول ہیں، بہت سے ہیں۔ یہاں منجملہ ان قواعدہ کے چند قاعدے جو آسان اور بزرگان دین کے مجرب ہیں، تحریر کرتا ہوں تاکہ میرے دینی بھائی اس میں سے کسی کو عمل میں لاکر اپنے پیارے نبی ﷺ کے سچے ارشاد کے موافق فقر وفاقہ سے نجات حاصل کر کے غنی اور مالدار ہو جائیں۔

(۱) پہلا طریقہ: ہر روز بلاناغہ بطریق مداومت بعد نمازِ مغرب کے، سورہ واقعہ شریف کو ایک بار تلاوت کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فقر وفاقہ سے محفوظ رہے گا۔

(۲) دوسرا طریقہ: اور اکثر احباب کا مجرب یہ ہے کہ شروع چاند میں جمعرات کے بعد نمازِ مغرب کے، سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر چھ (۶) مرتبہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرے۔ بعد ختم کے بدستور سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ دوسرے روز بدستور بعد نماز مغرب کے پانچ بار پڑھے، اسی طرح دوسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ جب دوسری جمعرات آئے تو سورہ شریف کو پانچ بار پڑھ کر ورد کو ختم کرے۔ اور اول جمعرات سے اس وقت تک سورہ شریف کی تلاوت کا ثواب اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی نذر کرے۔ اس سے فارغ ہو کر اسی وقت پھر بدستور درود شریف کے بعد چھ بار سورہ شریف کی تلاوت کرے اور بعدہ روزمرہ بدستور تیسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ تیسری جمعرات کو پانچ بار پڑھ کر اس دوسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب ہدیہ روح رسول اللہ ﷺ کر کے پھر اسی وقت از سرنو چھ بار سورۃ واقعہ کی تلاوت کرے اور بعدۂ بدستور پانچ بار روزانہ چوتھی جمعرات تک پڑھتا رہے۔

چوتھی جمعرات کو سورہ شریف کو پانچ بار تلاوت کر کے اس تیسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب جمیع ارواح مومنین اور مومنات کو ہدیہ کرے۔ پس عمل تمام ہوا۔ اس کے بعد دوسرے روز سے برابر ہمیشہ سورہ شریف کو ایک بار روزانہ بعد نمازِ مغرب کے پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی فقر وفاقہ کی مصیبت میں مبتلا نہ ہوگا اور ہمیشہ دُنیا میں فارغ البلالی اور خوشحالی سے بسر کرے گا۔

(۳) تیسرا طریقہ: اس لیے ہے کہ جب کوئی ضرورت شدید متعلق کشائش امور دنیوی کے پیش آئے تو غسل کر کے اور کپڑے پاکیزہ پہن کر ایک جلسہ میں نہایت خضوع وخشوع سے اس سورۃ کو اکتالیس (۴۱) بار تلاوت کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد وہ شدت دفع ہوگی۔ خصوصًا جبکہ وہ شدت متعلق رزق کے ہو۔

یہ جس قدر لکھا گیا، اس کا اثر تجربہ سے معلوم ہوگا۔ حل مشکلات کے لیے از بس مفید ہے مگر عوام کی توبہ درکار ہے۔ مسلمانوں کی ابتری کی یہی خاص وجہ ہے کہ وہ اپنے اصلی معالجوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ ابن مردویہ کی روایت میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے اسی لئے کھول کر فرمادیا ہے کہ اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ تاکہ تعلیم کا سلسلہ چلتا رہے اور اس کی برکات قائم رہیں لیکن اب ہم نے اولاد کو دینی تعلیم سے ہٹا کر دنیا کمانے میں لگا دیا۔ اسکولوں اور کالجوں میں داخل کر کے اپنا اولاد کا مستقبل برباد کیا۔

مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے

فجر کے فرض اور سنّت کے درمیان چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اوّل وآخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے اور فقر وفاقہ سے نجات کے لیے

روزانہ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو سورۂ قریش مع بسم اللہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

وساوس سے نجات کے لیے

سورۃ الناس پر مداومت کرنے سے نماز اور دوسری عبادتوں میں خطرات اور برے خیالات سے تحفظ ہوگا۔

سورۃ الناس شام یا صبح کو معنی کے خیال کے ساتھ ایک تسبیح (ایک سو ۱۰۰ مرتبہ) روزانہ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وساوس سے نجات مل جائے گی۔

جائز مقصد میں کامیابی کا عمل

اگر کسی شخص کا کوئی جائز مقصد ہو، اس میں کامیابی لازم اور ضروری ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرّب اور سریع التاثیر ہے۔ اس عمل کے ذریعے ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ہر دینی اور دنیاوی کام کے لیے پڑھا جاسکتا ہے۔

اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بعد نمازِ عشاء باوضو مسلسل سات دن پڑھے اور روزانہ عمل پڑھنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کیا کرے۔

آنکھوں کی روشنی قائم رہنے کے لیے

اگر کسی مرد یا عورت کی آنکھوں کی روشنی کم ہوتی جا رہی ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ بعد نماز سورۃ النبا کی تلاوت کیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی قائم ہوجائے گی اور صاف دکھائے دینے لگے گا۔

آفات وبلیات سے حفاظت...... جنت کا حصول

قرآن پاک کی آیت الکرسی سب سے بڑی آیت ہے۔ اس کا پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے والا بہت سی آفات وبلیّات سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کو اس کی موت کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روکتی۔ (بیہقی)

حفاظت کے لیے فرشتہ مقرر ہو

جو شخص آیت الکرسی کو سوتے وقت پڑھے گا، اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایک فرشتہ نگہبان مقرر ہوجاتا ہے اور اس کو شیطان کی طرف سے کسی قسم کا ضرر (نقصان) نہیں پہنچتا۔ (بخاری)

علم میں ترقی

ہر نماز کے بعد گیارہ (۱۱) بار رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ:۱۱۴) پڑھا کرے۔ اس سے علم میں ترقی ہوگی۔

قیامت کے دن باایمان اٹھنا

جو شخص ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے گا، وہ شخص ان شاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن باایمان اٹھے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ﴿۸﴾ (ال عمران:۸)

ستر ہزار فرشتے مغفرت کی دعا کریں......شہید کی موت

جو شخص فجر کی نماز کے بعد تین بار

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ السَّمِيۡعِ الۡعَلِيۡمِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر:۲۲-۲۴)

تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ ستر ہزار (۷۰۰۰۰) فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے لیے بخشش کی دعا شام تک کرتے ہیں۔ پھر اگر وہ شخص اس دن مر جائے تو شہید مرتا ہے۔ اور جو شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لیے فرشتے بخشش کی دعا کرتے ہیں۔ اگر رات کو مر جائے تو شہید مرے گا۔

تکلیف دینے والی چیز سے حفاظت

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ ''جس نے سوتے وقت سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص پڑھی، وہ (ایذا دینے ولی) ہر چیز سے محفوظ ہو گیا سوائے موت''۔ (مشکوٰۃ)

دونوں سورتیں ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہیں۔ رات کو سوتے وقت ان دونوں کو ضرور پڑھ کر سویا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سانپ، بچھو، درندے اور نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑے، جانوروں کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

خود اور پڑوسیوں کی حفاظت

جو شخص آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے، خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے سب پڑوسیوں کو امن میں رکھتا ہے۔ (بیہقی)

روزانہ پابندی کے ساتھ آیۃ الکرسی کا عمل کرنے والا یعنی رات کو ایک مرتبہ سوتے وقت پڑھنے والا چور، ڈاکو، لٹیرے، حملہ آور، نقصان پہنچانے والے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آرام سے رات گذارے گا۔

ہر مشکل مہم اور اہم کام کے لیے اکسیر عمل

نیا چاند دیکھنے کے بعد کسی بھی تاریخ سے کسی ایک نماز کے بعد پابندی کے ساتھ بلا ناغہ اکیس (۲۱) دن تک مسلسل یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ مقصد جائز ہو۔ ناجائز کام کے لیے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے:

اوّل و آخر بیالیس بیالیس (۴۲) مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۖ فِيۡهِ ﴿۲﴾ (البقرۃ:۱-۲)

اگر یہ عمل فجر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ہی پڑھے۔ اگر ظہر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو آخر تک ظہر کے بعد ہی پڑھے۔ ایسا نہ کرے کہ کبھی فجر میں پڑھ لیا، کبھی ظہر میں پڑھ لیا، کبھی عصر میں پڑھ لیا، کبھی مغرب میں پڑھ لیا۔ اس سے کامیابی مشکل ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس طرح بھی نواز دے تو اس کا فضل عظیم ہے۔

ہر مشکل کے حل کے لیے

جس شخص کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو یا کام ہونے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو تو اس کے لیے ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ﴿۵﴾ (الفاتحہ:۵)

پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد روزانہ ایک وقت مقرر کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ لیا کرے۔ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ جب بھی پڑھنے بیٹھے، باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے۔ درمیان میں بالکل بات چیت نہ کرے، نہ اٹھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور سب کام آسانی کے ساتھ انجام پائیں گے۔

حضرت مولانا مسعود ازہر صاحب مدظلہٗ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مجرب و سریع الاثر عمل

اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف، مصلّٰی پر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ پھر اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔ پھر (۱۰۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ پھر اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔ یہ عمل بارہ مرتبہ دھرائیں۔ اس طرح کل بارہ ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کی تلاوت ہو جائے گی اور بارہ مرتبہ دو رکعت نماز اور بارہ مرتبہ دعا۔

درود شریف عمل کے شروع اور آخر میں سات سات بار پڑھ لیں اور دعا میں ہر بار ایک حاجت پیش کریں یا دو تین حاجتیں۔ اس سے زیادہ نہیں۔

یہ عمل بے حد مؤثر اور مفید ہے۔ ناجائز کاموں کے لیے ہرگز نہ کریں اور نہ ہی فضول اور مکروہ کاموں کے لیے۔ (تلقین فرمودہ امام العارفین حضرت مولانا قاری محمد عرفان صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

سورۂ اخلاص کا مجرب عمل

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیں۔ پھر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل کے اول و آخر میں سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ آخر میں اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ بہت طاقتور اور بعض اہلِ علم نے اسے ''اسم اعظم'' قرار دیا ہے۔

دشمنوں اور ظالم حکمرانوں سے حفاظت کے اکسیر اعمال

سورۂ قریش کا عمل

مغرب کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ قریش، ہر بار بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ بہت مقبول، مفید اور مؤثر عمل ہے۔ اول آخر درود شریف پڑھیں۔

ایک آیت کریمہ کا عمل

عصر کے بعد پہلے چھ سو تیرہ (۶۱۳) مرتبہ اور آئندہ جس قدر چاہیں پڑھیں۔

سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ (القمر: ۴۵)

اول و آخر درود شریف۔

عجیب تاثیر والا عمل

اس آیت مبارکہ کی تلاوت، حفاظت کے سلسلے میں عجیب تاثیر رکھتی ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ (آل عمران: ۱۵۴)

اس آیت کے بے شمار فوائد ہیں۔ جن میں سے چند ایک جو صاحب نافع الخلائق نے ذکر فرمائے ہیں، درج ذیل ہیں:

۱۔ ہر حاجت اور مشکل کے لیے چالیس (۴۰) دن تک روزانہ چالیس (۴۰) بار پڑھیں۔

۲۔ دشمن کی ہلاکت کے لیے نو (۹) روز تک انتیس (۲۹) بار پڑھیں۔

۳۔ حاسدوں کے دفع کرنے کے لیے انتیس (۲۹) روز تک انتیس (۲۹) بار پڑھیں۔ بکرم اللہ تعالیٰ سب دفع ہوں گے۔

(بقیہ ص: 57)

حضرت ابوطلحہ محمد اظہار الحسن

کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن کریم کا ایک ایک حرف شفاءِ کامل کا یقینی ذریعہ ہے۔ چودہ صدیوں سے زائد عرصہ بیت گیا۔ افرادِ امت نے بارہا اس کو آزمایا اور سچا پایا ہے۔ اس سے بڑھ کر اس کی سچائی کا مظہر اور کیا ہو سکتا ہے کہ خود ربِّ کائنات فرماتے ہیں:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

''اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے جس سے روگ دفع ہوں اور رحمت ایمان والوں کے لئے''۔

جہاں اس سے روحانی بیماریاں ختم ہوتی ہیں، وہاں اس کی مبارک تاثیر سے انسان بدنی طور پر بھی شفایاب ہوتے ہیں۔

یوں تو بہت سے مجرب قرآنی اعمال ہیں لیکن اختصار کے پیش نظر صرف دو عمل ذکر کئے دیتا ہوں۔

سورۂ کوثر سے اعداء کو شکست

اس عمل کو میں نے بارہا آزمایا ہے کہ جب کوئی شخص بے تحاشا مسائل لے کر آیا اور بہت سے وظائف بھی پہلے کر چکا تھا تو ایسے افراد کو یہ عمل دیا تو الحمدللہ اس کی مشکلات کا سلسلہ دم توڑنے لگا اور رفتہ رفتہ سب بہتر ہو گیا۔ وظیفہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد سورۂ کوثر اکتالیس (۴۱) بار، اوّل و آخر درود شریف سات سات بار پڑھنا ہے۔ اکیس (۲۱) یا اکتالیس (۴۱) دن یہ عمل کرنا ہے۔ ساتویں دن سے مشکلات ٹوٹتی نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں۔

ہر طرح کی مشکلات اور مصائب سے نجات

ایک اور بے مثال قرآنی عمل جو حضرت اقدس خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، وہ یہ ہے۔ مقامات حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ، ص 251 (خانقاہ سراجیہ، کندیاں شریف) میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جی اپنے باہر والے کمرے میں لوگوں کی درخواستیں سن رہے تھے اور پڑھ کر دعا کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ مہربانی کرے گا۔

آخر میں ایک ساتھی حضرت کے قریب ہوا اور اپنے گھریلو بیماری، کاروباری، معاشی اور رشتہ داروں کے سلوک کی درد بھری کہانی سنائی۔ جس سے قریب بیٹھے لوگوں کا بھی دل بھر آیا اور پھر اس نے عرض کیا ''حضرت جی! ان تمام پریشانیوں سے نکلنے کے لیے کوئی وظیفہ بتا دیں''۔ حضرت والاؒ نے عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۂ اخلاص بمعہ بسم اللہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے لیے فرمایا۔

اے اللہ تعالیٰ! اس کلام پاک برکت سے میرے مسائل حل فرما، اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائے گا۔

استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہو اور دشمنوں سے نجات کی کوئی صورت سمجھ میں نہ آتی ہو، مصائب و آلام نے زندگی تلخ کر دی ہو، ہر وقت خوف وخطرہ درپیش ہوں۔ ایسے حالات میں ہر فرض نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے۔ ان شاء اللہ دشمنوں سے حفاظت رہے گی اور غم و آلام کے بادل چھٹ جائیں گے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لیے

مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سورۂ مزمل کی اس آیت کا ورد روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے مقدمہ کی تاریخ سے گیارہ (۱۱) دن پہلے یہ عمل شروع کریں اور روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اگر گیارہ (۱۱) لوگ مل کر پڑھیں تو سو (۱۰۰) مرتبہ ایک شخص پڑھے اور روزانہ مقدمہ کی کامیابی کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ مقدمہ کا رخ اپنی طرف ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَیۡکُمۡ رَسُوۡلًا ۬ شَاہِدًا عَلَیۡکُمۡ کَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾ (الزمل:۱۵)

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور اچھے رشتے نہ آتے ہوں تو لڑکی کو چاہئے کہ جمعہ کے دن عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخر گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی شادی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تین (۳) مرتبہ کے اندر اچھے لڑکے سے رشتہ طے ہو جائے گا۔

زبان بندی کے لئے

حاسدوں اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دعا کرنے سے سارا دن حاسدوں کی اور بد خواہوں کی زبان بند رہے گی۔ اگر اس عمل کو معمول بنالیں تو ہمیشہ دشمنوں کی بدزبانی سے محفوظ رہیں۔

گھر والوں کے اتفاق کیلئے

اگر کسی گھر میں سخت نا چاقی ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضاء قائم رہتی ہو، کسی بھی طرح گھر میں سلوک و اتفاق پیدا نہ ہوتا ہو تو گھر والوں کے مابین ہم آہنگی، سلوک اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں گھر کا کوئی فرد اکیس (۲۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اکیس (۲۱) یوم تک بالاناغہ اس سورۃ کی تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ گھر میں لڑائی جھگڑے کی کیفیت دُور ہو جائے گی۔ گھر کے افراد سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

درد گردہ کا علاج

(۳) اگر کسی شخص کو درد گردہ کی شکایت ہو تو وہ سورۃ البلد روزانہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے دردِ گردہ سے شفا عطا فرمائے گا۔

آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک کمزور نہ ہو

اگر کوئی شخص سوتے وقت سات (۷) مرتبہ سورۃ القدر پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی بینائی کی حفاظت فرمائے گا اور ان شاء اللہ العزیز اس کی بصارت مرتے دم تک کمزور نہ ہو گی۔

رنج و غم سے نجات

اگر کوئی شخص اپنے حالات یا دیگر وجوہ کی بنا پر مبتلائے رنج والم رہتا ہو تو وہ سورۂ نوح کی تلاوت کرے۔ اس تلاوت کی مداومت سے ان شاء اللہ العزیز اسے رنج والم سے بھی نجات ملے گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل

وکرم سے ان حالات کو بھی درست فرمائے گا جو اس کے رنج والم کا باعث بنتے رہے ہیں۔

ذیابیطس (شوگر) کا علاج

اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) کی شکایت ہو تو وہ سورۃ القریش روزانہ بعد از نمازِ عشاء ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ذیابیطس جیسے موذی مرض سے شفاء عطا فرمائے گا۔

ہر حاجت کی تکمیل کے لئے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کوئی بھی حاجت ہو، کتنی بھی بڑی خواہش ہو، سورۂ یٰسین ایک ہی نشست میں پینتالیس (۴۵) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ دعا لازمًا قبول ہوگی۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ہزاروں بار کا آزمودہ عمل ہے۔

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص مالدار بن جانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ تیرہ (۱۳) دن تک لگاتار تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

شادی کے لئے

اگر لڑکا لڑکی شادی کرنا چاہتے ہوں اور ان کے گھر والوں کی مرضی نہ ہو تو اپنے اپنے گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے چالیس (۴۰) روز تک عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سجدے میں جا کر اس آیت کو پڑھیں: اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ (حٰم سجدہ: ۵۴)

درمیان میں اگر ناپاکی کے دن شروع ہو جائیں تو لڑکی اس عمل کو بعد میں پورا کرے۔

دشمن کے خوف سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمن سے خوف زدہ ہو اور ہر وقت وہ خطرہ محسوس کرتا ہو تو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر اس کو خوف اور دہشت سے نجات مل جائے گی۔

آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا‌ ۖ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۶۴﴾ (یوسف: ۶۴)

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے بدخواہوں اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے اور وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں تو اس کو چاہئے کہ سورۃ عصر اکیس (۲۱) مرتبہ روزانہ پڑھے، لگاتار اکتیس (۳۱) دن تک۔ ان شاء اللہ عجیب وغریب تاثیر ظاہر ہوگی اور اس کی زبان بند ہو جائے گی۔

حصول عزت کے لئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی عزت ومرتبہ میں اضافہ ہو، جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئیں تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد اوّل وآخر تین تین مرتبہ دُرود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ (۱۱) مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حصول عزت وبلند مرتبہ کے لئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

کشائش رزق کے لئے

رزق میں خیر وبرکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلاناغہ نمازِ فجر کے بعد اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے، درمیان میں تین (۳) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہو رہی ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

قرآنی وظیفے کا کمال

(مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)

یہ واقعہ آج سے چار پانچ سال پہلے کا ہے۔ ہماری جامع مسجد کے اسپیکروں کے یونٹ چوری ہو گئے۔ جن کی مالیت تقریباً بیس ہزار روپے کے قریب تھی۔ یونٹ چوری بھی اس وقت ہوئے کہ ٹھیک دس دن بعد ہماری مسجد میں ایک بڑی کانفرنس ہونے والی تھی۔ اچانک کے اس واقع نے بہت ہی زیادہ پریشان کر دیا تھا۔ کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا کریں اور کیا نہ کریں۔

بہر حال میں نے اس وقت اپنے برادر کبیر، اپنے مربی و محسن حضرت مولانا حکیم حافظ محمد ابرار الحسن صاحب قمر دامت برکاتہم العالیہ سے رابطہ کیا تو انہوں نے سورۂ قریش کا وظیفہ عنایت فرمایا اور پوری تسلی اور یقین دلایا کہ "ان شاء اللہ چور بھی پکڑا جائے گا اور چوری شدہ سامان بھی برآمد ہوگا"۔ میں نے ان کے بتلائے ہوئے طریقے کے مطابق عمل شروع کر دیا۔ دوسرے دن دوپہر کو جب میں قیلولہ کے لیے لیٹا تو خواب میں مجھے مکمل رہنمائی دی گئی۔ خواب میں مجھے نظر آیا کہ سفید رنگ کا ایک شخص میری مسجد کے پاس سے گذر رہا ہے۔ اور ساتھ یہ بھی بتلایا گیا کہ یہ شخص ہی سپیکر چور ہے۔ اور اس وقت یہ آپ کے گھر کے سامنے سے گذر رہا ہے۔ اٹھو اور اس کو پکڑ لو۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ میں دروازے سے باہر نکلا تو وہی شخص جو کہ مجھے خواب میں دکھایا گیا تھا، دروازے کے سامنے سے بڑی تیزی سے گذرا اور قریبی قبرستان میں داخل ہو گیا۔ میں بھی اس کے پیچھے پیچھے قبرستان تک پہنچ گیا۔ قبرستان میں داخل ہو کر وہ قبرستان میں موجود ایک دربار میں داخل ہوا اور وہاں موجود ملنگ کے پاس بیٹھ گیا۔ شاید آج وہ دربار کی تجوری پر ہاتھ صاف کرنے کی نیت میں تھا۔ میں بھی اس کے تعاقب میں دربار پہنچ گیا۔ دربار پہنچتے ہی میں نے اس کو اپنی طرف بلایا۔ اس کے آنے پر میں نے اس کو ساتھ چلنے کو کہا کہ مجھے آپ سے ضروری کام ہے تو وہ آئیں بائیں شائیں کرنے لگا۔ اتنی دیر میں میرا ہاتھ اس کی کلائی کو مضبوطی سے تھام چکا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ "اگر تم نے کوئی گڑبڑ کی یا کوئی غلط حرکت کی تو مجھ سے خیر اور بھلائی کی توقع نہ رکھنا"۔ بہر حال وہ بادل نخواستہ میرے ساتھ چل پڑا۔ میں اس کو لے کر سیدھا پولیس اسٹیشن جا پہنچا اور جاتے ہی پولیس والوں سے کہا کہ "یہ ہماری مسجد کے اسپیکروں کا چور ہے۔ اس سے اسپیکر برآمد کروائیں"۔ پولیس والے حیرانگی سے میرا منہ دیکھ رہے تھے کہ اتنے یقین اور اعتماد کے ساتھ میں اس کو بغیر کسی ظاہری ثبوت کے چور کہہ رہا تھا۔ پولیس والے چونکہ مجھے جانتے تھے، اس لیے انہوں نے آگے سے کوئی بات چیت کئے بغیر ہی اس کو حسبِ عادت دو چار تھپڑ رسید کئے اور چوری کے اقرار کا حکم ارشاد فرمایا۔ شروع میں تو اس نے قسمیں وغیرہ کھا کر اپنی شرافت اور خاندانی شرافت کا بھرپور اظہار کیا۔ لیکن پولیس والوں کے سامنے کون انکار کر سکتا ہے۔ ان کی مقدس گالیوں کی جب بوچھاڑ شروع ہوئی تو اس نے جلد ہی چوری کی ساری کارگذاری سنا ڈالی کہ میں کیسے مسجد میں آیا، کیسے اسپیکر اتارے اور کہاں اور کس جگہ پر کس کباڑیے کو فروخت کئے۔ پولیس والوں نے اس کو اپنی گاڑی میں بٹھایا اور کباڑیے کی دکان پر جا پہنچے۔ کباڑیے سے اسپیکر برآمد کروائے اور ہمیں اسپیکروں کے ملنے کی خوشخبری سناتے ہوئے ان کی وصولی کیلئے تھانے میں آنے کو کہا۔ ہم نے وہاں پہنچ کر اسپیکر وصول کئے اور پولیس والوں کا شکریہ ادا کیا۔ اور اللہ کے سامنے سجدہ شکر ادا کیا۔

اسی طرح کا ایک دوسرا واقعہ بھی عجیب و غریب قسم کا ہے۔ میرے ایک نمازی سخت پریشانی کے عالم میں میرے پاس آئے اور آکر رونا شروع ہو گئے۔ میں نے ان کو تسلی دی اور ان سے پیش آنے والا واقعہ دریافت کیا۔ تو وہ کہنے لگے کہ "**میں اپنی بیٹی کو اس کے سسرال سے لے کر آرہا تھا کہ راستہ میں ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ میری بیٹی کا زیور، میرا بٹوہ، اس میں موجود قیمتی کاغذات اور بھاری رقم اور میرا نیا موٹر سائیکل...... سب کچھ انہوں نے لوٹ لیا ہے۔ خدا کیلئے کوئی عمل، وظیفہ یا کوئی خاص تعویذ دیں کہ اللہ کرے ساری چیزیں برآمد ہو جائیں۔ ڈاکو پکڑے جائیں**"۔

میں نے ان کو صبر کی تلقین کی اور ساتھ ہی مشورہ دیا کہ آپ حکیم حافظ محمد ابرار الحسن صاحب مدظلہ العالی سے فون پر اس عمل اور وظیفے کی اجازت لے کر پڑھنا شروع کر دیں۔ انہوں نے ان سے اجازت لے کر عمل شروع کر دیا۔ عمل شروع کرنے کے ٹھیک سات دن بعد وہ صاحب بڑے خوشی خوشی میرے پاس تشریف لائے اور آکر اپنا سارا سامان مل جانے اور ڈاکو پکڑے جانے کی خوشخبری سنائی۔

خزینۂ روحانیات کے قارئین یقیناً آپ بڑی بے تابی سے یہ پڑھنا اور جاننا چاہ رہے ہوں گے کہ وہ بابرکت عمل اور وظیفہ کیا ہے تو قارئین کرام وہ سورۂ قریش کا خاص وظیفہ ہے۔ سورۂ قریش صبح شام ایک سو گیارہ (111) مرتبہ اول آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے سورۃ قریش کثرت سے پڑھنی ہے۔

ان شاء اللہ ہر قسم کا گم شدہ شدہ سامان، چوری شدہ سامان، ڈکیتی شدہ سامان بہت جلدی مل جائے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

روحانی علاج کیلئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض ومعالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست قیمت: 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ صبح شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

روحانی اگربتی برائے حصول برکت قیمت: 200 روپے

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

روحانی اگربتی برائے دفع جادو و جنات قیمت: 150 روپے

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔

روحانی نمک قیمت: 100 روپے

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی قیمت: 100 روپے

روحانی چینی بیماریوں کے اس دور میں ایک خاص الخاص روحانی شفائی تحفہ ہے۔ روحانی چینی جادو/ جنات سے بطور حفاظت بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

روحانی آبِ شفاء قیمت: 100 روپے

لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلاء مریضوں کیلئے نوید شفاء۔

روحانی پھکی قیمت: 30 روپے

ایک خاص پھکی جس پر قرآنی آیات کا دم کیا ہوا ہے۔ جو درج ذیل امراض کے علاج میں مفید ہے۔ پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی وغیرہ۔

روحانی عرقِ گلاب قیمت: 200 روپے 750ml

جادو، جنات اور نظربد کی وجہ سے رہنے والا سر درد ہمیشہ کے لئے ختم کرتا ہے۔ جادو جنات کی تمام علامات میں زبردست فائدہ دیتا ہے۔

روحانی شہد قیمت 500 گرام: 500 روپے

جملہ جناتی و شیطانی اثرات سے حفاظت اور لاجواب طاقت کا خزانہ اور روحانی شفاء کی نوید بھی۔

روحانی تیل

1 برائے دفع جادو/ جنات قیمت: 100 روپے

جادو/ جنات کے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ جادو/ جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے۔ تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔

2 برائے سکون قیمت: 350 روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے، ان افراد کے لیے بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔

3 برائے دفع درد ہر قسم قیمت: 200 روپے

جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ روحانی تیل: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر ہے۔

4 روغن بادام قیمت: 300 روپے

معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ شدید قبض کو ختم کرتا ہے۔ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے، بالوں اور سر کے جملہ امراض کے لیے آزمودہ ہے۔

5 برائے اعصاب بڑی پیکنگ: 450 روپے

جادو/ جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ چھوٹی پیکنگ: 250 روپے

مزارات مقدسہ اور قرآنی وظائف

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

حضرت سیدی مرشدی قبلہ خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا حکم ہے کہ خاص نمبر کیلئے وظائف تحریر کروں۔ تعمیل ارشاد میں سوچ رہا تھا کہ ایک اہم آئیڈیا ذہن میں آیا کہ کیوں نا اولیائے عظام اور علمائے کبار کی بارگاہ، مزارات اور دربار پر حاضر ہوکر ان سے درخواست کی جائے۔ حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بے شمار اور لاتعداد احسانات میں سے ایک خاص اور اہم بات یہ ہے کہ جہاں پر بھی حضرت کا سلام عرض کر کے درخواست کی، اللہ نے اور اللہ کے مقرب اور خاص بندے نے میرے مرشد کی لاج رکھی اور ضرورت وحاجت محض اللہ جل جلالہ کے فضل سے پوری ہوئی۔ اللہ نے اپنے خاص بندے اور میرے مرشد کے توسل سے مصائب وپریشانیوں کو نا صرف ختم فرمادیا بلکہ دشمن کو ایڑیاں رگڑنے پر مجبور کردیا اور اس نے خاک چاٹی۔ بہرحال یہ موضوع الگ تحریر کا تقاضا کرتا ہے۔ اس کو کسی اور موقع کیلئے اٹھا رکھتے ہیں۔

حضرت طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ

وظائف کے حصول کے سلسلے میں میانی صاحب قبرستان میں حضرت شیخ طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ کی درگاہ پر حاضری دی اور حضرت سیدی مرشدی خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا سلام عرض کر کے حاضری کا مقصد عرض کردیا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیشہ کی طرح خصوصی محبت، شفقت، عنایات، الطاف ومہربانی سے نوازنے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل وظائف مختلف مسائل کے حل کے لئے عنایت فرمائے جو افادۂ عام کیلئے پیشِ خدمت ہیں۔ ان تمام وظائف کی حضرت طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ کی جانب سے خزینۂ روحانیات کے قارئین کیلئے خاص اور اجازت عام ہے۔ پورے یقین اور کامل اعتماد سے وظیفہ پڑھنا ہے۔ کام اور مسئلے کے حل کی امید رکھنا انتہائی اہم اور بنیادی نقطہ ہے کامیابی کیلئے۔ اس لئے اس کو کبھی مت بھولیں۔

جادو اور جنات کا علاج اور ان سے حفاظت

تیرہ (۱۳) مرتبہ یا اکتالیس (۴۱) مرتبہ (حسب موقع کام کی نوعیت کے مطابق) آیۃ الکرسی پڑھیں۔

مزید ہر مقصد کیلئے کامیاب ومجرب وظیفہ ہونے کے ساتھ ساتھ خصوصی عطاء ہے۔

رزق کی برکت کے لیے

رزق کی برکت اور ترقی سمیت ہر حاجت کیلئے سورۂ یٰسین تین (۳) مرتبہ صبح فجر کے بعد اور تین (۳) مرتبہ شام مغرب کے بعد۔ مدتِ وظیفہ کم از کم گیارہ (۱۱) دن اور زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن جاری رکھیں۔

رزق میں برکت، ادائیگی قرض، دفع بندش ہر قسم

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (آل عمران:۲۷)

رزق کی برکت، ہر حاجت کے لیے، قرضہ کی ادائیگی کے لیے، ہر قسم کی بندش (رشتہ، رزق، سفر، کاروبار، صحت) کے خاتمے کے لیے۔ مدت اور تعداد وظیفہ گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح وگیارہ (۱۱) مرتبہ شام، اکتالیس (۴۱) یوم تک۔

حفاظت روحانی اور ہر مقصد کیلئے

سورۃ الاخلاص اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔ مقصد کے حصول تک جاری رکھیں۔

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ

جادو جنات سے حفاظت

گیارہ (۱۱) مرتبہ آیۃ الکرسی صبح وشام پڑھیں۔

جادو جنات سے حفاظت اور نجات کے لیے

معوذتین گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح و شام پڑھیں۔ کم از کم ۱۱، زیادہ ۴۰ دن۔

فراخیٔ رزق کے لیے

سورۃ الواقعہ تین (۳) مرتبہ اکتالیس (۴۱) دن پڑھیں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

دشمن سے نجات کے لیے

اِنَّ بَطۡشَ رَبِّكَ لَشَدِيۡدٌ ﴿۱۲﴾ (البروج: ۱۲)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بغیر بسم اللہ پڑھیں۔ زوال کے وقت بہتر ہے۔ ورنہ کوئی بھی وقت۔

ہر حاجت و مقصد براری کے لیے

وَاُفَوِّضُ اَمۡرِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿۴۴﴾

(المومن: ۴۴)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اکتالیس (۴۱) دن تک۔ کم ہونے کی صورت میں کم وقت کے لیے۔

برکت اور ترقی کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ ﴿۵۸﴾ (الذّٰریٰت: ۵۸)

ہر نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اکتالیس (۴۱) یوم تک۔

قرض کی ادائیگی کے لیے

سورۃ توبہ کی آخری دو آیات اکتالیس (۴۱) مرتبہ گیارہ (۱۱)، اکیس (۲۱) یا زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن۔

نظر بد سے حفاظت اور علاج

وَاِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۵۲﴾ (القلم: ۵۱-۵۲)

سات ثابت لال مرچیں لی جائیں۔ ایک لال مرچ پر درج بالا آیات سات بار پڑھ کر دم کی جائے۔ اسی طرح ساتوں لال مرچوں پر دم کیا جائے۔ پھر مریض کو لٹا کر اس پر سے سات چکر (گھڑی کی الٹی سمت میں) دے کر ساتوں مرچوں کو چولہے پر رکھ کر جلائیں۔ نظرِ بد ہونے کی صورت میں مرچوں سے دھسک نہیں آئے گی یا کم آئے گی۔ روزانہ عمل کریں، یہاں تک کہ دھسک آنا شروع ہو جائے۔

حضرت مولانا موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ

دشمن کے لیے

سورۂ لہب اکتالیس (۴۱) مرتبہ زوال کے وقت بغیر بسم اللہ پڑھیں۔ زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن۔

حصولِ غناء

غناء، تونگری کے لیے، فقر سے نجات اور حصولِ برکت کے لیے سورۂ اخلاص اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھیں۔

جادو جنات سے حفاظت اور علاج کے لیے

سورۃ الحشر کی آخری آیات حفاظت اور علاج کے لیے گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح اور گیارہ (۱۱) مرتبہ شام۔ سات (۷) مرتبہ بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

بندشِ رشتہ کا علاج

سورۂ مریم اور سورۂ طٰہٰ روزانہ ایک بار پڑھیں۔ اکیس (۲۱) دن۔

اولادِ نرینہ کے لیے

اولادِ نرینہ کے لیے سورۂ یوسف روزانہ ایک مرتبہ حمل کے پہلے چار ماہ پڑھیں۔

ہر مقصد اور حاجت پوری ہو

ہر مقصد اور حاجت و ضرورت کے لیے سورۃ یٰسین تین (۳) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

مزاراتِ اولیاء اور جنات سے حاصل کردہ قرآنی وظائف

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

سید عبداللہ شاہ قادری المعروف بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے خاص وظائف

ہر مقصد کے لیے

گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف، سورۂ قیامہ کا پہلا رکوع روزانہ بعد نماز عشاء ایک مرتبہ۔ اکیس (۲۱) دن۔

اٹھرا کے لیے

سورۂ ناس رات کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اول آخر درود ابراہیمی تین مرتبہ۔

مخلوق سے بے نیازی کے لیے

تین مرتبہ درود شریف، سورۂ اخلاص تازندگی تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ بعد نماز عشاء۔

روحانیت میں زبردست اضافے کے لیے

گیارہ بار درود شریف، سورۂ اخلاص کی دوسری آیت ''اللہ الصمد'' دائیں بائیں سر گھماتے ہوئے ایک سو (۱۰۰) بار بعد نمازِ عشاء، تازندگی۔

بے اولادی

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَاؕ وَ مَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ۠ (۴۰)

(النور:۴۰)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بعد نمازِ عصر، چالیس (۴۰) دن تک پڑھنا ہے۔ صحبت منع ہے۔ ناپاکی کے دنوں میں نہ پڑھیں۔

دشمن کی تباہی کے لیے

سورۂ فیل رات بارہ بجے انچاس (۴۹) بار۔ کسی بھی منگل سے آغاز۔ مدت انچاس (۴۹) دن۔

گمشدہ چیز کے لیے

اوّل آخر درود شریف گیارہ بار، سورۂ قریش اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اکتالیس (۴۱) دن۔ بعد نماز ظہر۔

خاص مقصد کے لیے

اول آخر تین بار درود شریف کا عمل سات (۷) بار، سات (۷) دن تک۔

حضرت پیر جی عبداللطیف کاظمیؒ المعروف حضرت بری امامؒ کا عطا فرمودہ زبردست عمل

گزشتہ دنوں اسلام آباد کی مشہور و معروف درگاہ پیر طریقت رہبر شریعت ولیٔ کامل حضرت پیر عبداللطیف صاحب کاظمی رحمۃ اللہ علیہ المعروف ''بری امام'' پر حاضری کا اتفاق ہوا۔ حاضری کے وقت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے طالب علم بھائی زوہیب معاویہ صاحب، قاری ساجد محمود، حافظ محمد وقاص صاحب، مولانا آزاد صاحب وغیرہ بھی ہمراہ تھے۔ مغرب کی نماز ہم نے دربار شریف سے متصل مسجد میں ادا کی۔ ادائیگی نماز کے بعد حضرت کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ ایصال ثواب کے بعد مراقبے میں حضرت سے گفتگو شروع ہوئی۔ تو بس پھر تو دعائیں ہی دعائیں ہی تھیں۔ اس بھرپور نشست میں اس قدر لطف آیا کہ وقت گزرنے کا احساس تک نہ ہوا۔ جی ہاں! وہ لطف، وہ مزا، وہ راحت، وہ

سکون، وہ آرام، وہ روحانیت، میں اپنے الفاظ اور اپنی تحریر میں بیان نہیں کرسکتا۔ چونکہ میرے پاس وہ الفاظ ہی نہیں ہیں اور نہ ہی وہ انداز بیان ہے کہ جس میں میں اس محفل کی پوری پوری عکاسی کرسکوں۔ میری اس بات سے شاید کچھ لوگ متفق نہ ہوں، لیکن وہ احباب ضرور ضرور میری اس بات کو تسلیم کریں گے جن کے دل اولیاء اللہ کی محبت سے سرشار ہیں۔ بقول کسی شخص کہ "راہ پیا جانے یا واہ پیا جانے"۔ بے شک صحیح فرمایا جس نے بھی فرمایا، حق اور سچ فرمایا ہے۔ چونکہ ہم نے اس راہ پر بھی چل کر دیکھا ہے اور ان صاحب مزار بزرگان دین سے واسطہ بھی پڑا ہے۔ دور سے بیٹھ کر صرف تبصرے ہی کیے جاسکتے ہیں۔ بے شک آج میں جس مقام پر کھڑا ہوں، اس کے پیچھے میرے والدین کریمین، میرے اساتذہ کرام، میرے بزرگوں کی دعائیں ہیں۔ لیکن میری روحانی تربیت میں میرے دو محسنوں کا احسان میں زندگی بھر نہیں ادا کرسکتا۔

1 میرے استادِ محترم، میرے روحانی والد، میرے روحانی بزرگ وپیشوا حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ۔

2 میرے برادر کبیر میرے انتہائی محسن ومربی حضرت حافظ حکیم محمد ابرارالحسن قمر صاحب مدظلہ العالیٰ۔

میں بارگاہ الٰہی میں ہر وقت، ہر لمحے، ہر گھڑی، ہر صبح شام ان دونوں ہستیوں کیلئے دعا گو رہتا ہوں کہ اللہ ان کی زندگیوں میں برکت عطا فرما کر ان کا سایہ تا دیر میرے سر پر قائم ودائم رکھے۔ آمین ثم آمین۔

قارئین بات دوسری سائیڈ پر نکل گئی، درگاہ شریف سے واپسی پر حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ایک خاص وظیفہ عنایت فرمایا۔ یہ وظیفہ ہر قسم کے حاسدوں، دشمنوں، مخالفوں، شریروں، جادو کرنے اور جادو کرانے والوں کے تمام شر اور جادو کو ان پر واپس پلٹنے کیلئے ہے۔ اس عمل کی حضرتؒ کی طرف سے آپ کو بھی اجازت ہے لیکن ایک شرط کے ساتھ کہ اس عمل اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف، گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ، گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص کی تلاوت کر کے حضرت والا کو ایصالِ ثواب کریں۔ خاص وظیفہ درج ذیل ہے:

روزانہ بعد نمازِ عشاء انچاس (۴۹) مرتبہ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔ اول آخر درود شریف نہیں پڑھنا ہے۔

سورۂ مزمل کے جنات کے بتلائے ہوئے وظائف

نافرمان اولاد کے لیے

كَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ ۙ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾ فَلۡيَدۡعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿۱۷﴾ سَنَدۡعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿۱۸﴾ كَلَّا ؕ لَا تُطِعۡهُ وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ ﴿۱۹﴾ (العلق:۱۵-۱۹) ...... سورۂ العلق کی آخری پانچ آیات، اکتالیس (۴۱) بار، اکتالیس (۴۱) دن بعد نمازِ فجر۔

کسی بھی جائز مقصد کے جلدی حل کے لیے

گیارہ بار اوّل آخر درود شریف، وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى ؕ﴿۵﴾ (والضحیٰ:۵) چالیس (۴۰) بار، چالیس (۴۰) دن۔

دشمن کی سازش ناکام بنانے کے لیے

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾ (الکوثر:۳)

انچاس (۴۹) بار، انچاس (۴۹) دن بعد نمازِ فجر۔ آغاز منگل سے کرنا ہے۔

زوجین میں شدید محبت کے لیے

اوّل آخر تین بار درود شریف، وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ (طٰہٰ:۳۹)

اکیس (۲۱) بار، چالیس (۴۰) یوم۔

برائے کثرت رزق

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰى ؕ﴿۸﴾ (والضحیٰ:۸) ایک سو بار، تازندگی۔

اُمنت باللہ کے جنات کے بتلائے ہوئے وظائف

کسی بھی پریشانی سے نجات کیلئے

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ ﴿۱۷۳﴾ (آل عمران:۱۷۳) (بقیہ ص 38)

عاملین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

فضیلۃ الشیخ عبدالباسط شاذلی نقشبندی حفظہ اللہ

(خلیفہ پیر سید نورزمان نقشبندی شاذلی حفظہ اللہ)

رزق/روزگار

سورۃ مزمل کی آیت:

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبۡحًا طَوِيۡلًا ؕ (المزمل:۷)

اس آیت کو چاشت کی نماز کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے اکتالیس (۴۱) دن تک۔ رزق کو کھینچ کر لاتا ہے۔

جائز مقاصد کے لیے

سورۃ الضحیٰ:

وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى ؕ (الضحیٰ:۵)

ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ۔ اول آخر درود شریف۔ روزانہ پڑھنا ہے۔ مقاصد کے حل کے لیے۔

رزق کے لیے/فتوحات کے لیے

رزق کے لیے/فتوحات کے لیے سورۃ النصر کو روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ روزگار کی جگہ پر پڑھنے سے گاہک کھنچ کر دکان کی طرف آنا شروع ہوجائیں۔

جائز حاجات کے لئے

کسی بھی جائز حاجت کے لئے یہ آیات اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اول درود ابراہیمی پڑھ کر کھلا پڑھتے رہیں۔ اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر اس کو لا تعداد پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ (۱۱) دن میں حالات بہتر ہوجائیں گے۔

اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَيۡـًٔـا اَنۡ يَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبۡحٰنَ الَّذِىۡ بِيَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَىۡءٍ وَّاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۳﴾

(یٰس: ۸۲-۸۳)

........................*............*............*

حضرت مولانا ارشد حسن ثاقب مدظلہ

قضائے حاجات کیلئے

کسی بھی قسم کی حاجت کیلئے سورۂ یٰسین شریف کا درج ذیل عمل تین دن متواتر کریں۔ ان شاء اللہ وہ حاجت برآئے گی۔ روزانہ گھر کے افراد اجتماعی طور پر بہتر (۷۲) بار یٰسین شریف کی تلاوت کر کے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔

مالی پریشانی کا حل

سورۃ مزمل شریف روزانہ اکیس (۲۱)، اکتالیس (۴۱)، بہتر (۷۲) یا کم از کم گیارہ (۱۱) بار کا معمول رکھیں۔ ان شاء اللہ آہستہ آہستہ ہر قسم کی مالی پریشانیاں دور ہوجائیں گی۔

نیک صالح اولاد کیلئے

جن کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو، وہ صبح وشام ایک سو (۱۰۰) بار یہ دعائے قرآنی پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ نیک صالح اولاد عطا فرمائیں گے۔

رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيۡعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

(آل عمران:۳۸)

........................*............*............*

قاری طاہر شمسی صاحب (سرگودھا)

برائے واپسی سحر و حفاظت از سحر و جنات

جادو زدہ شخص جادو کا علاج کسی باقاعدہ مستند عامل سے کرانے کے بعد درج ذیل اذکار کو اپنے لئے لازم کرے۔ ان شاء اللہ جادو کرنے والے منہ کی کھائیں گے اور ناکامی ان کا مقدر ہو گا۔ یہ پانچ چیزیں اکیس (۲۱) اکیس (۲۱) بار روزانہ صبح و شام پڑھیں۔ بہت ہی مجرب اور موثر ہے۔

۱) درود شریف: اللّٰھم صلی علی محمد و علی آل محمد وبارك وسلم — اکیس (۲۱) بار
۲) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ — اکیس (۲۱) بار
۳) سورہ الم نشرح — اکیس (۲۱) بار
۴) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ — اکیس (۲۱) بار
۵) درود شریف مذکورہ بالا — اکیس (۲۱) بار

کثیر الفوائد خاص الخاص قرآنی عمل

یہ ایک کثیر الفوائد قرآنی عمل ہے۔ چند فوائد یہ ہیں:
تعویذات کی برآمدگی، جادوگروں سے حفاظت، جنات سے حفاظت، قبضہ شدہ چیزوں سے قبضہ چھڑوانے، ہر قسم کی حاجت کی تکمیل، دشمنوں کے شر سے حفاظت، دشمنوں کی چالوں کو ناکام کرنے، رقم کی واپسی۔

عمل یہ ہے:

آیۃ الکرسی — اکیس (۲۱) بار
درود شریف — سات (۷) بار
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ — ایک سو ایک (۱۰۱) بار
درود شریف — گیارہ (۱۱) بار
سورۃ الفیل — اکیس (۲۱) بار
سورۃ الکوثر — اکیس (۲۱) بار
سورۃ لہب — اکیس (۲۱) بار
سورۃ الزلزال — اکیس (۲۱) بار

مذکورہ بالا اذکار پڑھنے والا شخص ہر طرح کے جادوگروں کے حملوں سے محفوظ رہے۔ چاہے جتنا بڑا جادوگر ہو اور جادو کی اشیاء جہاں جہاں دبائی گئی ہوں گی، وہ سب خود بخود زمین سے نکل کر باہر آجائیں اور سب جادو بے اثر اور باطل ہو جائے گا۔ بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے۔

....................*..........*..........*

مولانا عبدالرشید صفدر (واہ کینٹ)

روٹھی بیوی کو بلانا

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجات پڑھے۔ پھر مصلے پر کھڑے ہو کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ

اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ (فاطر ۲۲)

پڑھیں۔ تین (۳) دن، گیارہ (۱۱) دن، اکتالیس (۴۱) دن۔ بیوی ناراض ہو تو مرد پڑھے۔ مرد ناراض ہو تو بیوی پڑھے۔ بار ہا کا مجرب عمل ہے۔

....................*..........*..........*

مولانا قاری ممتاز صاحب

(رکن روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور)

ہر مشکل کے حل کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران:۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اکیس (۲۱) دن۔ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف۔ یہ عمل حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کی قبر پر مراقبہ کیا تو روحانی طور پر عطا ہوا۔

رزق میں برکت اور کاروبار کی ترقی کے لیے

ترقی کاروبار کیلئے سورۂ بقرہ (مکمل) منگل کے روز پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاءاللہ رزق میں برکت ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔ یہ عمل سات سلام اور چہل کاف کے جنات نے عطا کیا۔

............*......*......*......*

محمد علیم صاحب

(رکن روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور)

رشتہ کے لیے

سورۂ کوثر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار۔ بعد نمازِ عشاء اکیس (۲۱) دن تک پڑھیں۔ اختتام پر سوا پاؤ یا سوا کلو میٹھی چیز بانٹیں۔ یہ عمل حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ کی قبر پر مراقبہ کیا تو روحانی طور پر عطا ہوا۔

............*......*......*......*

محمد زمان شاہ (الحمد والے شاہ جی)

روزگار کی بندش اور رزق کی فراوانی کیلئے مجرب ترین

بے روزگاری یا رزق کی تنگی کیلئے مجرب المجرب وظیفہ پیشِ خدمت ہے۔ رجال الغیب اور ساعتِ مشتری کا وقت لازمی منتخب کریں۔ ان شاءاللہ غیب سے رزق ملے گا اور بے حساب ملے گا۔

درود شریف دس بار۔ سورۃ اخلاص ایک تسبیح۔ سورۃ انا انزلنا پچاس بار۔ سورۃ الطلاق پارہ نمبر 28 آیات نمبر 2 اور نمبر 3 ایک تسبیح۔ اس کے بعد اپنے رزق اور روزگار کیلئے دعا کیجئے۔ ویسے تو یہ عمل 27 دن کا ہے۔ اگر ہمیشہ کیلئے معمول بنالیں تو ان شاءاللہ رزق کی کمی نہیں رہے گی۔

آیات یہ ہیں:

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۚ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿٢﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۚ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىْءٍ قَدْرًا ﴿٣﴾ (الطلاق: ۲-۳)

............*......*......*......*

قاری محمد حسن رضوی (لاہور)

رزق کے لئے

نوچندی پیر سے سورۂ اخلاص کی آیت ''اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾'' تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ تین مہینے تک۔ ان شاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی۔

............*......*......*......*

پیر ناصر قلندری

حصولِ دولت

بعد نمازِ صبح ایک سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ نصر، اوّل آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

............*......*......*......*

محمد عبداللہ خان صاحب نقشبندی مجددی

کشائش رزق کے واسطے

روزمرہ نمازِ عشاء کے بعد مع اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے، اکیس (۲۱) بار سورۂ مزمل شریف پڑھا کرے۔ مگر ہر بار جب لفظ پر پہنچے تو پچیس (۲۵) بار کلمہ پڑھ کر سورت تمام کرے۔ بشرطِ مداومت، رزق میں وسعت ہوگی۔

قیصر احمد بی۔ اے۔ (کراچی)

قرآنی وظائف

دعاءِ فتح

یہ دعا فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔ اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹکا ہوا ہو، اس کیلئے اور اس کے علاوہ ہر جائز و فتح مراد کیلئے اس آیت کو عقیدے کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیئے۔ یہ آیت ہر کام کیلئے کارآمد ہے۔ یہ آیت آزمودہ ہے۔ اِنَّمَآ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿۸۲﴾ (یٰس: ۸۲)

برائے اولاد

جو شخص اولاد سے محروم ہو، وہ روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔ اس کے علاوہ اس آیت مبارکہ کا ورد بھی کرے:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا ﴿۵۶﴾ (الاحزاب: ۵۶)

ذاتی مکان کیلئے

جس کے پاس اپنا ذاتی مکان نہ ہو، وہ روزانہ بلا ناغہ بعد نمازِ عشاء اوّل و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ ایک سو اکیاون (۱۵۱) بار یہ آیت پڑھے اور دعا کرے۔ مقصد پورا ہونے تک یہ عمل کرے۔

وَلَقَدۡ مَكَّنّٰكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ وَجَعَلۡنَا لَكُمۡ فِيۡهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۱۰﴾ (الاعراف: ۱۰)

رزق کی فراوانی و دولت حاصل کرنے کا وظیفہ

جو شخص یہ آیت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھتا رہے گا، وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا اور نہ اس کے رزق میں کمی ہوگی اور دولت کثرت سے آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے:

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى ﴿۵﴾ (والضحیٰ: ۵)

نیند لانے کا مجرب وظیفہ

بستر پر باوضو دائیں کروٹ قبلہ رخ لیٹ کر سات (۷) مرتبہ پڑھیں

وَتَحۡسَبُهُمۡ اَيۡقَاظًا وَّهُمۡ رُقُوۡدٌ (الکہف: ۱۸)

ان شاء اللہ اس عمل سے پرسکون نیند آئے گی۔

بقیہ: مزاراتِ اولیاء اور جنات سے حاصل کردہ قرآنی وظائف

گیارہ (۱۱) مرتبہ بعد نمازِ فجر، چالیس (۴۰) دن تک۔

ہر دل عزیز بننے کے لیے

وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الۡخَيۡرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۲۶﴾ (ال عمران: ۲۶)

تیرہ (۱۳) مرتبہ بعد نمازِ عشاء، تا زندگی۔

کسی بھی بیماری سے نجات کے لیے

اول آخر تین بار درود شریف، سورۃ فاتحہ سات (۷) بار، ہر نماز کے بعد۔ چالیس (۴۰) دن تک۔

تمام امراضِ معدہ و جگر کے لیے

سورۃ البینہ تین (۳) بار روزانہ، اکیس (۲۱) دن تک۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لیے

وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَيۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ (یٰس: ۹)

اکیس (۲۱) مرتبہ، اکیس (۲۱) دن، بعد نمازِ عشاء۔

جادو اور جنات کے اثرات کے خاتمے کے لیے

سورۃ زلزال اکتالیس (۴۱) بار، اکتالیس (۴۱) دن۔

ناجائز تعلقات چھڑوانے کے لیے

سورۃ قارعہ بعد نمازِ فجر، اکیس (۲۱) بار، اکتالیس (۴۱) دن۔

جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج

مولانا عبدالرحمٰن عثمانی

زبان کی لکنت کا علاج

کوئی شخص ٹھیک سے بولنے پر قادر نہ ہو تو پانچوں نمازوں کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھے بہت مفید ہے۔ ان شاء اللہ، شفاء من جانب اللہ ہوگی۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾ (طٰه:۲۵-۲۸)

ہونٹ پھٹنے کا علاج

اگر کسی شخص کے ہونٹ پھٹے ہوئے ہوں تو سورۃ والضحیٰ (پ 30) ابتداء سے ''فَهَدٰی'' تک تین بار اور سورۃ اذا زلزلت (پ 30) ابتداء سے ''اَشْتَاتًا'' تک تین بار پڑھیں اور پڑھنے والا پڑھتے وقت اپنا داہنا ہاتھ پھٹی ہوئی جگہ پر رکھے۔ ان شاء اللہ العزیز، درد دور ہو جائے گا اور پھٹے ہوئے ہونٹ ٹھیک ہو جائیں گے۔

زبان پر سوزش کا علاج

سورۂ فتح کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اکیس اکیس بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ زبان کی سوجن رفتہ رفتہ ٹھیک ہو جائے گی اور مرض سے صحت یابی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ﴿۱﴾ لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ وَیَهْدِیَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ﴿۲﴾ وَّیَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْٓا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۴﴾ لِّیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَیُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۵﴾ وَّیُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِیْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّیْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَیْهِمْ دَآىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِیْرًا ﴿۶﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِیْزًا حَكِیْمًا ﴿۷﴾ (الفتح:۱-۷)

جوڑوں کے درد کا علاج

سورۂ علق (اقرا باسم ربك) کا صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا، پھر ایک سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

سات مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کیلئے نہایت مفید عمل ہے۔

پیشاب میں خون آنے کا علاج

اگر کسی کو پیشاب میں خون آنے لگے تو سورۃ القریش کھانا کھانے سے پہلے پڑھیں اور جو یہ چاہے کہ اسے یہ عارضہ کبھی لاحق نہ ہو تو وہ بھی کھانا کھانے سے پہلے سورۃ القریش پڑھ لیا کرے۔ اس عمل کا معمول بنا لینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اس عارضہ سے محفوظ رہے گا۔

شوگر کا علاج

جس شخص کو شوگر کا مرض ہو اسے چاہئے کہ دن میں ایک بار کسی بھی وقت مقررہ پر اول، تین یا پانچ یا سات مرتبہ درود شریف پڑھے، پھر یہ آیت

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾ (الطارق:۸)

ایک بار اور سورۃ عادیات ایک بار پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ''ترجمہ: ''مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی''۔ (مشکوٰۃ ص 167)

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اہداف

مختلف دینی مدارس میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت یا ان کے اخراجات میں تعاون ❁ **ختم نبوت** کے مختلف پروجیکٹس میں مالی امداد کیجئے اور شفاعت نبی کریم ﷺ کے حق دار بنئے ❁ **نابینا افراد** کی مالی امداد کر کے ان کے مستقبل کو سنوارئے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت کیجئے ❁ بیواؤں، یتیموں کی پرورش کے لیے ماہانہ امداد کرنا ❁ جنگ، زلزلہ، سیلاب یا آسمانی آفات کی صورت میں متاثرین کی امداد کرنا۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ درج ذیل شعبہ جات میں مستحق مسلمان بہنوں اور بھائیوں کی مدد کیلئے آپ کے تعاون کا طلبگار ہے

❁ ایسے طلباء وطالبات جو تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں لیکن وسائل نہ ہونے کی بناء پر مشکلات کا شکار ہیں ان کو فیس، درسی کتب وغیرہ فراہم کرنا۔

❁ ایسے خواتین و حضرات جو بیمار ہیں اور مالی مشکلات کی وجہ سے اپنا علاج معالجہ نہیں کرواسکتے۔ ان کو علاج معالجہ کیلئے وسائل مہیا کرنا۔

❁ ہمارے بہت سے ایسے بہن بھائی ہیں، جو پہننے کے لئے کپڑے نہیں بنا سکتے۔ ایسے بہن بھائیوں کو نیا یا استعمال شدہ لباس فراہم کرنا۔

❁ اس مہنگائی کے دور میں جن غریب گھرانوں میں اشیائے خورد و نوش کی قلت ہے، ان گھرانوں میں غذائی اجناس فراہم کرنا۔

❁ زلزلہ زدگان کی امداد ❁ متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون ☆ مساجد کی تعمیر میں حصہ ☆ مدارس کے اخراجات میں تعاون

حج فنڈ: ایسے مخیر حضرات جن کے والدین حج نہ کرسکے ہوں وہ حج بدل کروانے کیلئے رابطہ فرمائیں۔ ادارے میں ایسے بہت سے افراد ہیں جو حج کرنے کی تمنا رکھتے ہیں۔ آپ علماء وقراء کرام سے بھی حج بدل کرواسکتے ہیں۔

عمرہ فنڈ: جو حضرات عمرہ پر جانے کے خواہش مند ہیں، ان کے سفری اخراجات کا بندوبست کرنا۔

جہیز فنڈ: یتیم بچے، بچیوں کی شادی کیلئے جہیز اور ضروری استعمال کا سامان مہیا کرنا۔

جنگ زدہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں: بے سہارا شامی مہاجرین کی دادرسی کریں اور اپنی مالی حیثیت کے مطابق مالی تعاون پیش کیجئے۔

سحر و افطار فنڈ: رمضان المبارک کی مبارک ساعتوں میں غریب، کمزور، مفلوک الحال لوگوں کی سحری وافطاری کا خصوصی انتظام کیا جاتا ہے۔

مخیر صاحبان ثروت سے مخلصانہ اپیل: وہ لوگ جن کے دل میں انسانیت کا درد ہے، جو انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کچھ کرنا چاہتے ہیں، جن کو دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد کے ساتھ اتفاق ہے، وہ آگے بڑھیں اور ان تمام خیر کے کاموں میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کو عنایت فرمائیے۔

مہربانی فرما کر عطیہ دیتے وقت یہ تحریر فرمائیں کہ آپ کس مد (یعنی زکوٰۃ، صدقہ، خیرات یا کوئی اور) میں عطیہ دے رہے ہیں۔ طلب کرنے پر مستحق افراد کا نام و پتہ دیا جاتا ہے۔ نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ، خیرات، فطرانہ، فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ) بذریعہ منی آرڈر یا خود دفتر آکر جمع کرواسکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں: 042-35410586, 0312/0320-7772772

بہت سی دعاؤں کے ساتھ منتظر علی مقبول حفظہ اللہ

پیر صوفی غلام سرورِ شباب قادری صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

سجادہ نشین دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ (اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان)

مندرجہ ذیل مضمون ہماری زیر طبع کتاب ''فیضان القرآن'' حصہ دوم سے ماخوذ ہے۔

بسم اللہ شریف کے فیوض

دوزخ کی آگ حرام ہو

جو کوئی روزانہ نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بسم اللہ شریف کو 19 مرتبہ پڑھے اور اس پر ہمیشگی رکھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُس پر دوزخ کی آگ حرام کر دے گا۔

عالم علوی وسفلی میں رعب ہو

جو کوئی فرد روزانہ صبح وشام ہمیشگی کے ساتھ بسم اللہ شریف کو 150 مرتبہ پڑھا رہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کو عالم علوی وسفلی میں رعب عطا فرمائے گا۔

جائز حاجت پوری ہو

اگر کوئی شخص اپنی کسی بھی جائز حاجت کے لیے سات دن بلا ناغہ بسم اللہ شریف کو 786 مرتبہ روزانہ پڑھے تو اُس کا جو بھی مقصد ہوگا، وہ پورا ہو جائے گا۔

رات کو حفاظت......تنگی ختم......فراخی رزق

جو کوئی شخص بسم اللہ شریف کو روزانہ رات کو سونے سے قبل 21 مرتبہ پڑھے اور پھر کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائے تو وہ شیطان، چوری اور اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔ اور اُس کی ہر قسم کی تنگی ختم ہو جائے گی اور اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کے رزق کو وسیع فرما دے گا۔

سورۂ فاتحہ کے بعض فوائد

سوائے موت کہ ہر آفت سے امن

درد چشم دور کرنے کے لیے 21 دفعہ یہ سورۃ پڑھی جائے یا کسی درد کے لئے حسب توفیق پڑھی جاسکتی ہے۔

سُوْرَۃُ الْفِیْل

دشمن دور کرنے کے لئے 72 دفعہ یہ سورۃ پڑھی جائے۔ روزانہ بعد از نمازِ عصر تقریباً 21 دن تک یہ سورۃ پڑھے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے دشمن سے

چھٹکارا ہوگا۔

سُوْرَۃُ قُرَیْش

جو کوئی حاجت مند ہو تو وہ 101 مرتبہ بعد از نمازِ فجر اس کی تلاوت کرے۔ پڑھنے سے پہلے اور پڑھنے کے بعد درود شریف پڑھے اور اللہ کی بارگاہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ دعا مستجاب ہوگی۔

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْن

جب کوئی گھریلو مشکل پیش ہو تو گھر میں کوئی فرد اس سورۃ کو ایک سو (100) مرتبہ تلاوت کرے۔ اللہ گھریلو پریشانی کو دور فرمائے گا۔ یہ عمل دو دن کا ہوگا۔

سُوْرَۃُ الْکَوْثَر

جب کوئی دشمن آپ کو ذاتی قسم کی تکلیف پہنچائے اور طعنہ زنی کرے تو اس سورۃ کی تلاوت سے وہ اپنے اس فعل سے رک جائے گا یا اگر کوئی شخص بیٹی سے محروم ہے تو اللہ تعالیٰ بیٹی عطا فرمائے گا۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْن

دفع آفات و بلیات کے لئے اس سورت کی تلاوت بڑی مفید ہے۔ یہ سورہ روزانہ تین دن تین سو مرتبہ بعد از نمازِ مغرب پڑھی جائے۔ ہر قسم کی آفات و بلیات سے چھٹکارا ہوگا۔

سُوْرَۃُ النَّصْر

یہ سورۃ فتح اور نصرت کے لئے پڑھی جاتی ہے اور اس طرح کامیابی اور کامرانی نصیب ہوتی ہے۔ اس کا ورد روزانہ 200 مرتبہ کیا جائے۔ اول و آخر درود پاک 11 مرتبہ پڑھی جائے۔ ہر جائز کام میں کامیابی ملے گی اور ان شاء اللہ، اللہ پاک کرم کرے گا۔

سُوْرَۃُ اللَّھَب

ظالم کو ظلم سے روکنے کے لئے یہ سورہ 11 مرتبہ پڑھے یا 300 دفعہ پڑھے۔ ظالم اپنے ظلم سے باز رہے گا۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص

رفع حاجات کے لیے یہ سورۃ اکسیر ہے۔ سورۃ الاخلاص روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھی جائے۔ تقریباً 21 یوم کا عمل کرے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہر حاجت پوری ہوگی۔

سُوْرَۃُ الْفَلَق

اس سورۃ کو دفع سحر کے لئے پڑھا جاتا ہے۔ 100 مرتبہ روزانہ بعد از نمازِ مغرب تقریباً سات یوم تک پڑھے۔ ہر قسم کے جادو اور ٹونے کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

سُوْرَۃُ النَّاس

یہ سورۃ دفع سحر (جادو) کے لئے پڑھی جاتی ہے۔

دارالعمل چشتیہ

1 شعبہ نشرو اشاعت: اسلامی، تصوف، روحانی وعملیاتی طبی وتربیتی کتب، رسائل، پمفلٹ وپوسٹرز کی اشاعت۔ (darulamal.org/publications)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات: ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا رسالہ ہے جو روحانی ومخفی علوم کے شائقین کے لئے علوم کا خزانہ ہے۔ روحانی علوم نہایت دلچسپ اور مفصل انداز میں بیان کئے جاتے ہیں۔ ایک خالص روحانی علوم کا حامل مجلّہ جو قدم بہ قدم عامل کی رہنمائی کرتا ہے اور آپ کو روحانی دنیا کا تعارف کرواتا ہے اور رابطہ سکھاتا ہے۔ نیز اسلامی معلومات، تصوف، اولیاء اللہ کے حالات، نفسیاتی مسائل اوران کے حل، نفسیاتی بیماریوں کی معلومات وعلاج، معاشرتی مضامین برائے اصلاحِ عوام، ذہن وجسم کے لئے تربیتی مضامین اور طبی مضامین (ہومیوپیتھی، حکمت، بائیوکیمک، علاج بالغذا وغیرہ) بھی دیئے جاتے ہیں جو کہ عوام کیلئے نہایت مفید ہیں۔ (darulamal.org/magazines/ruhani)

2 روحانی درسگاہ: یہ شعبہ روحانی ومخفی علوم سکھانے کا شعبہ ہے۔ الحمدللہ کثیر تعداد میں طالبین علومِ روحانیات، روحانی علوم سیکھ رہے ہیں۔ ابتداء سے انتہا تک تمام منازل نگرانی میں طے کروائی جاتی ہیں۔ روحانی تشخیص کرنا، جادو اور جنات کا علاج کرنا، حب وبغض کے عملیات، جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حصارات اور دفاع کے کثیر اعمال، دشمن سے نمٹنے اور نجات کے اعمال، علم الاعداد، علم النقوش، علم الساعات اور بہت کچھ سکھایا جاتا ہے۔ جو لوگ چِلّہ کشی نہیں کرسکتے ان کے لئے نقد صدقہ ادا کرکے سکھانے کا بھی انتظام ہے اور کثیر اعمال ہیں جو نقد صدقہ ادا کرکے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ نیز روحانی عاملین جو بنیادی درجہ حاصل کرچکے ہوں، ان کو بڑے باموکل اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں۔ شرعاً جائز کئی اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔
(darulamal.org/ruhanidarsgah)

3 روحانی علاج گاہ: شریعت اسلامیہ کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اور کفر وشرک سے بچتے ہوئے قرآنی آیات، مسنون دعاؤں، اکابرین سے ثابت شدہ اعمال وظائف اور شرعاً جائز عملیات سے ہر قسم کی مشکلات ومسائل کے حل کے لئے کوشش کی جاتی ہے۔ خاص کر جنات اور جادو کا علاج جس میں آج کل عام وخاص کی اکثریت مبتلا ہے۔ جادو واپس لوٹانا، ہر قسم کی بندش کا توڑ، لڑائی جھگڑے، شادی نہ ہونا، پسند کی شادی، اولاد کا نہ ہونا، معاشی مسائل، تعلیمی مسائل، گھریلو مسائل، نوکری کے مسائل، دشمن کے مسائل، اولاد کی نافرمانی اور غلط راہ پر چلنا، ناجائز تعلقات کی جدائی وغیرہ الغرض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تمام مسائل وپریشانیوں کا ممکنہ حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/ruhaniilajgah)

4 مطب العارف: جسمانی بیماریوں کے علاج کا شعبہ ہے۔ ہومیوپیتھک، بائیوکیمک، طب یونانی، ریکی، کلرتھراپی، اروماتھراپی، سپیرچوئل ہیلنگ، ہپناٹزم، سائیکوتھراپی اور طب روحانی سے مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ماہرین علاج کرتے ہیں۔ شفاء منجانب اللہ۔ (darulamal.org/matabalaarif)

5 مکتبۃ العارف: روحانی، طبی، دینی اور متفرق کتب ورسائل کی اشاعت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف موضوعات پر کتب خصوصی رعایت پر بھی دستیاب ہیں۔ خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ پرانی کتب بھی دستیاب ہیں۔ (darulamal.org/bookshop)

6 لائبریری: مختلف مسالک کے اسلامی، روحانی، طبی، رسائل اور پمفلٹ وغیرہ بھی موجود ہیں۔ خصوصاً عملیاتی کتب کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے، جس میں شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ کتب ہیں جو عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ نیز کثیر تعداد میں ماہنامے اور مختلف مجلّے قدیم اور جدید بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو کوئی خاص کتاب مطلوب ہو تو اس کی فوٹو کاپی یا scan کاپی مناسب قیمت پر مہیا کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/library)

7 شعبہ آڈیو و ویڈیو: محافل قراءت، حدر، ترتیل، مصری قراء کرام کی تلاوتیں، حمد ونعت، بیانات، مکمل قرآن مجید، مناظرے، تراویح، مشاعرے وغیرہ پر مشتمل کیسٹس، سی ڈیز CDs، ڈی وی ڈیز DVDs کی ریلیز وفروخت کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/multimedia)

8 آئی ٹی: 30 سے زائد قرآنی فونٹس اور 1000 سے زائد اردو، عربی، فارسی فونٹس کی کلیکشن موجود ہے۔ نیز اپنی مرضی کا فونٹ اپنی مرضی کے Inpage میں سیٹ کیا جاتا ہے۔
(darulamal.org/it)

9 روحانی دکان: روحانی علاج وچِلّہ کشی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی فراہمی کی جاتی ہے۔ مثلاً چھپے ہوئے تعویذات ونقوش مختلف اقسام کی اگربتی، زعفران، مشک نافہ، مختلف خوشبو اور کوالٹی کے بخور اور بخور دان، عربی وانڈین عطورات کی زبردست ورائٹی، آلہ یکسوئی، الواح وغیرہ۔ (darulamal.org/ruhanishop)

10 ٹرسٹ: دینی وفلاحی کاموں میں معاونت کا شعبہ ہے۔ صدقات، عطیات اور زکوٰۃ کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ مستحق افراد کی کفالت کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز مختلف حوائج ومسائل میں غرباء سے تعاون کیا جاتا ہے۔ (darulamal.org/trust)

11 شعبہ شادی: سنی مسلک کے لوگوں کے لئے رشتے کروانے کا شعبہ ہے۔ طرفین کا رابطہ کروا کر ازدواجی رشتے میں منسلک کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ رشتہ طے ہونے کی کوئی فیس نہیں۔ جو جس کی خوشی ہو، وہ ادارے کے ٹرسٹ میں جمع کرواسکتا ہے۔ نیز صرف فون پر رابطہ کروایا جاتا ہے، نہ ساتھ جاتے ہیں، نہ ہی کوئی ذمہ داری لی جاتی ہے۔ (darulamal.org/matrimonial)

پوسٹ بکس نمبر 9118، پوسٹ کوڈ 54570، لاہور۔

فون نمبر 042-35410586 رابطہ 0343-7772772, 0320-7772772 info@darulamal.org

حفاظت کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

جنات وشیاطین سے حفاظت کے لیے

سوتے وقت سورۂ اخلاص دوسو (۲۰۰) بار پڑھے۔ جنات و شیاطین سے حفاظت رہے گی۔

ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے

روزانہ ظہر کی نماز کے بعد حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ چارسو پچاس (۴۵۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف۔ ان شاء اللہ، تمام خطرات وحوادث سے محفوظ رہیں گے۔

دشمن سے حفاظت کے لیے

بعد نمازِ عشاء، اول و آخر درود شریف ایک تسبیح (۱۰۰)، پانچ تسبیح (۵۰۰) یہ آیت پڑھیں: ''حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ''۔ پھر سجدے میں سر رکھ کر ''رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ'' ایک تسبیح (۱۰۰) پڑھ کر عاجزی سے دعا کریں۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت رہے گی اور عزت وآبرو حاصل ہوگی۔ عمل کا اخفاء زیادہ فائدہ مند ہوگا۔

پورا مہینہ بلاؤں سے حفاظت

بعض شروح بخاری میں لکھا ہے کہ اگر سورۂ ملک کو کوئی نیا چاند دیکھتے وقت پڑھ لے تو وہ پورا مہینہ تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔

احتلام سے حفاظت

سورۂ نوح پڑھیں۔ ان شاء اللہ احتلام سے حفاظت رہے گی۔

سفر کے دوران حفاظت کے لیے

سفر پر جاتے وقت ایک بار آیت الکرسی اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔ ان شاء اللہ سفر سے واپسی تک پڑھنے والا امن وامان میں رہے گا۔

برائی سے حفاظت

سورۂ کافرون روزانہ ہرنماز کے بعد پڑھ لینا ہر شر اور برائی سے محفوظ رکھتا ہے۔

سحر، درندے یا انسان کے حملے سے حفاظت

ساحر کے سحر سے، شیر کے حملہ سے یا کسی جانور یا آدمی کے حملے سے محفوظ رہنے کے لیے ان آیات کو سات سات بار پڑھیں۔

۱) وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (طٰہٰ:۶۹)

۲) اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۔ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا (الطارق:۱۵-۱۶)

سورۂ قریش کا عمل

سورۂ قریش، بسم اللہ کے ساتھ، بعد نماز مغرب اکتالیس (۴۱) مرتبہ اول آخر گیارہ (۱۱) بار درود شریف۔ حفاظت کے لیے بہت ہی مقبول، مفید اور مؤثر ترین عمل ہے۔

آیت کریمہ کا عمل

اول آخر درود شریف گیارہ (۱۱) بار۔ بعد نمازِ عصر پہلے دن چھ سو تیرہ (۶۱۳) مرتبہ۔ اس کے بعد روزانہ کی ایک مقدار مقرر کر کے پڑھیں۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت دشمن مقابلہ سے بھاگ جائے گا اور حفاظت رہے گی۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ (القمر:۴۵)

سورۃ الفیل کا عمل

روزانہ ایک سو (۱۰۰) بار سورۃ الفیل مکمل پڑھیں، دشمن مغلوب ہو جائے گا اور حفاظت رہے گی۔

حفاظت کا آسان وظیفہ

اول آخر درود شریف گیارہ (۱۱) بار۔ عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھیں:

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ (طٰہٰ:۱۱۱)

ادائیگی قرض کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

۱)...... جو شخص مقروض ہو اور کوئی شکل ادائے قرض کی نہ ہو، اس کو چاہئے کہ چالیس (۴۰) روز تک برابر روزانہ چالیس (۴۰) بار سورۂ مزمل شریف بہ نیت ادائے قرض ورد کرے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ (۱۱) بار پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے قرض کے ادا ہونے کا غیب سے سامان پیدا ہو گا۔

۲)...... باوضو چت لیٹ کر آیت الکرسی ایک سو ستر (۱۷۰) بار مع اول و آخر تین بار درود شریف کے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ قرض ادا کرے گا۔

۳)...... سورۂ نصر کو چالیس (۴۰) مرتبہ بعد نماز فجر پابندی سے پڑھنا مجرب ہے۔

۴)...... جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہو گیا ہو تو بعد نمازِ جمعہ سورہ کہف سات (۷) بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجہ و یکسوئی کے ساتھ دعائیں مانگا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

۵)...... سورۂ یٰسین شریف روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل قرض کی ادائیگی کے لئے اکسیر ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہو گی۔

۶)...... اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو اور قرض اترتا نہ ہو تو باوضو اکیس (۲۱) بار سورۂ تحریم پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

۷)...... سورۂ الم نشرح اکہتر (۷۱) بار باوضو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہو گا۔

۸)...... بعد نمازِ عشاء، اسی جگہ پر جہاں نماز پڑھی ہے، باوضو سورۂ النصر اکتالیس (۴۱) بار اکتالیس (۴۱) دن تک برابر بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قرض کا خاتمہ ہو گا اور خوشحالی کا دورہ دورہ ہو گا۔

ترقی کاروبار کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

کاروبار کی ترقی کے لیے

عصر کی نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اکہتر (۷۱) دفعہ یہ آیت پڑھے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ:۱۹)

کاروبار میں خوب ترقی ہو

سورۃ مدثر یا سورۂ مزمل یا سورۂ رحمن یا پھر سورۂ یٰسین تین (۳) مرتبہ بعد نمازِ عشاء یا پھر سب سے بہتر نمازِ فجر کے بعد پڑھیں۔ مالک ارض و سماء کی نظر خاص آپ پر ہو گی۔ کاروبار میں خوب ترقی ہو گی۔

کاروبار میں اضافہ ہو

نماز فجر کے بعد تین مرتبہ سورۃ رحمن کی تلاوت کریں۔ سجدے میں دعا مانگیں۔ چند دنوں میں آپ خود کاروبار میں فرق دیکھیں گے۔

کاروبار میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہو

اگر کاروبار اور تجارت میں ترقی نہ ہو رہی ہو تو نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چوگنی مالی ترقی نصیب فرمائیں گے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

ترقی دکان کے لیے

نمازِ مغرب کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں۔ پھر سجدے میں ترقی دکان کی دعا مانگیں۔

فراخیٔ رزق کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

سورۂ فلق سے روزی میں کشادگی

جو شخص کثرت سے سورۂ فلق پڑھے گا۔ اس پر روزی ان شاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی، یقین اور توجہ شرط ہے۔

سورۂ فلق میں کہیں رزق کا ذکر نہیں۔ مگر فراخی رزق میں اس سورت کی عجیب تاثیر ہے۔ اس نکتہ کو قابل احترام مولانا ابرار الحسن صاحب مدظلہ نے سمجھایا کہ حسد بہت بڑی وجہ ہے۔ جب اس سے ہی حفاظت ہو جائے گی تو برکت تو ملے گی۔ بات بھی دل کو لگتی ہے کہ حسد ہی کی وجہ سے لوگ جادو کرواتے ہیں، نظر بد لگتی ہے، سازشیں کرتے ہیں، مخالفت کرتے ہیں۔ اگر حسد سے حفاظت ہو جائے تو کوئی مخالف ہی نہ رہے گا۔

بلا مشقت رزق حاصل ہو

کوئی سورۂ فاتحہ ایک بار، سورۂ الم نشراح تین بار اور سورۂ قدر گیارہ بار پڑھے، اللہ تعالیٰ بلا مشقت اس پر فتح رزق رکھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

غیر متوقع جگہ سے رزق حاصل ہو

جو شخص ہر روز طلوع فجر کے وقت سورۂ طٰہٰ پڑھ لیا کرے، اس کو برکات بے نہایت حاصل ہوں۔ ادنیٰ برکت یہ کہ اس کو غیر متوقع طریقہ سے رزق حاصل ہوگا۔ اس روز کے سارے کام پورے، لوگوں کے دل اس کے آگے نرم اور دشمنوں کے سرخم ہو جائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فراخیٔ رزق...... آمدنی میں اضافہ

رزق کی فراخی اور آمدنی میں اضافہ کیلئے بعد نماز فجر روزانہ اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ کے حضور عاجزی اور انکساری کے ساتھ گڑگڑا کر دعا کریں۔

اَللّٰہُ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖ وَیَقۡدِرُ لَہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ (العنکبوت: ۶۲)

کشادگی رزق کے لیے

اس وظیفے کو جمیع حاجات و مہمات اور کشادگی رزق کے لئے اس طرح پڑھیں کہ جمعہ کے دن غسل کر کے اول وقت نماز عصر پڑھیں۔ پھر دوزانوں ہو کر بیٹھیں اور سورۃ واقعہ ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ پڑھیں اور دوسرے روز دو مرتبہ اور تیسرے روز تین مرتبہ۔ اس طرح سے ہر روز بڑھاتے جائیں یہاں تک کہ چالیسویں روز چالیس بار ہو جائے اور مغرب تک پوری ہو جائے۔ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو نماز عصر سے پہلے شروع کریں اور جب عصر کا وقت آئے تو نماز پڑھ کر پھر پڑھیں۔ یہ وظیفہ مجرب اور آزمودہ ہے۔

رزق میں اضافہ کے لیے

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ (ال عمران: ۲)

ہر نماز کے بعد ایک تسبیح یا پھر نماز عشاء کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر مالک ارض و سماء ذات لاشریک سے اضافہ رزق کی دعا مانگیں۔ بیشک وہ قبول کرنے والا ہے۔

آمدن میں اضافہ کے لیے

جب کسی کی آمدن قلیل ہو اور وہ اپنے اہل وعیال کی اچھی طرح کفالت نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ فجر کی نماز باقاعدگی سے پڑھے۔ اس کے بعد اس آیت کی ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ تلاوت کرے اور اس کے بعد دعا مانگے کہ اللہ اس کی آمدن میں اضافہ فرما دے۔ اگر اللہ کو منظور ہو تو اللہ اس کی روزی میں خیر و برکت پیدا کر دے گا اور اس کی آمدنی میں اضافہ کا ذریعہ بن جائے گا۔ اس مقصد کے لئے پڑھائی کو طویل عرصہ کے لئے جاری رکھا جائے۔ قُلۡ اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ ۚ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۷۳﴾ یَّخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۷۴﴾ (ال عمران: ۷۳-۷۴)

محبت کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

سخت گیر شوہر کو نرم کرنے کے لئے

اس آیت کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں۔ سخت گیر شوہر نرم مزاج ہو۔ اپنے بیوی بچوں سے ٹوٹ کر محبت کرے اور بچوں کی تعلیم و تربیت ایک شفیق باپ بن کر کرے۔ آیت یہ ہے:

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿الشعراء: ۶۲﴾

میاں بیوی میں نفرت دور ہو

میاں بیوی میں نفرت دور کرنے کیلئے اور ان میں اتفاق اور محبت کے لئے جس کو ضرورت ہو، وہ اس وظیفہ کے اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار اور تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بعد نمازِ فجر یا بعد نمازِ عشاء مندرجہ ذیل آیت کو اکیس (۲۱) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ میاں بیوی میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائے گا۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾

(الزخرف: ۱۳)

والدین کو راضی کرنے کا وظیفہ

بعض اوقات اولاد کی عدم توجہ کی وجہ سے والدین اولاد کی طرف مائل ہونا چھوڑ دیتے ہیں یا بعض والدین کی اولاد ان کو پریشان بھی کرتی ہے۔ اس لئے اگر کسی کے والدین اس سے ناراض ہوں تو انہیں راضی کرنے کیلئے عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے باوضو ہو کر سورۂ یوسف کو ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد درج ذیل آیت کو تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھے۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے والدین کی ناراضگی محبت و شفقت میں بدل جائے۔ گی آیت یہ ہے:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (الممتحنۃ: ۷)

گھریلو اختلافات ختم کرنے کے لئے

سورۂ قریش نمازِ فجر کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

محبت اور اتفاق پیدا کرنے کیلئے

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھے۔

وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۶۳﴾ (الانفال: ۶۳)

برائے حب زوجین

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَیْنِیْ ﴿۳۹﴾ (طٰہٰ: ۳۹)

نمازِ مغرب کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں، اول و آخر درود شریف۔ چالیس (۴۰) دن تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے حد محبت ہوگی۔

محبوب کے دل میں محبت کی آگ لگانا

یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

(البقرۃ: ۱۶۵)

شروع چاند میں عصر کے بعد مسجد کے اندر شمال اور مغرب کے درمیان رُخ کر کے باطہارت کاملہ چار زانو بیٹھ جائے اور بائیں پاؤں کا انگوٹھا دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگلی پکڑ لے، پھر مطلوب کا تصور کر کے سترہ سو (۱۷۰۰) بار یہ آیت پڑھے، لیکن ہر سو بار کے اول و آخر درود شریف ضرور پڑھے اور سترہ یوم تک اس کو جاری رکھے۔ کامل تصور سے عمل کریں۔ ان شاء اللہ محبوب کے دل میں محبت کی آگ لگ جائے گی۔

محبت کے لئے

اکیس (۲۱) یوم تک سورۂ الم نشرح کو بانوے (۹۲) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

تسخیر کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

عزت وعظمت حاصل کرنے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اور اس کو اہمیت دیں اور اس کے ساتھ تعظیم کا معاملہ کریں تو وہ روزانہ اول وآخر گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیات پڑھے۔ ان شاء اللہ چند دن میں حالات تبدیل ہو جائیں گے۔ اگر یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے گا تو کبھی ذلیل نہ ہوگا اور ہمیشہ باعزت رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (ال عمران:۲۶-۲۷)

برائے تسخیر مخلوق

تسخیر مخلوق کے لئے روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار آیت ذیل باوضو بعد نماز عشاء پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اکتالیس (۴۱) دن مسلسل بلاناغہ پڑھے۔ اس کے بعد بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بعد نمازِ عشاء پڑھ لیا کرے۔ اس عمل کے بعد جس امیر کے پاس جا کر جو چیز طلب کرے گا، وہ دے گا۔ اور امیر آدمی سے اس کی حیثیت کے مطابق طلب کرے اور وہ رقم جائز مقاصد میں خرچ کرے۔ ناجائز اور حرام کاموں میں خرچ کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا۔ اور نقصان اٹھانے والا ہوگا۔

وہ آیت یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ (زخرف:۱۳-۱۴)

برائے تسخیر وحصولِ عزت وتوقیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بروز جمعرات بعد نماز عشاء چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) یوم متواتر پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عزت بے شمار ملے گی اور جس کسی سے آنکھ ملا دے گا، وہی مطیع ہوگا۔

عزت ووقار اور نام پیدا کرنے کے لئے

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۠ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

(جاثیہ:۳۶-۳۷)

اگر آپ کو عزت وآبرو اور وقار حاصل کرنا ہو یا اچھے کاموں میں نام پیدا کرنا ہو یا عمل کا وزن بھاری کرنا ہو تو روزانہ مذکورہ آیت سات (۷) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

تسخیر خلائق کیلئے وظیفہ

مخلوق خدا کو مطیع اور مسخر کرنے کا مقصد عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا جو شخص تسخیر خلائق کا طالب ہو تو اسے چاہیئے کہ سورۃ الضحیٰ کو فجر کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور اس کے بعد حسب ذیل آیت کا ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ مخلوقِ خدا کو مسخر کر دے گا۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (توبہ:۱۲۸)

بچوں کی تسخیر کے لیے

بہت سے ایسے والدین ہیں، جن کے بچے حد سے زیادہ نافرمان ہو جاتے ہیں۔ ایسی اولاد کی تسخیر مجبوری بن جاتی ہے۔ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اس آیت کو اولاد کا کامل تصور کر کے پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ، اکیس یا اکتالیس یوم میں مسخر ہو کر رابطہ کرے گی۔ آیت یہ ہے:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (البقرۃ:۱۵۶)

حل المشکلات کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

تمام حوائج ومصائب کے لئے

تین سو اکتالیس (۳۴۱) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ، ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے۔

سخت مشکل کے حل کے لئے سورۂ انعام کا عمل

ایک جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار سورۂ انعام پڑھیں۔ ان شاء اللہ، کیسی ہی مشکل و پریشانی ہوگی، ختم ہوجائے گی۔

سورۂ توبہ سے ہر مشکل سے نجات

جس شخص کو سخت مشکل در پیش ہو تو سورۃ التوبہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

سورۂ یونس سے مشکلات کا حل

سورۂ یونس کو تیرہ (۱۳) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ، جو بھی مشکل و پریشانی ہوگی، دور جائے گی۔ تین (۳) دن لگاتار پڑھیں۔ بہتر وقت شبِ بدھ، شبِ جمعرات اور شبِ جمعہ ہے۔

ہر مشکل کے حل کے لئے سورۂ مریم کا عمل

جو کوئی سورۂ مریم روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کی ہر مشکل دور ہوگی۔

جائز حاجت اور پریشانی سے نجات

اگر کسی کی نیک اور جائز حاجت ہو یا کسی پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد صدق دل اور خلوص نیت کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا اکیس مرتبہ مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی حاجت پوری ہو جائے گی اور مشکل سے نجات مل جائے گی۔ قرآن پاک کی سورہ قصص میں مذکور یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مانگی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رزق طلب فرمایا تھا۔ یہ مقبول اور پُر اثر دعا ہے:

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (القصص:۲۴)

پریشانیوں سے نجات کے لئے سورۂ یٰس کے اعمال

۱)......ایسی مشکل جو آسان نہ ہوتی ہو اور بہت پریشانی ہو تو پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ یٰس پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مشکل آسان ہوجائے گی۔

۲)......سورۂ یٰسین کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ بدھ سے جمعہ، تین دن پڑھیں۔ وحدتِ مکان اور وحدتِ زمان اس میں شرط ہے۔ پڑھتے وقت اپنے سرین کو زمین سے نہ اٹھائیں۔ عمل ختم ہونے پر اس طرح دعا مانگی جائے:

''الٰہی بحرمت حضرت محمد الرسول ﷺ اور برکت خواجگاں چشت میری مشکل حل فرما''۔

ہر پریشانی سے نجات کے لئے

اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (الشوریٰ:۱۹)

اگر ہر روز ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو جو بھی پریشانی ہوگی، ختم ہو جائے گی۔

ہر مشکل کے حل کے لئے سورۂ ملک کا مجرب ختم

سورۂ ملک کو ایک ہی جلسہ میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ، جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

پریشانیوں سے نجات کے لئے سورۂ مزمل کے اعمال

سورۂ مزمل کو نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ (۱۱) بار پڑھیں۔ اول و آخر سات بار درود شریف۔ اسی عمل کو نمازِ عشاء کے فرضوں کے بعد یعنی فرضوں اور سنتوں کے درمیان پڑھیں۔ ان شاء اللہ، چند روز میں جو بھی مشکل ہوگی، اللہ تعالیٰ کے فضل سے دور ہوگی۔

شادی و نکاح کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

شادی کرنے اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرنے کا خواہش مند ہو اور چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿سُوْرَةُ الْفُرْقَان: ٧٤﴾

حسبِ منشا شادی کرنے کیلئے

چار نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ﴿۸۶﴾ (یوسف:۸۶)

اول آخر درود شریف۔ تاحصول مقصد پڑھنا ضروری ہے۔ بے حد اکسیر ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے۔ یا اللہ میرا کام فلاں جگہ کر دے، اگر میرے دین و دنیا کے لئے مفید ہو تو اس جگہ کر دے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے، ان شاء اللہ چند دنوں میں کامیابی نصیب ہوگی۔

برائے شادی

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یہ آیت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پھر درود شریف گیارہ (۱۱) بار روزانہ مسلسل بلاناغہ اکتالیس (۴۱) روز پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شادی ہو جائے گی۔ اگر اکتالیس (۴۱) دن سے قبل ہی کام ہو جائے تب بھی اکتالیس دن پورے کرے، چھوڑے نہیں۔

وہ آیت یہ ہے: وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (النحل:۱۸)

بیٹی بیٹے کی شادی کے لئے مجرب وظیفہ

اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلد شادی ہو جائے، تو تین ہزار تین سو (۳۳۰۰) مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) روز تک درج ذیل آیت پڑھے اور اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ (یٰس:۳۶)

ان شاء اللہ اس عرصہ میں مراد حاصل ہوگی۔ یہ مجرب ہے۔

رشتہ، کاروبار اور ہر قسم کی پریشانی دور کرنے کے لیے

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۶﴾

(الم نشرح:۵-۶)

ہر نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔

رشتے کی رکاوٹ دور کرنے کے لیے

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَاۗءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا (فرقان:۵۴)

اکیس (۲۱) دن تک تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں اور خصوصی دعا کریں، ان شاء اللہ عزوجل بہترین رشتہ نصیب ہوگا۔

جس کا رشتہ نہ آتا ہو

سورۂ رحمٰن کو روزانہ تین (۳) مرتبہ پڑھ کر دعا کریں، ان شاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔

بچیوں کے اچھے رشتے کے لیے

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (یٰس:۸۲)

فجر کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھیں۔

شادی کے لیے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، وہ نوچندی جمعرات کو صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے کے درمیان اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر اپنی شادی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد پیغام آئے گا اور شادی طے ہو جائے گی۔ یہ عمل بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔

بندشِ رشتہ ختم کرنے کے قرآنی وظائف

مرتب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

رشتہ کی ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو، منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو، سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو، رشتے والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی سورۂ فاتحہ کی تلاوت اس مشکل سے نجات دلاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور سورۂ فاتحہ کی برکت سے دلی مراد جلد ہی پوری ہو جاتی ہے۔ چنانچہ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی اچھی اور نیک جگہ پر اس کا نکاح ہو جائے اور اس معاملے میں اسے کامیابی نصیب ہو، اس کا گھر بس جائے تو اسے چاہئے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ چالیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ ایک سو مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور کوئی اچھا اور نیک رشتہ آجائے گا۔

اگر بالفرض چالیس یوم تک مقصد پورا نہ ہو تو مایوس نہ ہو، اس عمل کو مزید چالیس یوم تک جاری رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ طے پا جائے گا۔ (عام اجازت ہے۔ خ)

شادی کی ہر رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے

اگر کسی کی شادی نہ ہوتی ہو، بندشیں اور رکاوٹیں ہوں، تو جمعہ کے دن، بوقتِ اشراق، چار رکعت نفل ادا کرنے کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اول و آخر اکیس بار درود شریف۔ پھر سجدے میں جا کر اپنی شادی کی دعا کرے۔ اس عمل کو سات جمعوں تک جاری رکھے۔ ان شاء اللہ، بندشیں اور رکاوٹیں دور ہوں گی اور مقصد حاصل ہو جائے گا۔

رشتوں کی بندش

ہر نماز کے بعد رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ (القصص:۲۴) 11 بار پڑھ کر دعا کریں۔

رشتے میں ہر طرح کی رکاوٹ کے خاتمے کے لیے

حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز الرحمٰن رحمانی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ جس کے رشتے میں رکاوٹ ہو (لڑکی ہو یا لڑکا)......رشتہ پسند نہ آتا ہو، لڑکی لڑکے والوں کو پسند نہ آتی ہو یا لڑکا پسند نہ آتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل عمل کریں۔ اللہ جل جلالہ کے فضل و کرم سے جلد رکاوٹ دور ہو کر رشتہ طے ہو جائے گا۔ یہ عمل حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب مدظلہٗ (سومرانی شریف) کا فرمودہ ہے۔ عمل یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ اس آیت کو پڑھیں: حَسۡبِیَ اللّٰہُ ۫ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

اور رات کو سوتے وقت ایک سو (۱۰۰) مرتبہ یہی آیت پڑھیں۔ اور دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائیں گے۔

رشتے کی رکاوٹ دور کرنے کے لیے

وَ ہُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ مِنَ الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَہٗ نَسَبًا وَّ صِہۡرًا ؕ وَ کَانَ رَبُّکَ قَدِیۡرًا (فرقان:۵۴)

اکیس (۲۱) دن تک تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں اور خوب دعائیں مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، رشتے کی رکاوٹ دور ہوگی اور بہترین رشتہ نصیب ہوگا۔

بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ دور کرنے کا عمل

بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ ہو تو عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف پڑھ کر سورۃ زمر کی آیت نمبر 34-33 پارہ 24 والذی جاء بالصدق سے لے کر المحسنین تک پڑھیں اور رکاوٹوں سے نجات اور اچھی جگہ رشتہ طے ہونے اور خیر و عافیت سے شادی ہونے کی دعا کریں۔

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے قرآنی وظائف

مرتب
مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

ہر قسم کی بندش سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ایسی مصیبت کا شکار ہو گیا ہے جو عزت و مال کے درپے ہو یا جس کی وجہ سے انسان کا چین و سکون ختم ہو گیا ہو یا اگر کوئی شخص ایسی ناگہانی بلا کا شکار ہو کر رہ گیا ہو جس کی وجہ سے اس کا آرام، اس کی عزت اور اس کا سکون غارت ہو گیا ہو۔ مختلف قسم کی بندشوں اور رکاوٹوں نے زندگی کو مفلوج کر دیا ہو اور اس شخص کو اس مصیبت سے چھٹکارے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے حالات میں اس کو سورۃ فاتحہ کا یہ عمل کرنا چاہئے۔ سورۂ فاتحہ کے کل حروف کی تعداد ایک سو پچیس (۱۲۵) ہے۔ اگر ہر حرف کے بدلے میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔ اس طریقہ ختم کو ''**ختمِ کبیر**'' کہتے ہیں۔ اگر ہر حرف کے بدلہ میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ کو پڑھا جائے تو تعداد بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ بیٹھے گی۔ اس طریقہ ختم کو ''**ختمِ وسیط**'' کہتے ہیں۔

اگر ہر حرف کے بدلہ میں دس (۱۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھی جائے تو تعداد بارہ سو پچاس (۱۲۵۰) مرتبہ بیٹھے گی۔ اس طریقہ ختم کو ''**ختمِ صغیر**'' کہتے ہیں۔

ان تینوں ختم میں جو بھی ختم فوری طور پر ممکن ہو، اس پر عمل کرے۔ ان شاء اللہ کیسی بھی مصیبت ہوگی، رفع ہو جائے گی۔

اگر ختمِ صغیر پڑھنا ہو تو پھر ایک ہی آدمی باوضو ہو کر پڑھے۔ اگر مصیبت ختم نہ ہو تو لگاتار چھ (۶) مہینوں تک نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار کو پڑھے۔ اگر مصیبت سے نجات مل جائے تو عمل موقوف کر دے۔ باقی دونوں ختم ایک سے زائد افراد مل کر پڑھیں۔ ختم کے بعد ہر بار اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اور اپنی بے کسی اور کمزوری کا کھلے الفاظ میں اقرار کریں۔ ان شاء اللہ رحمتِ خداوندی جوش میں آئے گی اور مصائب رفع ہوں گے۔ بندشوں کا خاتمہ ہوگا۔ مشکلات دور ہوں گی۔

رشتہ، کاروبار اور ہر قسم کی بندش دور کرنے کے لیے

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ﴿۶﴾

پارہ ۳۰ سورۃ انشراح کی آیت ۵ تا ۶ کو ہر نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس عمل کو مسلسل چالیس (۴۰) یوم کریں۔ اول و آخر ایک ایک بار درود تنجینا پڑھیں۔

بڑی سے بڑی اور ہر قسم کی بندش سے نجات کا خاص عمل

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ:۲۰۱﴾

یہ ایک خاص الہامی عمل ہے۔ کسی بھی ماہ کی نوچندی شبِ جمعہ کو اس عمل کا آغاز کریں۔ ایک وقت مقررہ پر صبح و رات تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ چالیس (۴۰) یوم پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ایک سے دو دن کا وقفہ دیں۔ پھر ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ صبح و رات، وقت مقررہ پر، چالیس (۴۰) یوم پڑھیں۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف۔ روزانہ عمل پڑھ کر خوب دعائیں مانگیں۔ ان شاء اللہ، بڑی سے بڑی بندش کا خاتمہ ہوگا۔ دوسرے چلّے کے اختتام کے بعد ایک تسبیح صبح یا شام معمول میں رکھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔ اس عمل کے لیے اجازت لینا ضروری ہے۔

ہر قسم کی بندش سے نجات کا مجرب ترین عمل

اکتالیس (۴۱) یوم، وقت مقررہ پر، اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اجازت لینا ضروری ہے۔

نوٹ: کسی بھی قسم کی بندش کو ختم کرنے کے لیے خود سے عمل کرنا کبھی خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ اس لیے کسی بھی روحانی معالج کی اجازت اور ان کی روحانی نگرانی میں عمل کریں۔

روحانی علاج، چلہ کشی اور روحانی اعمال میں استعمال ہونے والی اشیاء

اگربتیاں

(۱) لوبان (۲) عود (۳) حجر اسود (۵) غلافِ کعبہ (۶) مشک (۷) شمامۃ العنبر (۸) جاسمین اور انڈین، فرنچ اور پھولوں کی خوشبوؤں والی اگربتیاں دستیاب ہیں۔

بخورات

بخورات ٹکیوں، پیکنگ ٹن، CD Style، ڈبہ پیک، عود اور عربی بخورات کی زبردست ورائٹی کے لیے ایک بار ضرور تشریف لائیں۔

بخوردان

بخورات کو جلانے کیلئے الیکٹرک، کوئلے والے، فینسی، امپورٹڈ بخوردان دستیاب ہیں۔ چلّہ کشی کے دوران ان کا جلانا ازحد مفید ہے۔

بخور سٹکس

قیمت: 160 روپے

مشک یمنی، عود الحرم، مسک عنبر، مسک زعفران، بخور عود، بخور صندل اور مختلف ورائٹی کی بخور سٹکس روحانی دکان سے حاصل کریں۔

عطر

روحانی دکان میں عربی، ھندی اور فرنچ (میڈیم، اعلی اور سپریم کوالٹی) عطورات کی زبردست ورائٹی موجود ہے۔

عنبر

1 گرام: 2250 روپے

عنبر کا استعمال خاص خاص اعمال میں ہی ہوتا ہے۔

مشک نافہ

1 گرام: 6000 روپے

مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے۔

زعفران

1 گرام: 350 روپے، 3 گرام: 900 روپے

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل ۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے۔

آلۂ یکسوئی

قیمت: 800 روپے

ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لاتا ہے۔

EMF Meter

قیمت: 9000 روپے

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

بھوج پتر

قیمت: 100، 80 روپے

بھوج پترا اعمال شر کے لیے خاص ہے۔

ہرن کی جھلی

قیمت: 80 روپے

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔

ہرن کی کھال

قیمت: 100 روپے فی سکیئر انچ

روغنی کاغذ

تعویزات لکھنے میں استعمال ہونے والے کاغذ کی ورائٹیز

1. روغنی کاغذ (130 روپے کلو)
2. سفید کاغذ (130 روپے کلو)
3. بٹر پیپر (8 روپے کا 1 عدد)
4. نیوز پیپر (100 روپے کلو)

عطر سپرے

عمدہ خوشبو اور اعلی کوالٹی کے عطر سپرے پر خصوصی ڈسکاؤنٹ۔

چینی کی پلیٹس

چھوٹی پلیٹ: 30 روپے

شفائی کلام لکھ کر مریض کو پلانے کے کام آتی ہیں۔

بڑی پلیٹ: 40 روپے

نوٹ: آرڈر کے وقت جو ریٹ ہوگا وہی تصور کیا جائے گا۔

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتوں کے وظائف

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور)

نمبر شمار	نام سورۃ	خواص/مقصد/اجازت	تعداد	مدت
1	فاتحہ	سخت سے سخت امراض سے نجات کیلئے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھیں	41 مرتبہ	41 دن
2	بقرہ	گھر سے اثرات بد دور کرنے کیلئے نیز بڑی سے بڑی پریشانی دور کرنے کیلئے پڑھیں	1 مرتبہ	40 دن
3	آل عمران	دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کیلئے نیز ان کی چالوں کو ناکام کرنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
4	النسآء	عورتیں اپنی تمام پریشانیوں اور بیماریوں کیلئے اس کی تلاوت کی پابندی کریں	1	روزانہ حالت پاکی میں
5	المائدہ	رزق میں برکت، کثرت، اضافے اور فراوانی کیلئے اور کاروباری ترقی کیلئے پڑھیں	1	روزانہ یا 41 دن
6	الانعام	گم شدہ اشیاء کی بازیابی کیلئے نیز انعامات خداوندی کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
7	الاعراف	معرفتِ خداوندی، مخلوق میں عزت اور ہر دل عزیز بننے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
8	الانفال	گھر میں امن و سکون، لڑائیوں کے خاتمے اور الفت و محبت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
9	التوبہ	ہر قسم کی روحانی بیماریوں کے خاتمے، پکی اور سچی توبہ کی توفیق کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
10	یونس	ہر قسم کی مشکلات، مصائب اور غموں سے نجات اور چھٹکارے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
11	ھود	خوف خداوندی اور دنیا کی محبت دل سے نکالنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
12	یوسف	جیل سے رہائی، روزگار میں ترقی، برے خیالات سے حفاظت نیز نرینہ اولاد کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
13	الرعد	دشمنوں اور مخالفین پر رعب اور دھاک بٹھانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
14	ابراھیم	اوصاف حمیدہ، ولایت و بزرگی، صفات اولیاء کے حصول کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
15	الحجر	دل کی سختی، حالات کی سختی اور ہر قسم کی سختیوں سے نجات کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
16	النحل	ہر قسم کے موذی جانوروں سے حفاظت، نجات اور چھٹکارے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
17	بنی اسرائیل	اولاد کی اچھی تربیت، اولاد کی اصلاح اور اولاد کو راہ راست پر لانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
18	الکھف	دل میں نورانیت، گناہوں سے نفرت اور متقی پرہیزگار بننے کیلئے پڑھیں	1	بروز جمعہ
19	مریم	دوران حمل ہر قسم کی دشواری، تکلیف اور وضع حمل میں آسانی کیلئے پڑھیں	1	حمل سے ڈلیوری تک
20	طٰہٰ	ہر قسم کے دینی و دنیوی امور میں کامیابی، سرخروئی، سرفرازی کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
21	الانبیاء	صبر و استقامت، حصول رضائے الٰہی نیز حمل کے ضائع ہونے سے بچنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
22	الحج	حج و عمرے کا شوق، درد، تڑپ اور خواہش رکھنے والے پڑھیں	1	روزانہ
23	المومنون	باہمی الفت، پیار محبت اور اتفاق و اتحاد قائم رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
24	النور	اچھے مناسب رشتہ کے حصول اور ہر قسم کے الزامات سے محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
25	الفرقان	ہر قسم کی آسمانی و زمینی بلاؤں، آزمائشوں اور امتحانات سے محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ

26	الشعرآء	ہر قسم کے مشکل سے مشکل، سخت سے سخت حالات سے نجات کیلئے پڑھیں	1	صبح شام
27	النمل	گھر، کھیت، آڑھت، دکان وغیرہ سے کیڑے مکوڑوں کو بھگانے اور نقصان سے حفاظت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
28	القصص	ہر قسم کے شر و رفتن سے نجات، مقدمات میں کامیابی و چھٹکارے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
29	العنکبوت	ہر طرح کی سستی، غفلت، بے زاری، لاپرواہی دور کرنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
30	الروم	چوروں، ڈاکوؤں سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
31	لقمان	ہر قسم کی گمراہی، بے دینی، دین سے دوری، شرک سے بچنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
32	السجدہ	عبادات میں توجہ، خشوع، رغبت اور دل لگانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
33	الاحزاب	پیغام نکاح کیلئے بہت ہی موثر عمل ہے۔ آزمودہ اور مجرب ہے	3	21دن، 41دن
34	سبا	ہر طرح کی بے سکونی، بے چینی اور اضطرابی کیفیت کے خاتمے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
35	فاطر	ہر طرح کی چھوٹی بڑی نعمتوں کے حصول اور ان میں اضافے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
36	یٰسین	ہر قسم کے دینی دنیوی مقاصد میں کامیابی، برکت اور تکمیل کیلئے پڑھیں	1	روزانہ صبح
37	الصافات	ہر قسم کے زلزلوں، ہنگامی حالات اور مشکل حالات سے محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
38	ص	رزق میں برکت، روزگار میں تیزی، اثرات بد سے کاروبار کو بچانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
39	الزمر	دعاؤں کی قبولیت، امیدوں کی تکمیل، خواہشات و ضروریات کے پورا ہونے کیلئے پڑھیں	1	صبح شام
40	المومن	مخلوق سے بے خوفی، مخلوق سے بے نیازی اور مخلوق کے دل میں اپنی محبت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
41	ختم سجدہ	مزاج کی سختی کو ختم کرنے، مزاج میں اعتدال، نرمی اور منکسر المزاجی کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
42	الشوریٰ	تمام امور کی درستگی، ترقی کی نت نئی راہیں کھلنے کیلئے پابندی سے پڑھیں	1	روزانہ
43	الزخرف	قناعت کی دولت سے مالا مال، وساوس شیطانی سے بچنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
44	الدخان	ہر قسم کی ناگہانی آفتوں، مصیبتوں، تکلیفوں سے بچنے اور محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
45	الجاثیہ	سچی توبہ کی توفیق، صف اولیاء میں شمولیت اور گناہوں سے حفاظت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
46	الاحقاف	دشمنوں کی چالوں، حربوں، تدبیروں اور سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
47	محمد	حضور ﷺ کی محبت، عقیدت، حضور ﷺ کی خواب میں زیارت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
48	الفتح	ہر کام میں فتح، عقیدت، حضور ﷺ کی خواب میں زیارت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
49	الحجرات	ہر قسم کی نااتفاقیوں، لڑائی جھگڑوں کے خاتمے اور صلح کی نیت سے پڑھیں	1	روزانہ
50	قٓ	عہدے، نوکری، ملازمت پر قائم دائم رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
51	الذاریات	ہر طرح کے ڈر، خوف اور مخالفین کی مخالفت سے بچنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
52	الطور	مال تجارت میں برکت، اضافے اور تجارت وغیرہ میں کامیابی کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
53	النجم	عزت، ترقی، شہرت، ناموری اور اونچا مقام حاصل کرنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
54	القمر	ہر قسم کی موسمی اور وبائی امراض اور سخت و جان لیوا امراض سے بچاؤ شفایابی کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
55	الرحمن	بڑی سے بڑی نعمتوں کے حصول اور ہر قسم کی مفلسی غربت کو دور کرنے کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام

56	الواقعہ	قحط سالی، قرضوں کی ادائیگی نیز دنوں میں مالدار بننے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ بعد مغرب
57	الحدید	ثابت قدمی، استقامت، دشمنوں پر فولادی اور آہنی دباؤ اور رعب و دبدبہ کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
58	المجادلہ	غلط لوگوں، فراڈیوں، مکاروں، دھوکہ بازوں سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
59	الحشر	دشمنوں کے منہ بند کرنے کیلئے، مخالفین پر برتری حاصل کرنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
60	الممتحنہ	سخت سے سخت امتحانات و آزمائش سے نجات اور ہمیشہ حفاظت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
61	الصّف	ہر قسم کی آفتوں، بلاؤں، جھگڑوں اور فتنوں سے بچاؤ کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
62	الجمعہ	کاروبار میں خیر و برکت، ترقی اور دن بدن اضافے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
63	المنافقون	منافقوں کی منافقت، دوغلی پالیسی اور ہر قسم کی سازشی ہتھکنڈوں سے بچاؤ کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
64	التغابن	ناجائز مقدمات سے چھٹکارے، نجات، خلاصی اور دفاع کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
65	الطلاق	ازدواجی زندگی کو پرسکون بنانے نیز طلاق سے بچنے کیلئے مرد و عورت پڑھیں	1	صبح، شام
66	التحریم	سخت مزاج خاوند کو نرم اور موم کرنے کیلئے نیز حصول خرچہ کیلئے پریشان حال پڑھیں	1	روزانہ
67	الملک	زرعی پیداوار میں اضافے، مویشیوں میں برکت و کثرت و عذاب قبر سے حفاظت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ رات کو
68	القلم	علم میں ترقی، علم میں اضافے، ذہانت، حافظہ اور یادداشت کو بڑھانے کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
69	الحاقہ	دشمنوں کی تباہی و بربادی، ان کی ناک رگڑوانے اور خاک چٹانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
70	المعارج	عہدے میں ترقی، روحانیت میں ترقی، نیز ہر قسم کی ترقی کیلئے اور عروج کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
71	نوح	عمر میں برکت، عمر میں اضافے اور لمبی و درازعمر پانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
72	الجن	شریر جنات کے شر سے حفاظت، وساوس سے نجات، قید سے رہائی کیلئے پڑھیں	1	صبح و شام
73	المزمل	رزق کی فراوانی، مال کی کثرت، دولت میں اضافے اور حصول دولت و غنا کیلئے پڑھیں	11 مرتبہ	41 دن
74	المدثر	دینی کاموں میں ترقی، دینی کاموں کے شوق اور دین کی فکر و محبت کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
75	القیامہ	دل کی سختی، گناہوں سے حفاظت اور آخرت کی ہولناکیوں سے بچنے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
76	الدھر	روحانیات میں اضافے، روحانی میں ترقی، روحانیت میں عروج اور کمال کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
77	المرسلت	تمام غیبی مخلوقات کی ہر قسم کی معاونت اور اولاد، بیوی، ملازموں کو تابعدار بنانے کیلئے پڑھیں	1	روزانہ
78	النباء	کاروبار میں ترقی، عوامی رش، ہر قسم کے کاروباری نقصان کیلئے پڑھیں	1	روزانہ صبح
79	النازعات	افسران بالا کی توجہ حاصل کرنے کیلئے نیز ان کا دل اپنے لیے نرم کرنے کیلئے پڑھیں	3	روزانہ
80	عبس	ہر قسم کی سخت سے سخت رجعت سے محفوظ رہنے اور اس کے اثرات ختم کرنے کیلئے پڑھیں	3	بوقت طلوع آفتاب
81	التکویر	آنکھوں کی ہر قسم کی بیماریوں سے شفایابی اور ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	1	صبح، شام
82	الانفطار	ایکسیڈنٹ وغیرہ سے بچنے کیلئے ہر قسم کی اچانک آنیوالی آفتوں اور اچانک موت سے بچنے کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
83	المطففین	زمینداروں کیلئے اور اجناس کی خرید و فروخت کرنیوالوں کیلئے زبردست عمل ہے۔ پابندی سے پڑھیں	3	روزانہ
84	الانشقاق	ڈلیوری میں آسانی، سہولت اور آپریشن سے نجات کیلئے دوران حمل روزانہ پڑھیں	1	صبح، شام
85	البروج	اجناس کی حفاظت، باغات، فصلوں اور کھیتی باڑی کی حفاظت کیلئے پڑھیں	3	روزانہ

86	الطارق	تسخیر خلائق کے علاوہ ہر قسم کی معدہ اور منہ کی بیماریاں ختم کرنے کیلئے پڑھیں	3	صبح، شام
87	الاعلیٰ	روحانیت کے علاوہ دنیا کے ہر شعبے ہر معاملے میں ترقی، بلندی اور اعلیٰ مقام کیلئے پڑھیں	3	صبح، شام
88	الغاشیہ	ہر قسم کی دنیا و آخرت کی ذلت و رسوائی سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	3	روزانہ
89	الفجر	ہر مقصد میں کامیابی، سرخروئی اور سرفرازی کیلئے پابندی سے پڑھیں	3	روزانہ
90	البلد	تازندگی ہر قسم کی محتاجی اور احتیاجی سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	3	روزانہ
91	الشمس	مثل سورج اپنا فیض دنیا بھر میں عام کرنے کیلئے اور سورج کی طرح نام روشن ہونے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
92	الیل	گم شدہ چیزوں کی بازیابی، نیکیوں کی طرف رغبت، میلان اور شوق کیلئے پڑھیں	11	روزانہ
93	الضحیٰ	ہر طرح کے مالی مشکلات کے خاتمے، حفاظت، نجات اور چھٹکارے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
94	الم نشرح	ہر کام میں آسانی، سہولت اور جلدی کیلئے پڑھیں	11	صبح، شام
95	التین	بچہ خوبصورت اور خوب سیرت اور حسین و جمیل پیدا ہونے کیلئے پڑھیں	3	صبح، شام
96	العلق	علمی استعداد میں ترقی، اضافے اور علمی میدان میں آگے بڑھنے کیلئے پڑھیں	3	صبح، شام
97	القدر	روحانیت میں زبردست اضافے اور رحمت خداوندی کے حصول کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
98	البینہ	کالے پیلے یرقان کے خاتمے، امراض جگر اور مردانہ کمزوری میں مبتلا افراد پڑھیں	7	روزانہ
99	الزلزال	ہر قسم کے ڈراؤنے خواب و خیالات اور گندی سوچ و فکر سے نجات کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
100	العادیات	مرغی فارم، مویشی فارم اور جانوروں کی ہر قسم کی حفاظت و بیماریوں کے خاتمے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
101	القارعہ	ناجائز تعلقات سے بچنے، حفاظت اور جان چھڑانے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
102	التکاثر	فوت شدہ بزرگوں اور رشتہ داروں کو خواب میں دیکھنے کے لیے پڑھیں	21	رات کو
103	العصر	ہر قسم کے خسارے، گھاٹے اور نقصانات سے بچنے اور نکلنے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
104	الھمزہ	اپنے دل سے دنیا اور مال و دولت وغیرہ کی محبت ختم کرنے کیلئے پڑھیں	11	روزانہ
105	الفیل	ہر قسم کے چھوٹے بڑے دشمنوں پر غلبے، ان کی تباہی و بربادی کیلئے پڑھیں	41	41دن
106	القریش	ہر قسم کے خوف، گھبراہٹ اور بے چینی کے خاتمے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
107	الماعون	نماز کی سستی کو دور بھگانے اور نماز کی پابندی کیلئے پڑھیں	11	روزانہ
108	الکوثر	مال و دولت میں وسعت اور دشمنوں کو ان کی چالوں میں ناکام کرنے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
109	الکافرون	کفریہ عقائد، کفریہ باتوں، کفریہ کلمات اور کفر پر خاتمے سے حفاظت کیلئے پڑھیں	3	صبح شام
110	النصر	ہر طرح کی کامیابی، فتح، نصرت اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
111	اللھب	دشمنوں کی ہر سازش ناکام اور ان کو ذلیل و خوار کرنے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
112	الاخلاص	مخلوق سے بے نیازی، اللہ کی محبت اور ایمان پر خاتمے کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
113	الفلق	حاسدوں کے حسد سے ہر وقت محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
114	الناس	جنات اور انسانوں کے ہر قسم کے شر سے بچنے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ

نوٹ: ان تمام وظائف کی عام اجازت ہے۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

سورۂ فاتحہ کے مجرب وظائف

مولانا ضیاء اللہ قادری (پشاور)

محترم قارئین کرام! میں نے بہت عرصہ عملیات میں گزارا ہے۔ خیبر پختونخواہ جو میرا اپنا علاقہ ہے، سے لے کر کراچی تک عاملین کے چکر لگا چکا ہوں۔ یا تو کسی نے کچھ دیا نہیں اور اگر کسی نے دیا اور وہ عمل میں شروع کر دیتا تو چند روز بعد مجھے ذہنی اور جسمانی تکلیف شروع ہوتی، کیونکہ وہ صاحب خود بھی اس عمل کے عامل نہیں ہوتے۔ البتہ زندگی میں تین چار اساتذہ کرام ایسے ملے ہیں جن سے مجھے بہت فائدہ ملا ہے اور ان کا عمل بھی فیل نہیں ہوا ہے۔ ان اساتذہ کرام میں سرفہرست استاذ العاملین ڈاکٹر خالد مقبول (حفظہ اللہ) ہیں۔ جو عطا فرمایا ہے، تو الحمد للہ میں نے بلاخوف وشک وہ عمل کیا ہے اور جب بھی استعمال میں لایا ہے تو 100% فیصد درست پایا ہے۔ اور دارالعمل چشتیہ کی اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ لوگوں سے صرف عمل نہیں کرواتے بلکہ عمل کے دوران اور بعد از عمل مکمل راہنمائی کیلئے میرے محسن و مشفق مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب اور میرے مہربان بھائی مولانا علی آفاق صاحب موجود ہوتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ دارالعمل چشتیہ کو اور ان کے اراکین کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائیں۔ آمین

دوستوں! یہ امر مسلم ہے کہ سابقہ آسمانی کتب اور صحائف کا مکمل خلاصہ قرآن کریم میں موجود ہے اور پورے قرآن کا خلاصہ سورۃ الفاتحہ میں موجود ہے۔ اس لئے متعدد احادیث مبارکہ میں سورۃ الفاتحہ کو ''ام القرآن'' فرمایا گیا ہے۔ آج میں آپ حضرات کی خدمت میں سورۃ الفاتحہ کی دو آیات ذکر کرتا ہوں۔ بطریقۂ وظائف، یہ وظائف میں نے خود بھی استعمال کئے ہیں اور دوسرے ضرورت مند حضرات کو بھی بتایا ہے تو الحمد للہ اچھا رزلٹ ملا ہے۔

نمبر ۱۔ یا مالک یوم الدین

بعض اوقات انسان کو کوئی مشکل درپیش ہوتی ہے۔ یا تو بالکل اسباب ہی نہیں ہوتے یا باوجود اسباب، حاجت پوری ہونے میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں۔ حالانکہ نہ جادو ٹونے کا اثر ہوتا ہے اور نہ جناتی بندش۔ بس قسمت ہی ساتھ نہیں دیتی۔ دونوں صورتوں میں آیت نمبر 3 کے ساتھ یا ملائیں (یعنی یا مالک یوم الدین)۔ نہ کوئی خاص تعداد مقرر ہے اور نہ کوئی خاص وقت۔ البتہ بہترین وقت تہجد کا وقت ہے یا بعد از نمازِ فجر۔ اول آخر درود ابراہیمی۔ قارئین عربی گرائمر کے مطابق یا مالک یوم الدین، یعنی زبر کے ساتھ پڑھنا چاہئیں لیکن عملیات میں گرائمر کا لحاظ رکھنا ضروری نہیں۔ (بشرطیکہ معنیٰ میں کوئی فرق نہ آتا ہو) بلکہ استاد کے بتائے ہوئے طریقے کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اس لئے ہم (یا مالک) یعنی زیر کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ کیونکہ استاذ صاحب سے ایسا ہی ملا ہے۔

نمبر ۲۔ ایاک نعبد

جو شخص معمولی عبادت کرتا ہو اور اس کے بعد بڑی بُرائی کرتا ہو تو اس وظیفے کو ہر نماز کے بعد چند بار پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کی نماز، اس کو برائیوں سے منع کرنے میں مدد دے گی۔

نمبر ۳۔ ایاک نستعین

اگر کسی شخص کا کوئی مخالف ہو اور مخالفت سے باز نہ آتا ہو تو تصور کے ساتھ بعد از نماز مغرب ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے۔ مخالف چند دنوں بعد معافی مانگنے پر مجبور ہو جائے گا۔ لیکن اس کے ساتھ واؤ نہیں پڑھنا چاہئے، صرف (ایاک نستعین) پڑھے۔

نمبر ۴۔ ایاک نعبد وایاک نستعین

بعض اوقات جادو یا جنات کی وجہ سے بندش اولاد ہوتی ہے۔ جب بندہ جادو جنات کا علاج کر لے گا تو بندش ختم ہوتی ہے لیکن اس کا مادہ تولید (sperm) کم ہوتا ہے۔ طبی علاج کے باوجود بھی مادہ تولید میں اضافہ نہیں ہوتا۔ تو جس بندہ کا مادہ تولید (sperm) جادوائی یا جناتی اثر سے کم ہو یا طبی طور پر کم ہو، وہ اس پوری آیت کو وظیفہ بنالیں۔ نوّے (۹۰) دن بعد ٹیسٹ کر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مایوس نہیں ہوگا۔ یہ وظیفہ میں نے چند مریضوں پر آزمایا ہے۔ الحمد للہ سو فیصد مجرب پایا ہے۔ ان تمام وظائف کی اجازت کیلئے دارالعمل چشتیہ سے رجوع کریں۔

قرآنی وظائف سید مزمل حسین شاہ صاحب

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ علوم ربانیہ)

فاقہ سے حفاظت ...... عزیز نگاہ ہونا

اگر کوئی شخص باوضوا کتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ہر مشکل حل ہو...... ہر مقصد میں کامیابی ہو

جو شخص سورۂ الانعام کو باوضوا کتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

دشمن پر غلبہ

دشمن پر غلبہ پانے اور غلبہ حاصل کرنے کے لیے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرتِ تلاوت آدمی کو فتح و ظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔ ہر مشکل کے لیے اس کی تلاوت، اس مشکل کو آسان بنا دیتی ہے۔

ہر مشکل دور ہو...... دشمن مغلوب ہو

ہر مشکل گھڑی میں سورۂ ہود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

ہر قسم کی حاجت پوری ہو...... عہدے پر بحالی

ہر قسم کی حاجت یا برآوری اور ضرورت کے لیے سورۂ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔

مال دار اور غنی ہو جائے

اگر کوئی غریب و نادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکمِ خدا غنی اور مال دار ہوگا۔

دشمنوں سے نجات

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۃ النحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دشمن فرماں بردار ہوں گے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل و خوار ہوں گے۔

دشمنوں میں تفرقہ اور جدائی ڈالنا

اگر کسی کے دشمن ایک جگہ جتھا بنا کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین (۳) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہوں گے۔

تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہو تو ہر روز باوضو تین (۳) بار سورۂ انبیاء پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع دشمن کیلئے

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہو تو سورۃ صٓ کو باوضو سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے

اگر کوئی مشکل پیش آ گئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آ گئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہے تو باوضو نماز فجر کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۃ حم سجدۃ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی، حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

قرآنی وظائف سید محمد قادری

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ اسماء الحسنیٰ)

عمل تسخیرِ خلائق

عام لوگوں کو مسخر کر کے اور انہیں اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات گیارہ بار بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب پڑھیں۔ یہ عمل اکثر علمائے فن کا معمول رہا ہے اور ان کی محبت لوگوں کے دلوں میں مستحکم ہوتی رہی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یُحِبُّوۡنَہُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ وَالۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَالۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۔ اَوَمَنۡ کَانَ مَیۡتًا فَاَحۡیَیۡنٰہُ وَجَعَلۡنَا لَہٗ نُوۡرًا یَّمۡشِیۡ بِہٖ فِی النَّاسِ کَمَنۡ مَّثَلُہٗ فِی الظُّلُمٰتِ لَیۡسَ بِخَارِجٍ مِّنۡہَا ؕ کَذٰلِکَ زُیِّنَ لِلۡکٰفِرِیۡنَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ۔ فَلَمَّا رَاَیۡنَہٗۤ اَکۡبَرۡنَہٗ وَقَطَّعۡنَ اَیۡدِیَہُنَّ ۫ وَقُلۡنَ حَاشَ لِلّٰہِ مَا ہٰذَا بَشَرًا ؕ اِنۡ ہٰذَاۤ اِلَّا مَلَکٌ کَرِیۡمٌ ۔ وَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ شَرِیۡکٌ فِی الۡمُلۡکِ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرۡہُ تَکۡبِیۡرًا ۔ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّذِیۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰی فَبَرَّاَہُ اللّٰہُ مِمَّا قَالُوۡا ؕ وَکَانَ عِنۡدَ اللّٰہِ وَجِیۡہًا ۔

امراء اور رؤسا کو پوری طرح مسخر کرنا

جو شخص اپنی حاجتیں امراء اور رؤسا سے پوری کروانا چاہے اور ان کو پوری طرح مسخر کرنا چاہے تو باوضو سورۂ یٰسین پینتیس (۳۵) مرتبہ پڑھ کر امراء کے پاس جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اس کی عزت کریں گے اور اس کی تمام حاجتیں بھی پوری کریں گے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ وہ شرعی طور پر جائز ہو۔

عمل بغض و عداوت

بعد نمازِ عشاء، ترکِ حیوانات کے ساتھ، بغیر درود شریف، تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ سورۂ قریش کو پڑھیں۔ مجرب ہے۔

فراخی رزق اور ترقی درجات کے لیے

فراخی رزق کے لئے، ترقی درجات کے لئے ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس آیت شریف کو روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَمَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ اِنَّہٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾

(الذّٰریٰت: ۲۲-۲۳)

اس عمل کا اگر ہمیشہ ورد رکھا جائے تو عزت و وقار میں اضافہ ہوتا ہے اور غیب سے سامانِ رزق مہیا ہوتے رہتے ہیں۔

فراخی رزق...... ادائیگی قرض

بعد نمازِ فجر سو (۱۰۰) بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ، اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا رزق زیادہ ہوگا اور قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

ادائیگی قرض کے لیے

جو شخص ہر نماز کے بعد:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ایک مرتبہ۔ قُلِ اللّٰہُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲۶﴾ تُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّہَارِ وَتُوۡلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیۡلِ ۫ وَتُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَتُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ ۫ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ (آل عمران: ۲۶-۲۷)

یہ آیت شریف پانچ (۵) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ان شاء اللہ بہت جلد قرض سے سبکدوش ہو جائے گا۔

قرآنی وظائف

سید مصور علی شاہ زنجانی (ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت)

شادی ہونا جب مسئلہ بن جائے

رشتے آتے ہیں، دیکھتے ہیں، پسند کرتے ہیں اور پھر واپس پلٹ کر نہیں آتے۔ ایسا تو اب اکثر گھرانوں میں ہو رہا ہے مگر شادی طے کرنے کے بعد بھی اکثر لوگ بھاگ رہے ہیں۔ دراصل خوب سے خوب تر کی تلاش نے لوگوں کو پاگل بنا رکھا ہے۔ وہ لڑکیاں جن کی شادی کسی مسئلے سے کم نہیں یا وہ لڑکے جن کی من پسند شادیوں میں خواہ مخواہ کے روڑے اٹک رہے ہیں۔ وہ سب اس روحانی علاج سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

آپ سب عشاء کی نماز کی ادائیگی کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ (الاعراف: ۱۸۹)

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور اپنے لئے دعا کریں کہ بہتر سے بہتر جگہ پر آپ کی شادی ہو۔ چلتے پھرتے وضو، بے وضو ہر وقت ''یَا وَهَّابُ'' کا ورد کریں۔ آپ دو رکعت نماز حاجت برائے شادی بھی کسی وقت ادا کر سکتے ہیں۔ یہ عمل کم از کم تین ماہ تک کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی مراد بر آئے گی۔

لڑکے، لڑکیوں کی شادی کیلئے مجرب اعمال

*......عشاء کی نماز کے بعد دو نفل حاجت کے پڑھیں۔ اس کے بعد اکتالیس (۴۱) بار سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ) پڑھ کر اپنی شادی کے لئے دعا کریں۔

*......اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو، یا رشتہ آتا ہو، وہ پسند نہ آتا ہو تو وہ ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ اس دعا کو اور تین (۳) مرتبہ سورۃ الضحیٰ (پارہ 30 میں ہے) پڑھیں۔ اور ہر مہینے گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں اور تین مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔ دعا یہ ہے:

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص: ۲۴)

*......اگر کسی کے بیٹے یا بیٹی کا عقد کسی وجہ سے نہ ہوتا ہو تو وہ اپنی اس مراد کو پورا کرنے کے لئے اکیس (۲۱) دن تک روزانہ مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ پڑھے۔

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾ (الفرقان: ۵۴)

*......عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نمازِ حاجت پڑھنے کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ رحمٰن کی تلاوت کی جائے۔ عمل کی مدت چالیس (۴۰) دن ہے۔ ناغے کے دن نکال کر بعد میں پورے کریں۔

خانگی سکون اور طمانیت کے لئے

روزانہ شکرانے کے نفل ادا کریں۔ آیات حرز صبح و شام پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ روزانہ صدقہ دیں (حسبِ استطاعت)۔ گھر میں بلندی پر پرندوں کے لئے باجرہ اور پانی رکھنا اپنا معمول بنالیں۔ کسی یتیم کی باقاعدگی سے مدد کریں۔ گھر میں سلام کو پھیلائیں۔ گھر میں اگر دس مرتبہ بھی داخل ہوں تو بلند آواز میں بسم اللہ پڑھ کر سلام کر کے اور ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر یا پڑھتے ہوئے داخل ہوں۔ ان شاء اللہ تمام پریشانیاں دور ہوں گی اور گھر کی فضا میں ہمیشہ خوشی رچی رہے گی۔

پریشانی سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص پریشانی میں مبتلا ہو، کسی بھی طرح کوئی صورت نکلتی نظر نہ آتی ہو تو درج ذیل آیت کا ورد اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ تین سو (۳۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) روز تک کریں۔ ان شاء اللہ جلد ہی پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾ (المزمل: ۹)

مجرب قرآنی وظائف

تحریر: شہزادہ منظور علی سومرو (ٹنڈومحمدخان)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا خاص نمبر اپریل 2017ء قرآنی وظائف نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پیارے قارئین کی خدمت میں چند مجرب قرآنی وظائف واعمال حاضر ہیں۔

برائے دولت

سورۂ ہمزہ: جو کوئی مالی لحاظ سے ترقی چاہتا ہو تو اس سورۃ پاک کو روزانہ فجر کی نماز میں سنت وفرض کے درمیان چالیس (۴۰) دفعہ پڑھے، چالیس (۴۰) دن تک تو مالی ترقی ہوگی۔ دست غیب سے مدد ملی گی۔

برائے زیارت حج

سورۂ حج: جو کوئی زیارت حج کی خواہش رکھتا ہو وہ روزانہ اس سورۃ پاک کو چالیس (۴۰) دن تک پڑھے، خواہش پوری ہوگی۔

برائے خلاصی

سورۂ اخلاص: جو کوئی قید میں بند ہو، مقروض ہو، وہ اس سورت پاک کو اکیس (۲۱) دفعہ، اکیس (۲۱) دن تک پڑھے تو قید وقرض سے خلاصی پائے۔

برائے ترقی دولت

سورۂ مزمل: جو کوئی ملازمت کاروبار میں ترقی چاہتا ہو، دولت میں ترقی چاہتا ہو، وہ اس سورت پاک کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھے۔

برائے فتح

سورۂ فتح: اس سورت پاک کو روزانہ ایک دفعہ پڑھنے سے دنیا کے ہر کام ومقصد میں فتح ونصرت پائے گا۔

برائے شادی

سورۂ طٰہٰ: جس کی شادی میں رکاوٹ ہو، بندش ہو تو اس سورت پاک کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھنے سے نصیب کھل جائے گا۔

برائے دفع جادو جنات

سورۂ کہف: ہر مشکل کے حل کرنے، بہادری، دلیری رعب ودبدبہ قائم کرنے، جادو، جنات، نظر بد سے حفاظت کے لیے ایک دفعہ روزانہ پڑھیں۔

برائے گمشدہ

سورۂ طارق: بھاگے ہوئے یا گمشدہ شخص کے لیے روزانہ سات (۷) دفعہ پڑھنے سے وہ غائب حاضر ہو یا اطلاع خیر ملے گی۔

برائے عزت وقدر

سورۂ قدر: اس سورت پاک کو روزانہ اکیس (۲۱) دفعہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت وقدر ہو۔

برائے ظالم

سورۂ کوثر: اس سورت پاک کو چالیس (۴۰) دفعہ دشمن کے نام کے ساتھ پڑھیں تو وہ تباہ وبرباد ہو اور ہر طرح سے دشمن نقصان پائے۔

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱)......عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ "فراخی رزق" کا مجرب عمل ❽ درود ابراھیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲)......ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیتِ شفاء ❷ "حصار" کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ "منزل" (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ "تسخیر" کا خاص عمل ❾ درودِ خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیتِ کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ "منزل" (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسمِ ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل ⓫ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴)......خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ عمل محبت "یا لطیف یا ودود" ❽ عمل زبان بندی

(۵)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیتِ کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۂ مزمل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❼ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0320-4661681 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/9GxhYy

صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

ساری رات فرشتہ حفاظت کرے

سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھی جائے۔ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لیے ایک حفاظت کنندہ رہے گا اور صبح تک شیطان پاس نہ پھٹکے گا۔

دین و دنیا کی تمام فکر دور

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''جو شخص صبح وشام سات بار یہ وظیفہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے دین ودنیا کے تمام فکر دُور کر دیتا ہے''۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (توبہ: ۱۲۹)

''مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے''۔

غفلت میں چھوٹ جانے والے کاموں کا بھی ثواب

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص صبح کو یہ آیتیں پڑھے۔ اُسے اُس دن کے اُن کاموں کا ثواب دیا جائے گا جو اس کی غفلت سے رہ جائیں اور جو شام کو پڑھے اُسے رات کا پورا ثواب ملے گا''۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ (الروم: ۱۷-۱۹)

''پس اللہ ہی پاک اور لائق تعریف ہے۔ جس وقت تمہاری شام اور صبح ہو اور وہی لائق حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور تیسرے پہر اور ظہر کے بعد وقت بھی اُسی کی تعریف ہے۔ نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور نکالتا ہے مُردہ کو زندہ سے اور تازگی بخشتا ہے زمین کو اس کے خشک ہو جانے پر (لوگو) اور اسی طرح آخرت میں تمہیں قبروں سے نکالا جائے گا''۔

ستر ہزار فرشتے مغفرت کی دعا کریں

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص صبح کے وقت مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیے جاتے ہیں۔ وہ شام تک اُس کے لیے دُعائیں کرتے ہیں۔ اگر اس دن مر جائے تو شہادت کا ثواب حاصل کرے گا اور جو شخص شام کو پڑھے اُسے بھی یہی مرتبہ حاصل ہوگا''۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر: ۲۲-۲۴)

''میں اللہ سننے اور جاننے والے کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ جاننے والا چھپی اور ظاہر چیزوں کو۔ وہ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ بادشاہ، پاک، بے عیب، امن دینے والا، نگہبان، غالب، دبدبے والا، بڑائی والا۔ پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جن کو لوگ شریک مقرر کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے بنانے والا، پیدا کرنے والا، صورت بنانے والا۔ اس کے نام ہیں بہت اچھے۔ تسبیح بیان کرتی ہے اس کی ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی غالب دانا ہے''۔

کراماتِ حضر ”قرآنی وظائف“

محمد اسداللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین خزینۂ روحانیات کی خدمت میں قرآنی وظائف کا مضمون لے کرحاضرِ خدمت ہوں۔ جو بھی یقین کے ساتھ قرآنی اعمال کرتا ہے، اسے ضرور فیض ملتا ہے۔ ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاک کلام سے ہی فیض حاصل کرے، جس سے دنیا میں بھی فائدہ ہوتا ہے اور آخرت میں بھی اس کے لئے فائدہ ہوگا۔

مال، دولت ورزق کی فراوانی کا خاص قرآنی عمل

اگر کوئی مالی مسائل کا شکار ہو اور رزق میں تنگی کا سامنا کرتے کرتے تنگ آگیا ہو تو اس خاص قرآنی عمل سے فیض حاصل کریں۔ ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر کے بعد مندرجہ ذیل آیت مبارکہ روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھے۔ اسی طرح روزانہ لگا تار اکیس (۲۱) روز کرے۔ پہلے روز بھی نیاز تقسیم کریں اور آخری روز بھی نیاز تقسیم کرنی ہے۔ اور اسی آیت کا نقش بنوا کر پاس رکھیں اور اکیس (۲۱) روز کے بعد تعدادِ وِرد روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار کرلیں۔ اگر اس پر قائم ہو گئے تو ان شاء اللہ مجھے روز یاد کریں گے۔ لاجواب و خاص عمل ہے۔ آیت کا کرشمہ دیکھیں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

(المائدہ: ۱۱۴)

محبت وتسخیر کا خاص عمل

اگر میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ہر وقت رہتا ہو یا کسی میں جائز محبت پیدا کرنی ہو تو اس خاص قرآنی عمل سے فیض حاصل کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد مندرجہ ذیل قرآنی عمل روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھیں۔ مطلوب کا تصور رکھنا ہے اور آخر میں دعا مانگ لیں اور پھر سو جائیں، کسی سے بات نہ کریں۔ اور اس قرآنی عمل کا نقش بنا کر پاس رکھیں اور نیچے مقصد لکھ دیں۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز میں مسئلہ حل ہونے کے اثرات پیدا ہو جائیں گے۔ پہلے اور آخری روز نیاز تقسیم کریں۔ پھر بعد میں تینتیس (۳۳) بار پڑھ لیا کریں۔ قرآنی عمل یہ ہے:

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾

(طٰہٰ: ۳۹)

ہر مقصد کیلئے سورۃ اخلاص کا خاص عمل

اگر آپ کسی مسئلہ میں گرفتار ہیں اور اس میں نجات کا کوئی راستہ نظر نہیں آرہا ہے تو اس طرح کریں کہ تہجد کے وقت سورۂ اخلاص گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر سجدے میں دعا کریں۔ آنکھیں بند کرکے پڑھنی ہے اور مٹھائی پاس رکھنی ہے جو صبح کے وقت تقسیم کردیں۔ اسی طرح لگا تار گیارہ (۱۱) روز کریں۔ ان شاء اللہ کوئی نہ کوئی راستہ نکل آئے گا۔ سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

عالم فقری صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

چشم خلائق میں منظورِ نظر ہونا

جو شخص تہجد کی نماز کے وقت تہجد پڑھنے کے بعد سورت محمد ﷺ کو چند بار پڑھنے کا معمول بنالے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے ایسی عزت بخشے گا کہ دنیا داروں کو وہ عزت حاصل نہ ہوگی اور وہ شخص چشم خلائق میں منظورِ نظر ہو جائے گا۔

برے خواب کی بجائے اچھے خواب

اگر کسی شخص کو برے خواب نظر آتے ہوں تو سورت محمد ﷺ کو سونے سے پہلے ایک مرتبہ چند روز تک پڑھنے سے اچھے خواب آنے لگ جائیں گے۔

مشکل کام آسان ہو جائے

اگر کسی کو کوئی ایسا کام درپیش ہو جو بظاہر ہوتا ہوا نظر نہ آئے تو اسے چاہئے کہ ہر جمعہ کو چند افراد کو اکٹھا کرے جو سورت محمد کو مل کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اس کے کام کو آسان فرما دے گا۔

غیب سے حج پر جانے کا بندوبست ہو جائے

اگر کوئی شخص حج کرنے کا خواہش مند ہو لیکن حج پر جانے کا کوئی ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ چالیس (۴۰) دن تک سورۂ فتح کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے حج پر جانے کے لئے اس کا بندوبست پیدا کر دے گا۔

کشادگی رزق کے لیے

سورۂ فتح کو روزانہ تین (۳) مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھنا کشادگی رزق کا ذریعہ بنے گا۔

پورا سال امن و امان میں رہنا

رمضان المبارک کے چاند کو دیکھ کر سورۂ فتح کو تین مرتبہ پڑھنا پورا سال امن و امان میں رہنے کی دلیل ہے۔

ہر کام میں فتح اور کامیابی حاصل ہو

اگر کوئی شخص سورۂ فتح کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اُسے ہر کام میں فتح اور کامیابی حاصل ہوگی۔ لہٰذا جہاں کہیں انسانوں کے حقوق کی حق تلفی ہوتی ہوئی نظر آتی ہو تو اللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے والے کے حقوق پامال نہ ہونے دے گا اور اسے دشمنوں پر غالب رکھے گا اور دشمن کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ مقدمے کے روز تاریخ پر جانے سے پہلے سورت فتح کو ایک بار پڑھے تو جج انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے مقدمہ اُس شخص کے حق میں کرے گا، جو حق پر ہوگا۔ اور اگر اس کی حلق تلفی ہو رہی ہوگی تو مقدمہ میں اس سورت کی تلاوت کی بدولت کامیابی و کامرانی ہوگی۔

مشکلات کے حل کے لیے

اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ شبِ جمعہ میں سورت فتح کو قبلہ رُخ ہو کر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور اپنی مشکل کے حل کے لئے دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اُس کی مشکل کے حل ہونے کے اسباب پیدا کر دے گا۔ اور اس عمل کو سات شبِ جمعہ تک جاری رکھیں۔

سفر میں کامیابی اور آسانی

اگر کوئی شخص سفر پر جائے اور دورانِ سفر سورۂ فتح کو پڑھتا جائے تو اسے سفر کے مقصد میں کامیابی ہوگی اور اس کا سفر ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا اور وہ خیر و عافیت کے ساتھ واپس آئے گا۔

علامہ محمد جاوید صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

عادت بد چھڑانے کا عمل

جو کوئی عادتِ بد میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی طرح اس عادتِ بد سے چھٹکارا نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ، سورۂ مزمل تین مرتبہ اور آیات ذیل تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کریں۔ اس کے لئے دن میں صبح یا شام کا کوئی وقت مقرر کرلیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے عمل مسلسل سے عادتِ بد سے نجات کلیۃً مل جائے گی۔

درود پاک: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

آیت مبارکہ:

ھُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَصَدُّوْکُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْھَدْیَ مَعْکُوْفًا اَنْ یَّبْلُغَ مَحِلَّہٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْھُمْ اَنْ تَطَئُوْھُمْ فَتُصِیْبَکُمْ مِّنْھُمْ مَّعَرَّۃٌۢ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۚ لِیُدْخِلَ اللّٰہُ فِیْ رَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَیَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۲۵﴾

(الفتح: ۲۵)

جھوٹے الزام سے بریت

اگر کسی شخص کو چوری یا کسی جھوٹے مقدمے میں ملزم ٹھہرا دیا گیا ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اصل مجرم پکڑا جائے اور اس الزام سے مکمل طور پر بری ہو جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ آدھی رات کو باوضو حالت میں کھلے آسمان تلے ننگے سر کھڑے ہو کر انگشتِ شہادت آسمان کی جانب اٹھائے اور اول و آخر درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور سو (۱۰۰) مرتبہ آیتِ مبارکہ ذیل پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے سات یوم کے عمل مسلسل سے اس الزام سے بری ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ:

ذٰلِکَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ اَخُنْہُ بِالْغَیْبِ وَاَنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾ (یوسف: ۵۲)

نیک اور صالح بننے کے لیے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ تمام برائیوں سے پاک ہو جائے اور نیک اور صالح بن جائے اور اس کی دنیا و آخرت دونوں سنور جائیں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از ہر نماز اول و آخر درود ابراہیمی سات سات مرتبہ اور آیتِ مبارکہ ذیل اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے ہاں دعا مانگا کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس (۴۱) یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی نصیب ہوگی اور تازندگی نیک اور صالح بن جائیں گے۔

آیتِ مبارکہ:

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ (یوسف: ۱۰۱)

نجات غم والحزن

انتہائی غم والحزن کے دفیعہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از ہر نماز، ذیل کی آیتِ مبارکہ اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور حضوری قلب سے دعا مانگیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین یا سات دن کے عمل مسلسل سے غم والحزن سے باری تعالیٰ نجاتِ کلیہ عطا فرما دیں گے۔ آیتِ مبارکہ:

قَالَ اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ﴿۸۶﴾ (یوسف: ۸۶)

قاری گلزار احمد مدنی کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

استغفار کی برکات

کثرتِ رزق، ہر غم دور کرنے اور ہر حاجت کے لیے۔

وظیفہ: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾

(المومنون: ۱۱۸)

کثرت کے ساتھ پڑھو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور ہر غم اور مصیبت دور ہوجائے گی۔

عمل مختصر ثواب بے شمار

1۔ تین مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا ثواب دو مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (رواہ عبداللہ بن عباس تفسیر مظہری ص 15 ج 2)

2۔ چار مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن ص 11 ج 1)

3۔ چار مرتبہ سورۃ القدر پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (مسند احمد حاشیہ ص 282 ج 1)

4۔ دو مرتبہ سورۃ زلزال پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص 17 ج 2)

5۔ دو مرتبہ سورۃ العادیات پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن ص 13 ج 1)

6۔ ایک مرتبہ سورۃ التکاثر پڑھنے کا ثواب ہزار آیات پڑھنے کے برابر ہے۔ (بیہقی بحوالہ مشکوٰۃ ص 190)

7۔ سورۃ الکافرون پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔

(ترمذی شریف ص 117 ج 2)

8۔ چار مرتبہ سورۃ النصر پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص 117 ج 2)

9۔ تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (بخاری شریف ص 750 ج 2، مسلم شریف ص 271 ج 1)

جب جان و عزت کا خطرہ ہو تو

جب دشمن کا خوف ہو یا جان یا عزت کا خطرہ ہو تو یہ آیات ایک ایک مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہر خطرہ دور ہوجائے گا۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ (البقرہ: ۱۳۷)

وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾ (البروج: ۲۰)

حب رسول ﷺ کے لیے خاص ورد

وظیفہ: جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت پیدا ہو تو صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ الکوثر، درود شریف، سورۃ الضحیٰ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا اور پڑھنے والے کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

دجال کے فتنہ سے بچنے کا ورد

وظیفہ: دجال کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے سورۃ کہف کی ابتدائی دس آیات پڑھا کرو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہو گے۔

قلب و بدن و ایمان کی حفاظت کے لیے

فضیلت: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ مبارک تھا کہ رات کو سورۃ اخلاص اور سورۃ الفلق اور والناس تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیتے۔

وظیفہ: سورۃ اخلاص سے قلب کی حفاظت رہے گی۔
سورۃ الفلق سے بدن کی حفاظت رہے گی۔
سورۃ الناس سے ایمان کی حفاظت رہے گی۔

(ماخوذ از: ۱۳۳ بیماریوں کا روحانی اور قرآنی علاج)

سلطان محمود آشفتہؒ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

شوہر کا دوسری عورتوں سے تعلقات قائم کرنا

صبح یا عصر یا عشا کی نماز کے بعد شوہر کا تصور کر کے یہ عمل اکیس (۲۱) روز پڑھیں۔

ا)......درود شریف گیارہ (۱۱) بار نماز والا

ب)......الحمد شریف، بسم اللہ کی آخری میم، الحمد کے لام سے ملا کر پڑھیں۔ ایسے بسم اللہ الرحمن الرحیمِ الحمد للہ رب العالمین۔ جب اھدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو اس کو گیارہ (۱۱) بار پڑھیں۔

ج)......پھر دعا مانگیں کہ بار الٰہ میرے شوہر کو صراط مستقیم دکھا۔ خوب جی بھر کر شوہر کے بارے میں دعا کریں۔ جب دعا کر چکیں تو ولا الضآلین آمین تک پوری سورت پڑھیں۔ گویا سورۂ فاتحہ ایک بار ہی پوری پڑھنی ہے۔ البتہ اھدنا الصراط المستقیم ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھنی ہے۔

بندشِ شادی کا علاج

عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل پڑھیں۔

۱)......درود شریف نماز والا ایک تسبیح

۲)......سورۂ کوثر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار۔ مگر آخری آیت اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۳ تین بار پڑھیں۔

جب ایک تسبیح درود شریف پڑھیں تو اپنا تصور کریں اور جب سورۂ کوثر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں تو بندش کروانے والے کا چہرہ نظروں کے سامنے رکھیں۔ جتنا تصور کامل بندھے گا، اتنی جلدی کامیابی ہوگی۔ بعد میں درود شریف نہیں پڑھنا۔

ہر وقت شہوت میں مبتلا رہنا

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۶

(الم نشرح:۵-۶)

سورۂ الم نشرح کی آیات ہیں۔ ان آیات کی گیارہ تسبیح پورے دن میں پڑھنی ہیں۔ کب، کیسے اور کس وقت؟ کوئی سوال نہیں۔ نمازوں پر بانٹ لیں یا ویسے پڑھیں۔ پڑھنے والے کا مقصد ضرور بالضرور حاصل ہوگا۔ اتنے دنوں تک پڑھتے رہیں جتنے دنوں تک آپ کے مسائل حل نہیں ہو جاتے۔

جلد شادی کیلئے

اچھے رشتے کے لیے سات جمعہ تک ظہر کی نماز پڑھ کر ایک بار سورہ کہف پڑھیں۔ پھر دعا کریں کہ ”بار الٰہ! مجھے ایسا بر عطا کریں جس کے ساتھ میری زندگی مثالی گزرے اور خوشحال مستقبل کے ساتھ ساتھ دین و دنیا کی سعادتیں بھی حاصل ہوں“۔

کاروبار میں نقصان

بعد نماز عشاء پڑھیں۔

درود شریف نماز والا......اکیس (۲۱) بار

سورہ فاتحہ (الحمد شریف)......اکیس (۲۱) بار

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۱۳۷

(البقرۃ:۱۳۷)......تین سو تیرہ (۳۱۳) بار

سورۃ فاتحہ......اکیس (۲۱) بار

درود شریف نماز والا......اکیس (۲۱) بار

قرض کسی طرح نہ اتر رہا ہو

سورۂ آلِ عمران ہر روز پڑھنے کا معمول بنا لیں۔ جب تک قرض ادا نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

منتخب آیات اور سورتیں

یونس مسعود صاحب (لاہور)

دیگر شعبوں کی طرح عملیات کی دنیا بھی کافی وسیع ہے۔ جہاں آسان عملیات ہیں وہاں پیچیدہ بھی۔ بعض اوقات آسان عمل کے نتائج بھی حیران کن ظاہر ہوتے ہیں۔ اصل میں کسی بھی عمل کے اثر انداز ہونے میں جو عوامل کارفرما ہوتے ہیں، ان میں عمل کرنے والے کی نیت اور ذاتی روحانی صلاحیت کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے۔ اگر کوئی سفلی یا سحری عمل (جو اسلام میں حرام اور کفر ہیں) کر رہا ہو تو اس میں وہ جتنا گنہگار اور غلیظ ہوگا، اس قدر اس کا عمل زیادہ طاقتور ہو گا۔ اس کے برعکس نورانی عملیات میں جتنا انسان پرہیزگار، متقی، صالح اور عبادت گزار ہوگا، اتنا ہی اس کا عمل مضبوط اور پائیدار ہوگا۔ بعض احباب وظائف یا عمل تو کرتے ہیں مگر ساتھ ساتھ گناہ بھی کثرت سے کرتے ہیں اور فرائض سے بھی غفلت برتتے ہیں۔ اس لئے ان کے عمل کے مطلوبہ نتائج ظاہر نہیں ہوتے۔ جس سے وہ بعد میں عمل کے بارے میں شکوک وشبہات کا شکار ہو جاتے ہیں۔

نورانی عملیات بے شمار ہیں جن سے کتب بھری پڑی ہیں۔ کچھ اعمال قرآن مجید کی آیات پر مشتمل ہوتے ہیں، کچھ میں اسماء الحسنٰی سے مدد لی جاتی ہے، کچھ احادیث سے اخذ کردہ دعاؤں پر مشتمل ہوتے ہیں اور بعض اعمال ایسے ہوتے ہیں جو کسی بزرگ ہستی کے ذاتی تخلیق کردہ ہوتے ہیں۔ ان سب اعمال کی اپنی اپنی اہمیت ہے مگر قرآنی اعمال کو جو مقام حاصل ہے، اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ قرآن مجید میں جہاں ہر طبقے کے لئے ہدایت اور رہنمائی موجود ہے، وہاں ہر بیماری اور ہر مسئلے کا حل بھی موجود ہے۔ قرآنی اعمال کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے برکت اور سلامتی کے علاوہ بہت زیادہ ثواب بھی ملتا ہے کیونکہ قرآن کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ اس لئے کچھ لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ ایسا عمل کریں جو قرآن مجید کی آیات پر مشتمل ہو۔ ایسے لوگوں کی خواہش کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آج ایک ایسا آسان عمل پیش کر رہا ہوں جو میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ پہلے عمل کے فوائد جانتے ہیں اور پھر اور پھر اس کا طریقۂ کار اور ضروری ہدایات۔

عمل کے فوائد

1۔ نظرِ بد اس عمل سے ختم ہوجاتی ہے۔
2۔ کاموں میں رکاوٹ جو نظرِ بد یا جادو اور جنات کی وجہ سے ہو، اس عمل سے ختم ہوجاتی ہے۔
3۔ جادو، جنات یا نظرِ بد کی وجہ سے رزق میں بندش کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔
4۔ شیطانی وسوسوں اور برے خیالات سے نجات حاصل ہوتی ہے۔
5۔ گھریلو ناچاقی سے نجات حاصل ہوتی ہے۔
6۔ برائیوں سے رغبت ختم ہوجاتی ہے۔
7۔ نظرِ بد، جادو یا جنات کی وجہ سے ہونے والے امراض دور ہوجاتے ہیں۔
8۔ چڑچڑے پن، غصے اور حسد کے جذبات ختم ہوجاتے ہیں۔
9۔ گھر میں پڑھنے سے خیر و برکت حاصل ہوتی ہے۔
10۔ کاموں میں آسانی اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔
11۔ اس وظیفے کے پڑھنے والے پر جادو اور جنات جلدی اثر انداز نہیں ہوتے۔

طریقہ کار

1۔ جہاں گیارہ مرتبہ لکھا گیا ہے، وہاں گیارہ مرتبہ پڑھیں اور جہاں نہیں لکھا، اسے ایک مرتبہ پڑھیں۔
2۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف (درود ابراہیمی زیادہ بہتر ہے) پڑھیں۔
3۔ وظیفے کے دوران کوئی بات نہ کریں۔
4۔ عمومی خیر و برکت کے لئے صبح کے وقت اس وظیفے کو ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہے مگر کسی مسئلے کے لئے صبح وشام (دو وقت) پڑھیں۔
5۔ جسمانی امراض یا نظرِ بد وغیرہ کے لئے پانی پر پڑھ کر دم کریں۔ دم کرنے کا زیادہ بہتر طریقہ یہ ہے کہ مکمل وظیفہ ایک دفعہ دم نہ کریں بلکہ جہاں "**" کا نشان لگا ہوا ہے، وہ پڑھ کر دم کرلیں اور پھر اگلے نشان والا پڑھیں اور پھر دم کریں۔ اسی طرح آخر تک آگے چلتے جائیں۔
6۔ گھر میں اثرات محسوس ہوں تو دم شدہ پانی گھر میں بھی چھڑکا جاسکتا ہے۔

7۔ اس وظیفے کو ضرورت کے مطابق سات دن، گیارہ دن، اکیس دن یا پھر چالیس دن تک جاری رکھیں۔

ضروری ہدایات

1۔ عمومی خیر و برکت یا نظرِ بد کے لئے اس وظیفے کو ہر کوئی پڑھ سکتا ہے لیکن اگر جادو، جنات یا بندش کا معاملہ ہو تو حضرت خالد مقبول صاحب یا کسی اچھے بزرگ اور عامل سے اجازت ضرور حاصل کریں، ورنہ نقصان ہوسکتا ہے۔

2۔ اگر جادو، جنات یا بندش بہت معمولی ہو تو وہ اس سے ختم ہوسکتی ہے لیکن اگر پڑھنے والے کی روحانی قوت کمزور ہو یا پھر اثرات شدید ہوں تو پھر کسی اچھے بزرگ یا عامل سے رجوع کریں۔

3۔ اس وظیفے میں مشہورِ زمانہ "منزل" کی تمام آیات شامل ہیں مگر اس کے علاوہ مزید آیات بھی اس میں شامل کی گئی ہیں۔

4۔ عام طور پر ہر سورۃ کے آغاز میں تسمیہ یعنی بسم اللہ پڑھنا ضروری ہوتا ہے لیکن اس وظیفے کے لئے صرف آغاز میں تسمیہ پڑھنا ہے اور آگے تعوذ پڑھنا ہے۔

عمل

٭٭......سورۃ الفاتحہ گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۞ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۞ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۞ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۞ (الفاتحہ:۱-۷)

٭٭......اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الٓمّٓ ۞ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۞ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۞ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞ (البقرۃ:۱-۵)

٭٭......اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۞ (البقرۃ:۱۰۲)

٭٭......اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۞ (البقرۃ:۱۶۳)

٭٭......آیت الکرسی گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. اَللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۞ (البقرۃ:۲۵۵)

٭٭......اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۞ اَللهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞ (البقرۃ:۲۵۶-۲۵۷)

٭٭......اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ (البقرۃ:۲۸۴)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ (البقرۃ:۲۸۵-۲۸۶)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ (ال عمران:۱۸)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۟ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ (ال عمران:۱۹)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الاعراف:۵۴-۵۶)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ (الاعراف:۱۱۵-۱۲۲)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ (یونس:۸۱-۸۲)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ (بنی اسرآئیل:۱۱۰-۱۱۱)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿۶۶﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿۶۷﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ (طٰہٰ:۶۶-۷۰)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المومنون:۱۱۵-۱۱۸)

٭٭...... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِالْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

مَّارِدٍ ﴿٧﴾ لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ ﴿٨﴾ دُحُورًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ﴿٩﴾ إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ﴿١١﴾ (الصّٰفّٰت:۱-۱۱)

** ...... أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ ﴿٢٩﴾ قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٣٠﴾ يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣١﴾ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءُ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٣٢﴾ (الاحقاف:۲۹-۳۲)

** ...... أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا ۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ﴿٣٣﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ﴿٣٥﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٦﴾ فَإِذَا انشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ عَن ذَنبِهِ إِنسٌ وَلَا جَانٌّ ﴿٣٩﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٠﴾ (الرحمٰن:۳۳-۴۰)

** ...... أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ﴿٢٢﴾ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ۖ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٤﴾ (الحشر:۲۱-۲۴)

** ...... أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ﴿١﴾ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ﴿٢﴾ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ﴿٣﴾ وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا ﴿٤﴾ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ﴿٥﴾ وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا ﴿٦﴾ وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ﴿٧﴾ وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ﴿٨﴾ وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ﴿٩﴾ (الجن:۱-۹)

** ...... سورۃ الکافرون گیارہ (۱۱) مرتبہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ﴿١﴾ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ﴿٢﴾ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ﴿٣﴾ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ ﴿٤﴾ وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ﴿٥﴾ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ﴿٦﴾ (الکافرون:۱-۶)

** ...... سورۃ الاخلاص گیارہ (۱۱) مرتبہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ﴿١﴾ اللَّهُ الصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ﴿٤﴾ (الاخلاص:۱-۴)

** ...... سورۃ الفلق گیارہ (۱۱) مرتبہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ (الفلق:۱-۵)

** ...... سورۃ الناس گیارہ (۱۱) مرتبہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ إِلَٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿٦﴾ (الناس:۱-۶)

چند اہم قرآنی وظائف

از: محمد حسیب قادری۔ محمد واصف چشتی

دنیا و آخرت کی رسوائی سے حفاظت

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ دنیا و آخرت کی رسوائی سے ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون رہے تو ذیل کا عمل اس مقصد کے لئے بے حد شافی اور اکسیر ہے۔ روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ذیل کی آیت کا تین مرتبہ ورد رکھنے سے بفضلہ باری تعالیٰ دنیا و آخرت کی رسوائی سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے ایمان و جسم کی حفاظت کا انتظام فرمادیں گے۔

آیات مبارکہ:

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ وَیَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَاۤ اِنَّکَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَیۡتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیۡ لِلۡاِیۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّکُمۡ فَاٰمَنَّا ٭ۖ رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَکَفِّرۡ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخۡزِنَا یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ؕ اِنَّکَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ ﴿۱۹۴﴾

(ال عمران: ۱۹۰-۱۹۴)

حفاظت ایمان

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس دنیا کی رنگ و بو میں اس کا ایمان سلامت رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ بعد از ہر فرض نماز، ذیل کے کلمات و آیات مبارکہ کو باقاعدگی سے پڑھنا اپنا معمول بنالے۔

دورد پاک اول آخر گیارہ مرتبہ اللّٰھم صلی علی محمد ن النبی الامی والہ وبارك وسلم اور آیت مبارکہ حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ﴿۱۷۳﴾ (ال عمران: ۱۷۳) دوسو (۲۰۰) مرتبہ۔ اُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿۴۴﴾ (المومن: ۴۴) دوسو (۲۰۰) مرتبہ۔

چھپی ہوئی بات کا اظہار

اگر کسی شخص یا عورت نے اپنے میں کوئی ایسی بات چھپائی ہو، جس کے اظہار سے دوسروں کا فائدہ ہوتا ہو اور وہ بتلانے میں ہچکچاہٹ سے کام لیتا رلیتی ہو تو ایسے میں اس بات کے واضح اظہار کے لئے ذیل کا عمل کرنا فائدہ منداور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ کو روزانہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس (۴۰) یوم کے عملِ مسلسل سے بفضلہ اس بات کا بخوبی علم ہوجائے گا۔ آیت مبارکہ

اَوَلَا یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّ اللّٰهَ یَعۡلَمُ مَا یُسِرُّوۡنَ وَمَا یُعۡلِنُوۡنَ ﴿۷۷﴾

(البقرۃ: ۷۷)

گناہوں سے پاکی کے لئے

جو کوئی گناہوں میں مبتلا ہو اور شیطانیت کا اس پر غلبہ ہوجائے اور وہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ان سے نجات کلیہ عطا فرمادے اور اس کے دل کی اصلاح کردے تو ایسے شخص کو روزانہ بعد از تلاوت سورۃ بقرہ، اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنی چاہیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس (۲۱) یوم کے عملِ مسلسل سے اس سورہ بقرہ کی بدولت اس کے ذہن اور قلب کو شیطانیت سے پاک کر کے اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی طرف رغبت فرمادیں گے۔

حفاظت ایمان کے لئے

ایمان کی دولت اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے۔ اس کی حفاظت

ہر مسلمان کا فرض ہونا چاہیے۔ اس کے لیے بنیادی امر اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی پر پوری توجہ اور فکر مندی کے ساتھ عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ بہر حال ذیل کا عمل اس مقصد کے لیے بے حد نافع اور فائدہ مند ہے۔

سورۃ بقرہ کی ذیل کی آیات روزانہ رات کو سونے سے قبل سات مرتبہ اور اول و آخر درود ابراہیمی سات، سات مرتبہ پڑھنے کو اپنا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلہ ایمان کی حفاظت رہے گی۔

آیت مبارکہ:

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِیْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝ (البقرۃ: ۲۸۵-۲۸۶)

قرآن پاک جلد حفظ کرنا

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے قرآن پاک جلد حفظ ہو جائے تو ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے ذیل کی آیت مبارکہ کو سوتے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ بفضلہ بہت جلد قرآن پاک حفظ ہو جائے گا اور حافظہ تاعمر درست رہے گا۔ آیت مبارکہ:

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ (البقرۃ: ۱۶۴)

ڈاکٹر سید افضال حسن کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کیلئے

اس عمل کو نو چندی جمعرات کو شروع کریں اور روزانہ بعد نمازِ عشاء پڑھا کریں۔

